<u>جناب سپیکر</u>: دا دوئ صحیح وائی۔

<u>ملک قاسم خان خٹک</u>: او بل جی دے ته اوګورئ کنه، یو طرف ته تهٔ مونږه متفقه سپیکر منتخب کړے یئے، وزیر اعلیٰ صاحب مو متفقه وزیر اعلیٰ منتخب کړو او چه کله خبره شی نو وائی چه اپوزیشن او د اقتدار یوه خبره ده۔ بیا تهٔ دے ته اوګوره چه وزیراعلیٰ صاحب کوم ډائریکټیوز جاری کړی دی چه اقتدار ته دوه کروړه روپئ او اپوزیشن ته پچاس لاکھ روپئ، دا کوم ظلم دے؟ آیا تهٔ انصاف کوے؟ خپلو اراکینو سره ستا انصاف نشته، بیا مونږ سره څه خبرے کوے؟ آیا دا اے ډی پی چه کوم ده، د مفتی کفایت اللّٰه حلقه، د شاه حسین حلقه، د نصیر محمد حلقه او زمونږ د کرک خلقو څه ګناه کړے ده چه دا حلقے محرومه کیږی او دا خو ټول یو خلق دی، د یوے حلقے نه منتخب خلق دی چه په دے حلقو کښے دومره تفریق دے نو دا خلق به بد دعا نه کوی او دا بد دعا به په چا لګی؟ دا به په مونږه لګی، په اقتدار باندے به لګی؟ دا خو په دے باندے تباه دی، دا خو هغه بد دعا ده چه زمونږه په حلقو کښے، زمونږه حلقو سره ظلم او ناروا لګیا ده۔ جناب والا! زهٔ خو ځکه وایم، ګوره حالات داسے دی چه تور ته په سپن باندے، سپن ته په تور

باندے هیڅ فوقیت نشته، دلته مونږ پخپله زمانه کښے لګیا یو او دومره فرق کوؤ چه اپوزیشن ته دا روپئ او تا ته دا روپئ، دا د دے قوم سره ظلم نه دے جی؟

جناب سپیکر: دا صحیح وائی جی، بس دے جی۔

ملک قاسم خان خٹک: نه جی، تاسو ته مونږه دا وایو چه بشیر بلور صاحب ناست دے او زمونږه کومے خبرے دوئ واوریدے، خپل ګپ شپ، مونږه دا خبره کوؤ، د سیلاب خبره کوؤ۔ جناب والا! زهٔ خو خپله په آخره کښے وایم چه دا کوم ظلم واپډا شروع کړے دے نو زهٔ د خپل قوم د خاطره ځکه چه ما ته د خپلے ضلع نه میسج راغلے دے، زهٔ د دے اسمبلئ نه واک آؤټ کوم د واپډا خلاف چه دا ظلم دے او ظلم دے۔ واپډا ټیوب ویل تر اوسه پورے چه په دے روژه کښے چه کوم دے مونږ ته نه راکوی، انصاف ورکښے نشته۔ شکریه، ډیره مهربانی۔ د واپډا خلاف زهٔ واک آؤټ کوم۔ واپڈا کے خلاف میں واک آؤٹ کرتا ہوں، واپڈا کے خلاف میں واک آؤٹ کرتا ہوں۔ نکلو بھائی۔

(اس مرحلہ پر معزز رکن ایوان سے اٹھ کر باہر چلے گئے)

(شور)

جناب سپیکر: جی عبدالاکبر خان!۔۔۔۔

(شور / قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: میاں نثار گل صاحب!

میاں نثار گل کاکاخیل: شکریہ جی۔ جناب سپیکر، میرے خیال میں عبدالاکبر خان صاحب اور باقی سب نے باتیں کیں اور میں بھی سیلاب کے متعلق اظہار خیال کروں گا کہ تباہ کاریاں تو پورے صوبے میں ہوئی ہیں لیکن ملک قاسم نے جس بات پہ واک آؤٹ کیا ہے تو جناب سپیکر، صبح میری سیٹ پہ میں نے ان کے ساتھ اس پہ بات کی تھی اور صبح ہی میں نے پیسکو چیف کو فون بھی کیا۔ ہمارے ضلع میں بجلی والوں کی طرف سے لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ بنا ہوا ہے۔ سر، بجلی کو چھوڑیں، لوڈ شیڈنگ کو تو چھوڑیں، وولٹیج اتنا کم ہے کہ تیس چالیس تک وولٹیج ہوتا ہے اور اس کے باوجود ہم نے لوگوں کو منع کیا کہ خدا کیلئے آپ لوگوں کیلئے ہم یہ کر رہے ہیں، وہ کر رہے ہیں لیکن ابھی بھی پرسوں جلوس نکلا تھا۔ جناب سپیکر، کرک میں ستر کلو میٹر ایک انڈس ہائی وے جاری ہے، اگر خدانخواستہ لوگ نکل آئے تو اس کی وجہ سے ایک انڈس ہائی وے بھی بلاک

ہو جائے گی۔ صبح میں نے تین دفعہ پیسکو چیف کو فون کیا لیکن سر،اس نے فون بھی اٹینڈ نہیں کیااور کہتے ہیں کہ وہ میٹنگ میں ہیں۔ واپڈا کی وجہ سے ملک قاسم صاحب کے ساتھ میں خود بھی واک آؤٹ کرتا ہوں کہ اگر کرک میں بجلی ٹھیک نہ ہوئی تو ہم اس ایوان میں نہیں آئیں گے،اسلئے کہ ہماری مائیں، بہنیں تین چار کلو میٹر سے پانی لاتی ہیں۔ ہمیں بجلی پڑھنے کیلئے نہیں چاہیئے، ہمیں بجلی ٹیوب ویلوں کیلئے چاہیئے کیونکہ ضلع کرک پانی میں بہت ہی پسماندہ ضلع ہے، ٹیوب ویل ہمارے بند پڑے ہیں اور رمضان شریف میں ہماری عورتیں پانچ پانچ چھ چھ کلو میٹر سے پانی لاتی ہیں اور جب تک یہ وولٹیج ٹھیک نہیں ہو گا تو ہم اس ایوان سے واپڈا اور پیسکو چیف کے متعلق احتجاجاً واک آؤٹ کرتے ہیں۔

(اس مرحلہ پر معزز رکن بھی ایوان سے باہر چلے گئے)

(شور / قطع کلامیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: نه، ملک قاسم خان کړے دے ، میاں صاحب خو به خا مخا کوی، کښینه۔

(قہقہے)

<u>جناب سپیکر</u>: دا اسمبلئ سیریس اجلاس دے-----۔

<u>سید محمد صابر شاہ</u>: جناب سپیکر-----۔

<u>جناب سپیکر</u>: پیر صاحب! تاسو بیا څه وایئ ؟

<u>سید محمد صابر شاہ</u>: جناب سپیکر-----۔

<u>جناب سپیکر</u>: په څه باندے خبره کوئ ؟

<u>سید محمد صابر شاہ</u>: جناب سپیکر-----۔

<u>جناب سپیکر</u>: پیر صاحب، دا خبره لږ سیریس کړئ۔

<u>سید محمد صابر شاہ</u>: جناب، دا ډیر سیریس هاؤس دے او دلته چه څوک خبره کوی نو سیریس خبره کوی۔ زهٔ دا وایم چه زمونږ یو معزز رکن واک آؤټ اوکړو، د دے اسمبلئ روایات دی چه کله څوک واک آؤټ اوکړی نو د حکومت د بنچونو نه صرف د هغه د راضی کولو او د واپس راوستولو د پاره خلق لاړ شی او را ئے ولی لیکن زهٔ ډیر افسوس سره دا خبره کوم چه ملک صاحب واک آؤټ اوکړو

لیکن څوک د هغوی د واپس راوستولو د پاره دغه نه شول، د دے سره زمونږ روایاتو ته نقصان رسی او که حکومت ته څه مسئله وی نو زهٔ به ورسره لاړ شم۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> ایوب خان اشاړی صاحب! د ځان سره یو ملګرے دوه نور هم کړه او دا راوستل ستا کار دے۔ میاں صاحب د راولئ۔

<u>سید محمد صابر شاہ:</u> زهٔ به دا فرض پوره کړمه جی لیکن ستاسو د روایاتو پامالی ده، دا نه دی کول پکار۔

<u>جناب سپیکر:</u> ایوب خان اشاړی صاحب او پیر صاحب، تاسو ورسره لاړ شئ، پیر صاحب او تاسو۔ ایوب خان! تاسو ورسره لاړ شئ۔ جی عبدالاکبر خان، جی ثاقب خان۔

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی:</u> جناب سپیکر صاحب، د دے واپډا چه کومه مسئله ده، دا خالی د کرک نه ده جی۔ مونږ په پیښور کښے اوسیږو، داسے د شا ته نه زمونږ نور Colleagues چغے وهی۔ د وولټیج خو دومره مسئله ده چه واپډا اوس دا کار شروع کړے دے چه هغوی سیاست شروع کړے دے۔ کله چه یو فیډر بند کړی جی نو هغوی خلقوته وائی چه تاسو خپل ایم پی اے او ایم این اے ته اووایئ چه فیډر درته، مونږ ته که هغوی اووائی نو وولټیج داسے دے چه چمکنی ښار سره نزدے دے، پهندو، ارمړ دے، پیښور ښار ځایونو کښے دلته جی پکی پر ے نه چلیږی، د اوبو مشینونه خو پریږدئ جی۔ دا خو داسے نه ده چه ملک صاحب د خپل زړهٔ براس اوښکلو او واک آؤټ ئے اوکړو جی خو زمونږه بدقسمتی داسے ده چه هر دریمه میاشت باندے مونږه واپډا پسے خبرے اوکړو او څه ترے جوړیږی نه۔ که لوډ شیډنګ کوی نو او د کړی خو د هغے څه طریقه کار پکار دے۔ وزیر اعظم صاحب ورته وائی، صدر صاحب ورته وائی چه تاسو به د پیشمنی او د افطاری په ټائم باندے لوډ شیډنګ نه کوئ نو دا خو داسے ښکاری چه دوئ د وزیر اعظم صاحب او د صدر صاحب خبره هم نه منی۔ که صرف واک آؤټ پرے کوؤ نو چه دا ټوله اسمبلی اوکړی جی او یو دغه اوکړی چه دا ټهیک وی نو ټهیک دے کړی، که نه مونږ ته د مسئلے نه جوړوی، سر۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان! پلیز۔

(اس مرحلہ پر معززاراکین ایوان میں واپس آ گئے)

جناب عبدالاکبر خان: تھینک یو۔ جناب سپیکر، سیلاب پر تقریر سے پہلے میں دو باتوں کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں، ایک تو یہ کہ کل جب اجلاس ختم ہو رہا تھا تو اس وقت یہاں پر تقریر ہوئی اور اب بھی تقریر ہوئی جناب سپیکر، لیکن ہم اکثر اپنی تقریروں میں حقیقت کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔ جناب سپیکر، جہاں تک سیلاب کے کمیشن کا تعلق ہے تو یہ سچ ہے کہ میاں صاحب اور وزیراعظم صاحب نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ ہم سیلاب کیلئے کمیشن بنائیں گے لیکن یہ بات آن ریکارڈ ہے کہ میاں افتخار حسین صاحب نے اس دن آپ کی میٹنگ میں کہا کہ وزیراعظم صاحب نے کہا ہے کہ پراونسز Agree نہیں کرتے۔ اب اگر چار پراونسز Agree نہیں کرتے تو وزیراعظم صاحب اگر کمیشن بنا بھی لیں تو وہ پھر کیسے چلے گا؟ جب صوبے نہیں مانتے تو پھر کیسے چلے گا؟ جناب، دوسری بات یہ کہ جہاں تک کراچی کے لیڈر الطاف حسین کی بات ہے تو جناب سپیکر، میں یہ نہیں کہتا کہ اس نے صحیح کیا لیکن اس نے خود کہا ہے کہ میں نے مارشل لاء کو دعوت نہیں دی ہے لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو لوگ ان کے ساتھ ادھر صوبے اور مرکزی حکومت میں بیٹھے ہوئے ہیں، اسمبلی میں بیٹھے ہوئے ہیں، کیا وہ پراپر فورم نہیں ہے کہ وہاں اپنی ہی اسمبلی اور صوبے میں یہ مسئلہ اٹھا کے اس پر بحث کی جائے؟ مرکز میں ان کیساتھ کیا قومی اسمبلی اور سینٹ پراپر فورم نہیں ہے کہ وہ وہاں اس چیز کو ڈسکس کر لیں؟ اب اس اسمبلی میں جہاں پر ان کا کوئی نمائندہ نہیں ہے، جہاں پر ان کو Defend کرنے والا کوئی نہیں ہے، یہاں پر تو ڈسکشن ہوئی تھی اور جو پراپر فورم ہے تو وہاں پر ڈسکشن نہیں ہوتی، شکریہ، جناب سپیکر۔ میرے خیال میں سیلاب پر تو دو دن سے بحث جاری ہے، میں مشکور ہوں آپ کا جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، جو قدرتی آفات ہیں تو یہ انسان کے بس میں نہیں ہوتا کہ کیسے ان کو روکا جا سکے۔ جو قدرتی آفات ہیں، یہ انسان جتنا بھی کوشش کرے تو ان کو ختم نہیں کر سکتا یا ان کو روک نہیں سکتا۔ ہاں البتہ یہ ضرور ہے کہ جو نقصانات ہوتے ہیں جناب سپیکر، تو اس کو پراپر پلاننگ کے ذریعے اور پراپر طریقے سے Minimize کیا جا سکتا ہے۔ اگر اچھی پلاننگ کی جائے تو جو نقصانات ہوتے ہیں، اس میں کمی آ سکتی ہے۔ جناب سپیکر، اب جو سیلاب آیا ہے، یہ Mainly ہم سب کہتے ہیں کہ Cloudburst سے آیا ہے، اب جناب سپیکر، آپ خود سوچیں کہ Right from کوہستان، پھر شانگلہ ڈسٹرکٹ، سوات ڈسٹرکٹ، دیر ڈسٹرکٹ، چترال بھی اور ساتھ میرے خیال میں چونکہ ورسک آیا تھا، دریائے کابل میں

پانی زیادہ آیا تھا تو ہو سکتا ہے کہ کابل میں بھی Cloudburst ہوا ہو اور دنیا کی تاریخ میں، دنیا کی کسی ملک میں اتنے Cloudbursts کبھی بھی نہیں ہوئے۔ جناب سپیکر، میں اس پر کافی سٹڈی کر چکا ہوں، اتنے Cloudbursts کسی جگہ پر کبھی بھی نہیں ہوئے، اب ہوتے ہیں۔ اب یہ ممبئی میں 2005 میں جو ہوا، وہ تو لوکل ہوا ہے، ایک جگہ پر ہوا ہے، پانچ سو لوگ مارے گئے۔ ابھی Recently چھ اگست 2010ء کو لداخ میں نیئر کے مقام پر Cloudburst ہوا، اس میں ایک سو تیرہ لوگوں کی Death ہو گئی اور پانچ سو لوگ ابھی تک مسنگ ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ وہ بھی تقریباً مر چکے ہونگے۔ جناب سپیکر، اس کا علاج حکومت کے پاس کیا ہے؟ جناب سپیکر، اب گلوبل وارمنگ کا علاج حکومت کے پاس کیا ہے؟ جناب سپیکر، Cloudburst کو تو یہاں پر Normally جو Methodology ہے، اس میں تو یہ لیا جاتا ہے کہ یہ Cloudburst سے ہوتے ہیں اور اس میں سے پانی نیچے آتا ہے لیکن حقیقت میں جناب سپیکر، یہ ایک Air current ہوتا ہے جو Cloud میں نیچے سے اوپر جاتا ہے اور جب یہ اوپر جاتا ہے تو وہ اوپر Rain کو سٹاپ کر دیتا ہے بالکل ایک چادر بنا لیتا ہے اور جیسے ہی وہ کرنٹ کمزور ہو کر یا ختم ہو جاتا ہے تو پانی Shower کی طرح زمین پر آتا ہے، Shower کی طرح زمین، یعنی Rain میں تو وہ ہوتے ہیں، ڈراپس ہوتے ہیں، Rain تو ڈراپ ہوتا ہے، کچھ بڑے کچھ چھوٹے لیکن Cloudburst میں وہ Shower کی طرح آتے ہیں۔ جناب سپیکر، میں گواہ ہوں اور میرے حلقے بھی دو سال پہلے آئے تھے، وہ بالکل زمین اور پہاڑ کو اس طرح کاٹتے ہیں کہ انسان سمجھتا ہے کہ یہاں پر کوئی بلاسٹنگ ہو چکی ہے، اتنی زور سے چونکہ Shower سے آتا ہے، وہ پانی، وہ اتنی تیزی سے آتا ہے، وہ اتنی طاقت سے آتا ہے کہ وہ پہاڑ میں بھی سوراخ کر لیتا ہے اور جب وہ پہاڑ میں سوراخ کر سکتا ہے، پہاڑ کو پھاڑ سکتا ہے تو وہ گلیشئر کو کیسے نہیں پھاڑے گا؟ جب وہ گلیشئر کو پھاڑتا ہے، جب Hilly area میں آتے ہیں تو وہ گلیشئر کو پھاڑتے ہیں اور جن گلیشئرز کو پھاڑتے ہیں پھر تو وہ پانی بھی ساتھ آ جاتا ہے۔ جناب سپیکر، اس کا دنیا میں کہیں علاج پیدا نہیں ہوا کہ Cloudburst کیساتھ کیا علاج کریں؟ ہاں، اگر ٹائم پر وارننگ دی جاتی، اب اگر کالام یا دیر سے جو پانی چارسدہ اور نوشہرہ پہنچتا ہے تو جناب سپیکر، کم از کم، کم از کم اڑتالیس گھنٹے اس پر لگتے ہیں، وہ پانی وہاں سے اڑتالیس گھنٹے سے کم عرصے میں نہیں پہنچتا۔ میں حیران ہوں کہ میڈیا والے تو کالام کی تباہی دکھا رہے تھے لیکن میڈیا والے لوگوں کو یہ نہیں کہہ رہے تھے کہ آپ محفوظ مقامات پر منتقل ہو جائیں؟ میں نے یہ بھی سنا ہے کہ حکومت نے لاوڈ سپیکر کے ذریعے مسجدوں میں کچھ اعلانات کروائے ہیں لیکن ایک تو ہمارے

لوگ ہر بات پر اڑ جاتے ہیں کہ ہم گھر نہیں چھوڑتے، اگر ٹائم پر ان لوگوں کو وارننگ دی جاتی اور اڑتالیس گھنٹوں میں کم از کم وہ شفٹ ہو جاتے تو جانوں کے Losses کم ہوتے لیکن جناب سپیکر، زمین اور فصل کے جو Losses ہیں یا گھروں کے Losses کو تو کوئی کنٹرول نہیں کر سکتا اور وہ تو ہوتے ہیں، اگر یہ لوگ بچ بھی جاتے لیکن Losses تو ہونے تھے اور جناب سپیکر، اب وہ تو ختم ہو چکا لیکن جس طرح یہاں پر بات کی گئی جناب سپیکر، نیشنل فنانس کمیشن انڈیا کے کانسٹی ٹیوشن میں بھی ہے، نیشنل فنانس کمیشن جس طرح ہمارا ہے تو ادھر بھی ہے، وہ ہر نیشنل فنانس کمیشن میں چار سے لیکر پانچ پر سنٹ تک نیشنل ڈیزاسٹر کیلئے فیڈرل لیول پر الگ رکھتے ہیں ہر سال ہر ایوارڈ میں اور جس صوبے میں بھی اس طرح کا کوئی واقعہ ہو جاتا ہے یا ملک میں ہوتا ہے تو پھر اسی فنڈ میں سے جو چار پر سنٹ انہوں نے الگ کیا ہوتا ہے، خرچ کرتے ہیں۔ ہمارے ملک میں جب ڈویزیبل پول کی تقسیم ہوتی ہے این ایف سی میں، اس میں کہیں پر بھی نیشنل ڈیزاسٹر کیلئے الگ ایلوکیشن نہیں رکھی جاتی اور پھر یہ پرابلم ہوتا ہے کہ پیسے کی بات آجاتی ہے، تو میں تو یہ تجویز کرونگا کہ اگر صوبہ بھی دو تین پر سنٹ فنڈ اپنے بجٹ میں سے اور فیڈرل گورنمنٹ این ایف سی میں سے رکھ لیں تو کم از کم جب ایسی ایمرجنسی آجاتی ہے تو پھر حکومت کو فنڈز کیلئے مشکل نہیں ہوگی اور یہ بھی نہیں کہ وہ فنڈ اگر ایک سال میں استعمال نہ ہو سکے تو اس کو کسی اور چیز پر استعمال کر لیں۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، وہ صرف اسی کیلئے رکھی جائے کہ جب بھی، خدا نہ کرے کہ کوئی اس طرح کا واقعہ ہو جائے، اگر دو چار سال میں، پانچ سال میں تو کم از کم پیسے ان کے پاس پڑے ہوں گے۔ جناب سپیکر، میرا یقین ہے کہ اتنا ڈیزاسٹر جب آتا ہے اور یک دم جب آتا ہے جناب سپیکر، واقعی جو بھی حکومت ہو گی تو اس کیلئے آسانی نہیں ہو گی اور پھر ہمارے صوبے کی حکومت کیلئے تو بالکل آسانی نہیں تھی کیونکہ شروع ہم سے ہوئی۔ ٹھیک ہے پنجاب کو تو پتہ لگ گیا، جب یہاں پر سیلاب آیا تو پنجاب اور سندھ کو تو اندازہ ہو گیا کہ یہ پانی اب ان پر آئیگا تو انہوں نے پہلے سے اس کیلئے بندوبست شروع کر دیا لیکن ہم پہ تو یک دم پانی آیا اور پہاڑوں کے قریب جو لوگ تھے، ان کو تو شروع میں خراب کر دیا۔ جناب سپیکر، ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے منسٹر صاحب نہیں ہیں لیکن ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ نے وہاں پر کیمپس لگائے ہیں، لوگوں کو دوائیاں دی ہیں اور کیئر کیا ہے ورنہ آنکھوں اور گیسٹرو کی بیماریاں ہیں، اس سے حالات بہت تیزی سے بڑھتے ہیں لیکن ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ نے، باقی ڈیپارٹمنٹس نے بھی، ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ اور جو بھی ڈیپارٹمنٹ ہے سر،

انہوں نے اپنی کوشش کی ہے کہ اس میں وہ کر لیں۔ جس طرح میں نے کہا کہ اس چیز کو روکنا کسی کے بس کی بات نہیں ہے کہ اسے کیسے روکا جا سکے لیکن جناب سپیکر، اب پرابلم ہوگا۔ جناب سپیکر، چلو ریسکیو کا عمل تو ہو گیا، کم ہو گیا یا زیادہ ہو گیا، Rehabilitation بھی، Sorry ریلیف بھی ہو گیا، کم ہو گیا یا زیادہ ہو گیا، این جی اوز نے دیا، کس نے دیا، کس نے نہیں دیا لیکن ابھی Rehabilitation اور ری کنسٹرکشن کا جو مرحلہ آ رہا ہے اور ہمارے ساتھیوں میں کسی نے کہا کہ دو سو پل بہہ گئے ہیں، کسی ضلع میں سو سکول بہہ گئے ہیں تو جناب سپیکر، اب تو یہ اپنے صوبے کے بجٹ سے بالکل ناممکن ہے کہ ہم یہ کہہ دیں کہ یہ اسی سے Meet کر سکیں گے۔ جناب سپیکر، یہ تو وہ Losses ہیں، یہ تو وہ Losses ہیں کہ گورنمنٹ کا جو انفراسٹرکچر بن چکا ہے، وہ خراب ہو گیا تو یہ تو وہ Losses ہیں لیکن جو لوگوں کے Individual losses ہیں، اب جناب سپیکر، یہ سیلاب ایسے وقت میں آیا کہ ایک طرف زمینداروں اور کسانوں کی جو فصلیں تھیں، وہ تقریباً تیار تھیں، آلو کی فصل تیار تھی، اسی طرح گنے کی فصل تقریباً تیار تھی، اسی طرح Vegetables اور باغات تیار تھے، جناب سپیکر، ایک ایک باغ کے لگانے کے بعد اس کے Mature ہونے میں کم از کم دس سال لگتے ہیں، اگر وہ واش آؤٹ ہو گئے ہیں اور ابھی وہ کسان، زمیندار اپنے باغات کو دوبارہ کاشت کرتے ہیں تو اس کو دس سال لگیں گے اور وہ اس کے Maturity تک، یعنی میں یہ Minimum کہہ رہا ہوں کہ دس سال لگیں گے Maturity تک پہنچنے میں، اب وہ ان کے پاس ایک سورس آف انکم تھا اور وہ ہر سال، اس طرح جب گنے کی فصل خراب ہو گئی تو اس فصل پر تو زمیندار نے پیسے لگائے ہیں اور اس کو تو فرٹیلائزر اور سب کچھ دیا، وہ تو تیار فصل تھی اور وہ سوچ رہا تھا کہ اس فصل کو کاٹ کے آئندہ گندم کی جو فصل کاشت ہونی ہے تو اس کیلئے وہ فرٹیلائزر اور کھاد خریدے گا لیکن جناب سپیکر، اس کا تو سورس ہی ختم ہو گیا، وہ کدھر سے پیسے لائیگا؟ پتہ نہیں کہ اس نے قرض لے کے یہ جو تیار فصلیں ہیں، ان کو سنبھالا ہو گا اور وہ بھی واش آؤٹ ہو گئیں، میں تو سمجھتا ہوں کہ حکومت کو War footing بنیادوں پر سیڈز، جو کاشت کا سیزن آ رہا ہے، ایک مہینہ باقی ہے گندم کی کاشت میں اور ایک مہینے میں حکومت کو فرٹیلائزر کی اور خاصکر بیج کی انتہائی ضرورت ہو گی۔ ہمارے صوبے میں اگر کسی کاشتکار نے اپنے لئے رکھا تھا تو وہ بھی واش آؤٹ ہو گیا اور حکومت کے پاس بھی میرے خیال میں سیڈ کا بندوبست نہیں ہے۔ اگر یہ بوائی اور کاشت کا سیزن آ گیا اور حکومت کیساتھ سیڈ نہیں ہو گا تو بوائی کیسے کی جائیگی؟ جناب سپیکر، میں سمجھتا ہوں اور میرے خیال میں اسی طرح فرٹیلائزر کا، جناب سپیکر، جو Silt آیا ہے، جو Silt آیا ہے، خواہ

وہSand کی شکل میں ہے، خواہ وہ Clay کی شکل میں ہے، جوSilt زمینوں پر آیا ہے تو اب زمیندار کو وہ زمین صاف کرنے میں نے بھی بڑی مصیبت ہو گی تو جس طرح میرے ساتھی نے کہا اور میں بھی کہتا ہوں کہ جناب سپیکر، بیس ہزار روپے پر ایک آدمی گھر کیسے بنائیگا؟ بیس ہزار روپے کی آجکل حیثیت کیا ہے؟ اس مہنگائی میں بیس ہزار روپے آپ کسی فیملی کو دے کے ان سے یہ Expect کریں گے کہ وہ بیس ہزار پر گھر بھی بنائیگا اور بیس ہزار کھائے گا بھی تو میں سمجھتا ہوں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> اور بیس ہزار کا کوئی طریقہ بھی نکلا ہے کیا؟

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> نہیں، کوئی طریقہ نہیں ہے جی۔ وہ نادرا والے کہتے ہیں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ تو خالی ہوا میں سن رہے ہیں۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> ہاں سر، پرابلم یہ ہے کہ چیف منسٹر صاحب نے تو اعلان کر دیا کہ بیس ہزار روپے دیں گے، اب پرابلم یہ ہو گئی ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ نادرا کے ذریعے سمارٹ کارڈ بنائیں گے۔ ادھر پراونشل گورنمنٹ کہتی ہے کہ نہیں، ہم اپنا سروے کریں گے اور پھر اسی حساب سے پیسے دیں گے۔ اب مجھے جو کل انفارمیشن ملی ہے تو نادرا والوں کو۔۔۔۔۔

(شور)

<u>جناب سپیکر:</u> میرے خیال میں اس اجلاس کو برخاست کرتا ہوں۔ اگر آپ لوگ سیریس نہیں ہے تو میں ختم کرتا ہوں، ضرورت کیا ہے ادھر بیٹھنے کی؟

(تالیاں)

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> جناب سپیکر!۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں، حکومت نہیں، سب کی بات کر رہا ہوں۔

<u>جناب عبد الاکبر خان:</u> سر! عید میں چند دن باقی ہے اور ابھی تک سروے نہیں ہوا۔ ابھی تک Determination نہیں ہوئی کہ کون کون Affected ہیں اور کس کس کو امداد ملی گی تو عید تو ان پر اسی طرح گزر جائیگی۔ جناب سپیکر، ادھر نادرا والے کہتے ہیں کہ ہم سیٹلائٹ میپنگ سے کارڈ بنائیں گے، اب اگر وہ سیٹلائٹ میپنگ سے، کل مجھے یہ انفارمیشن ہے کہ انہوں نے فیصلہ ہے کہ اب ہم اور انتظار نہیں کر سکتے، ہم سیٹلائٹ میپنگ سے، تو پتہ نہیں کہ کسی کو، مثال کے طور پر ایک گاؤں کی سیٹلائٹ میپنگ

کر کے کہ یہاں پر سیلاب آیا ہوا ہے تو سارے گاؤں کے سمارٹ کارڈ بنا کے ان کو بیس بیس، تو یہ تو بہت اچھی بات نہیں ہے جناب سپیکر، کیونکہ یہ تو فیصلہ ہوا تھا کہ 50% فنڈ پراونشل گورنمنٹ اور 50% فیڈرل گورنمنٹ دیگی، اگر فیڈرل گورنمنٹ اپنے فنڈ کو اس طریقے سے خرچ کرتی ہے جس میں پراونشل گورنمنٹ کی کوئی Say نہ ہو اور پراونشل کو پتہ بھی نہ ہو تو یہ تو Overlapping ہو جائیگی کیونکہ پراونشل گورنمنٹ تو اپنا سروے کر رہی ہے اور نادرا والے سیٹلائٹ میپنگ کے ذریعے جن لوگوں کو سمارٹ کارڈ دیں گے تو ہو سکتا ہے کہ پراونشل گورنمنٹ کو بھی اپنا سروے کر کے ان کو پیسے دینے پڑیں اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ بہت سے لوگ رہ بھی جائیں تو جناب سپیکر، میں سمجھتا ہوں کہ ایک کوآرڈی نیشن ہونی چاہیئے، اس طرح نہ ہوں۔ جناب سپیکر، باہر سے جو امداد آ رہی ہے تو اس میں بھی صوبائی حکومت کو اپنا حصہ مانگنا چاہیئے کیونکہ ہمارے اے ڈی پی کو معطل کر کے آپ کیا حاصل کریں گے؟ ہماری جو سکیمیں ہیں، ان کو بند کر کے آپ کیا حاصل کریں گے؟ اس سے تو کام نہیں چلے گا، مطلب ہے کہ یہ تو میرے خیال میں تاریخ میں پہلی دفعہ ہو گی کہ ایک صوبے کا اے ڈی پی جو کہ صوبائی اسمبلی نے پاس کیا ہے، ایک ایسا بجٹ جو کہ صوبائی اسمبلی نے پاس کیا ہے، اس کو سسپنڈ کیا جاتا ہے۔ جناب سپیکر، ابھی ستمبر کا مہینہ شروع ہے، تقریباً اس کے تین مہینے تو گزر گئے اور اب جو نیا اے ڈی پی ہے تو اس پر Implementation زیرو ہے کیونکہ بند کر دیا گیا ہے۔ ویسے نارمل حالات میں ہمارا اے ڈی پی جو پچاس، ساٹھ ستر فیصد سے زیادہ Implement نہیں ہوتا تو جب یہ حالات ہونگے، تین مہینے تو آپ کے ایسے ہی گزر گئے، اب اگر آپ اکتوبر، نومبر میں یہ پابندی اٹھاتے ہیں اور اکتوبر نومبر کے بعد ڈیپارٹمنٹس سٹارٹ کرتے ہیں تو میرا نہیں خیال کہ بیس فیصد اے ڈی پی Next جون تک Implement ہو جائیگا۔ ٹھیک ہے جو پیسے آپ نے رکھنے ہیں، وہ بے شک آپ اس طرح Arrangement کر لیں کہ اگر پانچ دس ارب، وہ تو نکال لیں، باقی پیسے مطلب ہے وہ کر دیں تاکہ کم از کم، ٹھیک ہے پہلے تھرو فارورڈ کر لیں، تھرو فارورڈ زیادہ کر لیں Next Year کیلئے مگر سکیمیں تو شروع کریں، سکیموں کو تو بند نہ کریں، سکیموں کو تو Held up نہ کریں۔ مطلب ہے ان کے دفتری کام وغیرہ ہے، پی سی ون بنانا ہے، Estimate بنانا ہے تو وہ تو کر لیں، سکیمیں تو بنالیں۔ ٹھیک ہے اگر آپ کے پاس اس سال وہ سارے پیسے نہیں ہیں تو آپ 50% رکھ دیں، 50% نہیں ہیں تو 25% رکھ لیں لیکن سکیم تو کم از کم آپ کی سٹارٹ ہو جائیگی۔ اب اگر آپ نے بالکل فریز کر دیئے ہیں تو ڈیپارٹمنٹ تو بالکل اس طرح بیٹھے ہوئے ہیں، اسلئے جناب سپیکر، میری حکومت سے گزارش ہے کہ کم از

کم یہ اے ڈی پی، جو نیوا ے ڈی پی ہے، اس کو اس طرح Slash، ختم نہ کریں بلکہ اس پر عملدرآمد شروع کریں اور ہو سکتا ہے کہ درمیان میں آپ کو فیڈرل گورنمنٹ سے یا باہر سے پیسے مل جائیں اور آپ کا جو مقصد ہے، وہ پورا ہو جائے۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میں مشکور ہوں۔

جناب سپیکر: نماز کیلئے پندرہ منٹ کا وقفہ کیا جاتا ہے۔

(اس مرحلہ پر نماز کیلئے ایوان کی کارروائی پندرہ منٹ تک کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: ابھی۔۔۔۔۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: سر، ما پہ یو پوائنټ آف آرډر باندے ستاسو نہ یو رولنگ غوښتے وو جی، کہ هغه تا سو مهربانی اوکړئ او هغه رولنگ مو مونږ ته راکړو۔

جناب سپیکر: بالکل، ستاسو هغه رولنگ ما Reserve کړے دے۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ښه جی۔

جناب سپیکر: پہ هغے به زهٔ تاسو ته رولنگ درکوم جی۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: هغه Reserve دے ، هغه به درکوؤ جی۔ هغه بله ورځنے رولنگ کنه؟

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: او هغه به خا مخا درکوؤ جی۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: منور خان! تهٔ څه وایئے ؟

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: جاوید عباسی صاحب! بسم اللہ پڑھیں، آپ کی آواز اچھی ہے، یہ سب اکھٹے ہو جائیں گے، بسم اللہ۔

جناب محمد جاوید عباسی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! میں آپ کا بڑا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے اس وقت موقع دیا ہے جب لگتا ہے کہ حکومت کے وزراء صاحبان تشریف لے گئے ہیں اور ہمارے بھی بھائی چلے گئے ہیں، یہ بہت بہتر ہوتا کہ سب کی موجودگی میں ہماری بات بھی سنی جاتی۔ آج میں آپ کا اسلئے بڑا مشکور ہوں کہ اس دفعہ آپ نے جو زیادہ ٹائم دیا ہے، وہ اپنی رائٹ سائڈ پہ جو لوگ بیٹھے ہیں تو ان کو دیا ہے ورنہ لفٹ سائڈ والوں کو پہلے جیسا ٹائم ملتا تو ہم یہاں آج بات کرتے۔ جناب سپیکر، کہیں ہمارا مقصد اس وقت یہ نہیں ہے کہ ہم کوئی ایسی بات کریں جو صوبے اور پاکستان کے مفاد کے خلاف ہو۔ جناب سپیکر، میں اس بات سے واقف ہوں کہ پچھلے پانچ سالوں میں تین بڑی Tragedies ہمارے اس صوبے میں ہوئی ہیں اور تین بڑے حادثے ہوئے ہیں، ہمارے صوبے میں ایک زلزلے کا، دوسرا آئی ڈی پیز کا اور تیسرا آج جس موضوع پر ہم بات کر رہے ہیں۔ مجھے بہت افسوس ہے ان بھائیوں کیلئے جو آج اپنے گھروں سے باہر اوپن فضاء میں بیٹھے ہوئے ہیں اور مدد کے طلب گار ہیں لیکن اس سے پہلے جناب سپیکر، میں پاکستان کے عوام کا بالعموم اور بالخصوص صوبہ سرحد کے ان غیرتمند بھائیوں کا بے حد مشکور و ممنون ہوں کہ جب بھی کبھی مشکل وقت آیا تو انہوں نے اپنے دروازے بھی کھولے ہیں، اپنی جیبیں بھی کھولی ہیں اور جناب سپیکر، ایسی لازوال مثال قائم کی ہے کہ دنیا میں ایسی کوئی اور مثال نہیں ملتی اور آپ نے دیکھا کہ شاید ہی دنیا کا کوئی ملک ہو جہاں تیس لاکھ لوگ اپنے ملک میں مہاجر ہوئے ہوں اور لوگوں نے ان کو کس طرح بسایا اور پھر الحمد للہ واپس بھی چلے گئے۔ میں اس بات سے بھی واقف ہوں کہ جو حالیہ سیلاب آیا، یہ شاید کسی کے کنٹرول میں نہیں تھا اور کسی کے بس کی بات نہیں تھی اور یہ اتنی بڑی تباہی لے کے آیا ہے کہ شاید اس کیلئے بند باندھنا اس وقت ممکن نہیں تھا اور مجھے یقین ہے کہ حکومت نے بھی فوری طور پر ضرور اس وقت اپنی کوئی منصوبہ بندی کی ہو گی لیکن جناب سپیکر، آج ہم اسلئے یہاں بات کر رہے ہیں اور ہمارا بات کرنے کا مقصد بالکل یہ نہیں ہے کہ ہم ایک دوسرے کو Criticize کریں، ایک ایسا ماحول اختیار کیا جائے یا ایک ایسا ماحول صوبے میں پیدا کر دیا جائے جو بد اعتمادی میں بدل جائے لیکن جناب سپیکر، یہ بہت ضروری ہے کہ آج یہاں ہمیں سچ بات ضرور کہنی ہو گی۔ اس سے بڑی تباہی اور کیا ہو سکتی ہے کہ لاکھوں لوگ بے گھر ہو گئے ہیں، اس سے بڑی تباہی اور کیا ہو سکتی ہے کہ وہ لوگ کہ جن کی بیٹیوں نے سورج کو

بھی نہیں دیکھا تھا، وہ آج مختلف کیمپوں میں مقیم ہیں، جو دینے والے تھے، اس مہینے کے اندر جو خیرات کرنے والے تھے تو آج وہ خود کھانے کا انتظار کر رہے ہیں۔ ان کے اپنے گھروں میں ایک ایسا حادثہ ہوا کہ بالکل ٹھیک ٹھاک جس طرح آج یہاں ہم بیٹھے ہوئے ہیں، بیٹھے ہوئے تھے اور وہ اپنی بیٹیوں کا سامان اور اپنے جوتے بھی اٹھا نہیں سکے، اتنی تیزی سے تباہی آئی ہے۔ اب وقت آگیا ہے کہ ہم سب کو یہاں آج سچ کہنے کی جرات ہونی چاہیئے اور سچ سننے کی بھی جرات ہونی چاہیئے اور یہ صرف اسلئے ضروری ہے کہ ہم آئندہ آنے والے وقت میں منصوبہ بندی کر سکیں تاکہ ہمارا صوبہ آنے والے وقت میں دوبارہ اس طرح کی آفت، امتحان اور آگ سے نہ گزرے اور پھر یہی فورم ہے کہ جہاں بیٹھ کر پالیسز بننی چاہیئے اور پالیسز بن کر پوری طرح Implement بھی ہونی چاہیئے۔ جناب سپیکر، میں اپنے آپ کو آج روکوں گا اور میں ان ساری باتوں کی طرف نہیں جاؤنگا جو مجھ سے پہلے۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: میں انتظار کر لیتا ہوں اگر یہ۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: نہیں، آپ بات کر لیں، ضروری بات، میں انتظار کرتا ہوں۔

<u>میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات)</u>: نہیں جی، آپ بولیں ہم سن رہے ہیں۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: نہیں میں انتظار کرونگا، نہیں میں انتظار کرونگا۔ میں آپ کا بے حد مشکور ہوں اور میں کبھی نہیں چاہتا تھا کہ آپ کو ڈسٹرب کروں لیکن میں آپ کی توجہ ضرور مبذول کرانا چاہتا تھا، اسلئے میں نے اپنے آپ کو روکا، میں انتظار کر بھی لونگا، وقت اسلئے نہیں ضائع کرتا، میں کہتا ہوں کہ پھر میری تقریر میں دوبارہ یہ معاملہ آپ مہربانی کر کے نہ کریں۔ جناب سپیکر، میں پہلے ان تین چار دنوں پہ نہیں آؤنگا، میں سمجھتا ہوں کہ کوئی بھی ہوتا تو شاید، لیکن مجھے بہت افسوس ہے اور اس بات کا شدید احساس ہوا ہے کہ کچھ دن گزرنے کے بعد کوآرڈی نیشن بہتر ہو جانی چاہیئے تھی، یہ جمہوری حکومت ہے اور اب ان کو اپنے Elected لوگوں پر یقین کرنا چاہیئے۔ یہاں ہماری بد قسمتی یہ ہے کہ جب بھی جمہوری حکومتیں آتی ہیں تو وہ پوری طرح ڈی سی، کمشنر، اس نظام میں اتنے اپنے آپ کو لے جاتے ہیں کہ وہ ان کی ہر بات کو حقیقت سمجھنا شروع کر دیتے ہیں۔ مجھے آج کہنے کیلئے کچھ نہیں چاہیئے بشیر بلور صاحب، حکومتی ہمارے دوست جو اس علاقے سے تعلق رکھتے تھے، جو یہاں کے ایم پی اے صاحبان تھے جن کے ہاں قیامت گزری

ہے، انہوں نے جو باتیں کی ہیں تو میں پوری طرح ان سے اتفاق کرتا ہوں کہ کس ماحول میں انہوں نے اپنے آپ کو رکھا ہے، کس ماحول میں ابھی تک وہ پڑے ہوئے ہیں اور کبھی مدد مانگ رہے ہیں؟ ہونا یہ چاہیئے تھا کہ تین چار دن پہلے جو تھے، ٹھیک ہے اس کے بعد کوآرڈی نیشن بہت بہتر ہو جانی چاہیئے تھی، ایم پی اے صاحبان کو آپ لے لیتے، الحمد للہ وزراء صاحبان کی ایک فوج ہے اس اسمبلی اور حکومت کے اندر، ان کو ساتھ پیوند کیا جاتا اور ایک ایک، چار چار اضلاع میں وزراء صاحبان رہتے، ایک ٹیم بنتی، ایم پی ایز کو بھی شامل کیا جاتا اور پھر جو لوگ گھروں سے باہر آئے ہوئے تھے، جو مشکل وقت میں تھے تو ان کو ایک میسج جانا چاہیئے تھا، یہ پیغام جانا چاہیئے تھا حکومت اور ہم سب کی طرف سے کہ اس مشکل کی گھڑی میں ہمارے بھائی ہمارے ساتھ کھڑے ہیں اور مدد کیلئے ان کے جو وسائل ہیں، ہمارے صوبے کے وہ وسائل نہیں ہیں اور یقیناً ہمیں تکالیف کا بھی اندازہ ہے۔ جناب سپیکر، میں آپ سے عرض کر دوں کہ آج بھی جو فگرز لیے جا رہے ہیں تو وہ فگرز ٹھیک نہیں لیے جا رہیں۔ یہاں ایم پی اے صاحبان نے باتیں کیں، الحمد للہ ہزارہ کے اندر ایسی اموات نہیں ہوئی ہیں اور لوگوں کی زندگیاں بچ گئی ہیں لیکن انفراسٹرکچر میں بے شمار نقصانات ہوئے ہیں جناب سپیکر، اگر میں اربوں کا کہوں تو یہ بات غلط نہیں ہوگی، ابھی تک ایک میٹنگ کیلئے ہمیں نہیں بلایا گیا اور نہ ہی ہم سے پوچھا گیا۔ جناب سپیکر، آپ کی مہربانی کہ آپ نے یہاں ایک سیشن بلایا اور اس میں کچھ دوست آئے تھے، انہوں نے بات کی، ہم پچھلے ایک ہفتہ دس دنوں کی بات نہیں کرتے لیکن بعد میں ہونا چاہیئے تھا کہ ہزارہ ڈویژن کے ایم پی اے صاحبان کو بلایا جاتا، یہاں ان سے بھی پوچھا جاتا اور ان سے بھی رائے لی جاتی۔ جو وزیر صاحبان ہزارہ سے تعلق رکھتے ہیں تو انہوں نے بھی وزٹ نہیں کیا اور ہزارہ کا آج تک کسی ایک، کوہستان میں کوئی اگر گیا ہے اور بٹگرام میں جب چیف منسٹر صاحب گئے تو ان کیساتھ صرف ایک گھنٹے کیلئے وہاں جانا کافی نہیں ہے۔ ہمیں اپنی غلطیوں کو اور اپنے آپ کو بھی دیکھنا ہوگا، یہ کوئی آسان کام بھی نہیں ہے۔ یہ حکومت کی ذمہ داری ہوتی ہے اور جو بھی حکومت اس وقت اقتدار میں ہوتی ہے تو ان کا کام ہے لوگوں کو ریلیف پہنچانا، لوگوں کو کرائسز میں بچانا اور جناب سپیکر، حکومت کا پتہ پھر اس وقت لگتا ہے جب ملک میں کرائسز ہوتے ہیں اور جب Extra ordinary situation ہوتی ہے تو اس وقت پتہ چلتا ہے کہ حکومت کس طرح لوگوں کو ڈیل کرتی ہے اور کس طرح کرائسز میں اپنے آپ کو کھڑا کرتی ہے؟ یہ ساری باتیں ہمارے دوستوں نے کہی ہیں، میں ان پر یقین کرتا ہوں۔ ایک بات جو یہاں کہی گئی ہے کہ فیڈرل گورنمنٹ نے ہماری اس طرح مدد نہیں کی جس طرح ہم توقع رکھتے تھے، تو یہ بات بھی ہمیں

واضح ہونی چاہیئے کہ یہاں جن دو جماعتوں کی حکومت ہے تو فیڈرل گورنمنٹ میں بھی وہ اقتدار میں ہیں اور جس طرح یہاں زرداری صاحب کو الیکشن میں ووٹ دیا گیا ہے، جس طرح سپورٹ کیا گیا، کوئی کسر نہیں چھوڑی گئی اور ان کو دکھایا گیا ہے کہ ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ یہ پہلا الیکشن تھا کہ زرداری صاحب کو کہا گیا کہ بعد میں آپ یہ نہ کہیں کہ ہم لوگوں نے آپ کو ووٹ نہیں دیا، وہ ساری دنیا نے بھی دیکھا ہے۔ فیڈرل گورنمنٹ کو تو سب سے زیادہ اعتماد ہمارے صوبے اور ہمارے اوپر کرنا چاہیئے تھا۔ پرائم منسٹر صاحب بھی ہوتے اور سب سے زیادہ پیسہ، جتنا زیادہ افسوس کے ساتھ لیکن معذرت کیساتھ یہ ذمہ داری حکومت کی ہے جس نے اپنا کیس وہاں لڑنا ہے تو آج وہاں اقتدار میں بھی بیٹھی ہوئی ہے، اگر نہیں تو ہم ان کے ساتھ ہیں، یہ کہہ دیں کہ فیڈرل گورنمنٹ نے ہمارے ساتھ وہ سلوک نہیں کیا جو کرنا چاہیئے تھا اور اس مشکل کی گھڑی میں ہم سارے صوبے کے Elected لوگ ان کے پاس پھر جاتے ہیں، ہم اپنی بات کرتے ہیں، یہ بات سیاسی نہیں ہے بلکہ ہم کہتے ہیں کہ ہمارے لوگ باہر ہیں اور ہمارا کھربوں روپوں کا نقصان ہو گیا ہے۔ ہماری زمینیں، ہمارے باغات، ہماری زندگیاں اور ہماری مائیں، بہنیں آج باہر بیٹھی ہوئی ہیں، یہ مدد کا ایک وقت ہے تو آپ کب ہماری مدد کریں گے ؟ ایک مہینہ سے زیادہ ٹائم تو گزر گیا اور جو بیس بیس ہزار روپیہ ہمیں دینا تھا تو یہ تو بہت کم اماؤنٹ ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ وہ بھی ابھی تک پتہ نہیں کہ ہم دے سکیں گے تو فیڈرل گورنمنٹ کے ساتھ یہ کیس لڑنا صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے تاکہ اپنا رول وہاں پلے کرے اور ان کو مجبور کرے۔ یہاں پر میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں میاں افتخار صاحب کو کہ جس طرح سے انہوں نے کل باتیں کی ہیں، ہاں پھر اس طرح کی باتیں یہاں سے ہمیں شروع کرنی ہونگی، ہمیں حق مانگنا اپنے آپ سے، ان سے ہم کوئی سیاسی بات بالکل نہیں کرتے، نہ ہی حکومت گرانے اور حکومت کو نقصان دینے کی، اس کرائسز کے وقت جو آدمی اور جماعت یہ کام کریگی تو وہ اس ملک کیساتھ وفاداری نہیں کرتی۔ میری نظر میں یہ وقت حکومتیں گرانے اور اپنا سیاسی سکور کرنے کا نہیں ہے۔ جناب سپیکر، بہت اہم بات جو میں ان کے سامنے رکھ رہا ہوں اور آج موازنہ ان کو دینا چاہ رہا ہوں، بڑے بوجھل دل کیساتھ یہ بات کر رہا ہوں کہ ہمارے جو بھائی رل گئے ہیں، ان کو پوچھنے والا کوئی نہیں آئے گا، جن کے گھر گر گئے ہیں تو کوئی ان کا گھر نہیں بنائے گا۔ جناب سپیکر، آٹھ اکتوبر 2005ء کو جو قیامت خیز زلزلہ آیا تھا تو ہزاروں لوگوں کو کچھ منٹوں میں زمین نگل گئی تھی اور اس صفحہ ہستی سے مٹا دیئے گئے تھے۔ چھیانوے ہزار لوگ زخمی ہو گئے تھے جن کی تعداد بعد میں ایک لاکھ بائیس ہزار کے قریب پہنچ گئی تھی۔ کسی کی ٹانگ تھی، کسی کا بازو

نہیں تھا، کسی کی ماں چلی گئی تھی اور تیس لاکھ لوگ بے گھر ہوئے تھے۔ جناب سپیکر، ساری دنیا اور پورا پاکستان ان کیساتھ کھڑا ہو گیا تھا اور اسلئے کھڑا ہو گیا تھا کہ وہ سمجھتے تھے کہ اس مشکل وقت جو نیشنل ٹریجڈی ہوئی تو ان لوگوں کو ہماری ضرورت ہے اور جناب سپیکر، کچھ دنوں کے اندر، آج انٹرنیشنل Comments، جو ممالک ہیں، جن بیرون ممالک کو آج ہم چلا چلا کر کہہ رہے ہیں تو وہاں ایک بات پر سات ارب ڈالر انہوں نے دیا تھا جناب سپیکر، وہ پیسہ ان لاشوں کیلئے ملا تھا، یہ پیسہ ان لوگوں کیلئے ملا تھا جنہوں نے اپنی جانیں دی تھیں، جن کے شہر اجڑ گئے تھے تو وہ پیسہ ان کو ملا تھا جو صفحہ ہستی سے مٹ گئے تھے ؟ اور وہ پیسہ ان کیلئے ملا تھا کہ جن ماؤں کے بیٹے چلے گئے تھے تو ان کی ماؤں کو آباد کرنے کیلئے گھر بنائیں گے، ان بچوں کیلئے ملا تھا جن کے سکول اجڑ گئے تھے تو ان کیلئے سکول بنائیں گے ؟ جناب سپیکر، کتنا بڑا حادثہ ہوا اور ہم نے اپنے آپ کیساتھ کیا کیا ہے ؟ کتنا ظلم ہم نے اپنے آپ کیساتھ کیا ہے تو لوگ ہمارے اوپر کیا یقین کریں گے کہ اتنا بڑا پیسہ آنے کے باوجود آج آپ دیکھ لیں، میں نے یہاں بجٹ تقریر میں بھی کہا تھا کہ حکومت کو چاہیئے کہ جو پیسہ آیا تھا، چالیس ارب روپیہ تو جناب سپیکر، اس علاقے کی جو جاری سکیمیں تھیں، جن کی تعداد چھ ہزار دو سو بائیس تھی، وہاں سکولز بننے تھے، وہاں ہاسپٹلز بننے تھے، وہاں سڑکیں بننی تھیں، وہاں پانی کی سکیمیں تھیں، کتنا بڑا ظلم ہوا ہے ہمارے ساتھ کہ جو سکولز پہلے سے موجود تھے تو ان سکولوں کو گرا دیا گیا کہ ہم نئے سکول بنائیں گے، جو روڈ تھے تو ان کو بلڈوز کر دیا گیا کہ ہم نئے روڈز بنائیں گے، واٹر سپلائی سکیمیں جو کہ زلزلہ کی وجہ سے پانی زمین میں چلا گیا تھا مگر جناب سپیکر، چالیس ارب روپیہ آج جب فیڈرل گورنمنٹ اٹھا کر یہاں سے لے گئے ہیں ان سکیموں سے، کتنا پیسہ ؟ جناب سپیکر، چالیس ارب روپیہ۔ آج ہزارہ کے اندر سکیموں کا قبرستان ہے اور کوئی سکول 25% مکمل ہوا ہے تو وہاں بند ہو گیا ہے، کوئی 30% مکمل ہوا ہے، وہاں بند ہو گیا ہے، کوئی سڑک چار کلو میٹر تھی تو دو کلو میٹر ہوئی ہے اور وہ بند ہو گئی ہے۔ کتنا بڑا حادثہ ہوا؟ جناب سپیکر، پانچ ارب روپیہ۔ یہ نیسپاک (NESPAK) ایک ایسی کنسلٹنسی، کنسلٹنٹ ہے، ایک فرم تھا جس کو پانچ ارب روپیہ دے دیا گیا۔ جناب سپیکر، نو ارب روپیہ خرچہ ہوا ہے ایرا اور پیرا کے دفاتر کا، یہ کتنا بڑا پیسہ تھا اور وہ پیسہ جو باہر کے لوگوں نے ہمارے بچوں کی بہتری کیلئے دیا تھا ان لاشوں کے اوپر اور آج بھی لوگ سسک رہے ہیں، ان کیلئے یہ پیسہ آیا تھا۔ جناب سپیکر، میں نے بجٹ سپیچ میں یہاں کھڑے ہو کر کہا تھا کہ ہمیں یہ خطرہ ہے اور یہ حکومت کی ذمہ داری ہے، این ڈبلیو ایف پی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ یہ انفراسٹرکچر آپ کے علاقوں میں، آپ کے ایریا میں، ہزارہ ڈویژن کے

پانچ یا چار اضلاع میں بند ہے تو یہ پیسہ وہ لے جائیں گے ،یہاں سے مجھے جواب ملا کہ پیسہ لے جانے والی کوئی طاقت نہیں ہے لیکن اب ایسا ہو گیا ہے اور وہاں کام بند کر دیئے گئے ہیں۔ جناب سپیکر، اگر یہی ماحول رہا تو کس طرح دنیا ہمارے اوپر یقین کرے گی؟ ہم اگر اپنے لوگوں کیساتھ انصاف نہیں کریں گے، ہم اگر اپنے آپ کیساتھ انصاف نہیں کریں گے، ہم اگر آج اپنے لوگوں کو خود نہ بسائیں تو مجھے یقین ہے کہ کہیں، میں یہ کہتا ہوں کہ اللہ نہ کرے کہ ایسا ہو لیکن ایسا نہ ہو کہ جو ہزارہ میں ہوا ہے، وہی سلوک ان لوگوں کیساتھ بھی ہو جائے۔ اب بھی ہمارا حکومت سے مطالبہ ہے کہ ہم کس کے پاس جاکر دیکھیں کہ یہ چالیس ارب روپیہ جو وہاں سے اٹھاکر کسی اور مد میں خرچ ہو رہا ہے، میں اس کی بھی تفصیل دے سکتا ہوں، یہ پراونشل گورنمنٹ کی ذمہ داری ہے کہ آپ کے علاقوں میں اتنا بڑا انفرا سٹرکچر بنایا جارہا تھا، اتنا بڑا پیسہ آیا ہوا تھا، یہ پیسہ لگنا چاہیئے تاکہ دنیا میں ہمارے اوپر اعتماد بحال ہو۔ جناب سپیکر، آج ہمارے دوستوں نے جو بات کی ہے کہ ہمارے اوپر لوگ ٹرسٹ نہیں کرتے، ہمارے اوپر دنیا کا اعتماد نہیں رہا، وہ اسلئے نہیں ہے کہ ہمیں اپنے عمل سے دکھانا ہو گا کہ جو کام ہزارہ میں ہوا ہے، ایک گاؤں بالاکوٹ جو اجڑا تھا اور بکریال کے نام سے اسے بسانا تھا مگر پانچ سالوں میں آج تک اس کی ایک اینٹ بھی نہیں لگ سکی۔ جناب سپیکر، ان پانچ سالوں میں ان لوگوں نے، وہ آج بھی دفتروں کے چکر لگا رہے ہیں۔ جناب سپیکر، اس میں بھی ایسا ہوا تھا۔ جناب بشیر صاحب! ایک فوجی، ایک پٹواری اور ایک اور آدمی کو وہاں پہ کہا گیا تھا کہ جائیں اور آپ Assessment کریں، آج بھی کوئی ایسا میکنزم یہاں ہونا چاہیئے تاکہ ہمیں پتہ چل سکے کہ ہر ایم پی اے کے حلقے میں، سب سے بہتر ہوتا کہ یہ معاملہ ایم پی اے صاحبان کیساتھ ڈسکس کیا جاتا اور وہ بتاتے کہ ان کے علاقوں میں کتنے لوگوں کی Deaths ہوئی ہیں اور کتنے لوگوں کے گھر گرے ہیں؟ ایسا نہ ہو جناب سپیکر، وہاں ایسا ہوا ہے کہ پہلے پانچ پانچ ہزار لوگوں نے کہا کہ ہمارے گھر گر گئے ہیں، پھر دس دس ہزار پر چلے گئے اور پھر اس طرح ہوا کہ جو ٹیم سروے کرنے جاتی تھی تو اس کیساتھ لوگوں کا، آج بھی مجھے یہی شک ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو جائے۔ سر، ایسا ہی ایک میکنزم اب تک اور ایسا میکنزم نظر آنا چاہیئے۔ ہم اگر یہاں زور سے تقریر کرلیں تو اس سے چیزیں ٹھیک نہیں ہوں گی۔ آج وقت آگیا ہے کہ ہم ایکشن کر کے دکھائیں کہ جو باتیں اس وقت وہاں ہوئی ہیں تو وہ اب نہیں ہونے دیں گے۔ قومیں تبھی سیکھتی ہیں، ہم یہاں اگر کوئی بات سچ کہہ دیں۔ جناب سپیکر، جب تک آپ بیماری کو Diagnose نہیں کریں گے تو اس کا علاج ممکن ہو سکتا ہے؟ ہمیں اپنے اندر کی بیماری کو سامنے رکھنا ہو گا، ہمیں اپنے آپ کو دکھانا ہو گا اور اس وقت بھی ایسا ہوا تھا۔ آپ

سے ہماری ریکویسٹ ہے اور ہم آپ کو بتادیں کہ ہزارہ میں ابھی تک کسی نے کسی ایم پی اے سے کوئی رابطہ نہیں کیا۔ یہ Elected حکومتیں ہیں، انہیں اپنے Elected لوگوں پر بھروسہ کرنا ہوگا۔ ہم نہیں کہتے کہ ایڈمنسٹریشن پہ آپ بھروسہ نہ کریں لیکن ہم کہتے ہیں کہ صرف ایک Version مت سنیں، ایک طرف کی کہانی مت سنیں۔ آپ بڑی قربانیاں دینے والی جماعت ہیں اور بڑے عرصہ بعد اقتدار میں آئے ہیں، بڑی اپوزیشن آپ نے دیکھی ہے، آپ کو کس طرح ڈی سی اور کمشنر کا مزہ اتنا اچھا آگیا کہ ساری باتیں آپ نے صرف ان پر چھوڑ دیئے؟ اس صوبے میں سب سے اچھی روایت چیف منسٹر این ڈبلیو ایف پی، جناب امیر حیدر ہوتی صاحب نے قائم کی ہے، پختونخوا، خیبر پختونخوا کے چیف منسٹر صاحب، ہم انہیں سلام پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے ہمیشہ Elected لوگوں کو اپنے ساتھ رکھا ہے، انہوں نے اپنے Elected لوگوں کو وہ احترام دیا جو شاید ہی کسی اور اسمبلی کے اندر ہمیں دیکھنے کو ملا ہو۔ کسی اور حکومت میں بھی دیکھنے کو نہیں ملا اور جہاں بھی گئے تو انہوں نے اپنے Elected لوگوں کو ساتھ رکھا اور ان کو عزت دی لیکن اس کرائسز کے وقت میں بھی ہمیں یقین ہے کہ اب بھی آپ اپنے Elected لوگوں کو۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: میں اپنی تقریر ختم کروں۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: آپ بات کریں تو میں بعد میں بات کرونگا۔۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: نہیں، سنوں گا۔ میری بہن! آپ کی بات سنوں گا، آپ بہت اچھا بولتی ہیں اور مجھے آپ پر فخر ہے۔ جناب سپیکر، اس سارے معاملے کا بھی، یہ جو فگرز آج دیئے جارہے ہیں، ڈی سی صاحبان کا وہی رویہ تھا، آج بھی دفاتر میں بیٹھے ہوئے ہیں اور ایک بات معذرت کیساتھ کہ آپ نے سارا نظام اب، ٹیچرز ٹرانسفر کرنے کے اختیارات بھی انہوں نے ڈی سی اور ڈی سی او کو دے دیئے۔ یہ آج کی کوئی بات ہے، ڈی سی او، جناب، مہربانی کریں جو ڈیپارٹمنٹ یہاں، وہ خود اپنی یا ڈائریکٹ ڈیل کریں یا تو ان دفاتر کو مرکزی حیثیت دے دیں کہ جن سے جان چھڑانے کیلئے تمام سیاسی جماعتوں نے جدوجہد کی تھی۔ اب حکومت کیلئے، حکومت اچھی لگتی ہے ان کو، حکومت کو آسانی ہوتی ہے ان سے بات کرنے کیلئے لیکن نظام بگڑ جاتا ہے، نظام میں خرابی آجاتی ہے۔ ان کو آج کس طرح پتہ ہے کہ وہ اپنے دفاتر میں بیٹھے ہوئے ہیں؟

مفتی کفایت اللہ صاحب جانتا ہے کہ میرے حلقے میں کیا تباہی ہوئی ہے۔ پرویز خٹک صاحب جانتا ہے کہ نوشہرہ میں اس کے حلقے میں بھی کیونکہ ہم نے عوام میں رہنا ہے، عوام کے پاس جانا ہے، عوام کی بات سننی ہے اور پھر آ کے کہنی ہے، تو میری ان سے ریکویسٹ ہے کہ آپ اس سارے معاملے پر، یہ تب ہی ہم سب کیلئے بہتر ہو گا، یہ اللہ نہ کرے، اللہ نہ کرے کہ اگر اس میں ناکامی ہوتی ہے تو ناکامی بھی سب کی تصور کی جاتی ہے اور لوگوں کو پھر اعتماد ہمارے اوپر نہیں رہے گا۔ جناب، میری ایک پر زور اپیل ہے کہ فیڈرل گورنمنٹ ہمارا جو اسی ارب روپیہ لے کے چلے گئے، یہ انہوں نے کسی اور مد میں لگا لیا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ انشاء اللہ، آج سے میاں افتخار صاحب کو بھی ہم اپنا وکیل سمجھتے ہیں کہ یہ بھی ہماری بات وہاں اس معاملے میں کریں گے۔ سر، یہ معاملہ۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> آپ وزیر اپنے آپ کو کہیں صرف چند اضلاع کا تو۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> نہیں، اتنا بڑا پیسہ آپ کے صوبے سے گیا ہے اور وہی پیسہ تو ڈونرز نے آپ کو دیا تھا۔ میں نے کئی دفعہ کہا تھا کہ آپ اپنے ڈیپارٹمنٹ کو دیتے کہ سب سے بہتر کارکردگی بھی اس وقت آپ کے ڈیپارٹمنٹ کی رہی ہے اور سی اینڈ ڈبلیو کی، میں سمجھتا ہوں کہ سب سے اچھی کارکردگی بھی اس وقت انہوں نے دکھائی ہے کہ بند سڑکیں کھولنے پہ دن رات انہوں نے کام کیا ہے۔ سب سے اچھا ڈیپارٹمنٹ آپ کا اپنا ہے۔ آپ نے ساٹھ ارب روپے ایرا اور پیرا کے چکروں میں لگا کر ہماری تباہی کی ہے۔ اب بھی ہمیں خطرہ ہے کہ آپ اسی طرح کی کوئی اور امرانہ اتھارٹی خدا کا واسطہ شروع نہ کریں۔ اس طرح اپنے ڈیپارٹمنٹس کو Strengthened کریں، اپنے ڈیپارٹمنٹس پر آپ اعتماد کریں اور وہاں ہماری سکیموں کا جو قبرستان بنا ہوا ہے، ہمارے ساتھ انصاف کیا جائے اور فیڈرل گورنمنٹ کیساتھ یہ معاملہ Take up کیا جائے۔ جناب سپیکر، ان کو Relaunch کیا جائے۔ صوبائی حکومتیں اس طرح فیڈرل گورنمنٹ سے نہیں ڈرتیں جس طرح خدانخواستہ کبھی، خدانخواستہ کسی زمانے میں یہ آپ بھی شاید چیف سیکرٹری تھے، سب سے ڈرا کرتے تھے یا فیڈرل گورنمنٹ، یہ حکومت کا اعتماد، اب ڈرنا نہیں ہے انشاء اللہ اور آپ ڈرتے بھی نہیں ہیں لیکن وہاں ان سے آپ نے اپنا حق لینا ہے اور حق اس طرح نہیں دیا جائے گا۔ اسلئے ضروری ہے کہ ہمارے ساتھ بھی وہ انصاف کیا جائے کہ ہمارے لوگوں میں بھی آپ کا اعتماد بحال ہو جائے، وہ بھی

کریں۔ جناب سپیکر، وہ اسلئے نہیں ہو سکے گا، ہماری تجاویز ہیں کہ یہاں صوبائی اسمبلی کے اپوزیشن اور حزب اقتدار کے ممبران صاحبان کی مساوی تعداد پر مشتمل ایک آزاد کمیشن تشکیل دیا جائے جناب سپیکر اور آپ نے یہ تجویز اپنی میٹنگ میں بھی رکھی تھی اور میں سمجھتا ہوں کہ آپ کی سربراہی میں وہ کمیشن ہونا چاہیئے جس میں برابری دونوں طرف سے ہو جو ریلیف کے سارے کام کو دیکھے اور جتنے بھی آج معاملات ہیں تو وہ دیکھیں اور پھر رپورٹ اس اسمبلی کے سامنے ہم پیش کریں تاکہ اسمبلی کے ممبران کا بھی اعتماد اس میں شامل ہو اور عوام بھی ان پر اعتماد کر سکیں اور اگر ایسا نہ کیا گیا تو پھر شاید آنے والے وقتوں میں ہمارے لئے اور بڑی مشکلات ہونگی۔ جناب سپیکر، مجھے حکومت سے ایک اور گلہ بھی ہے۔ ٹھیک ہے آپ نے ایک مہینہ تک ہمارا نہیں پوچھا تھا، آپ مصروف تھے، یہ بھی ٹھیک ہے، ہو سکتا ہے آپ کو ہماری یاد نہ آئی ہو، یہ بات بھی ٹھیک ہے ہم خود آپ کے پاس آئے لیکن آپ کٹیگری سی یا ڈی کی طرف ہمیں دھکیل رہے ہیں تو خدارا ہمارے ساتھ یہ نہ کریں۔ ہم نے یہاں کہا تھا، میں نے بجٹ سپیچ میں کہا تھا کہ مردان، چارسدہ اور صوابی والا سلوک شاید اب بھی ہمارے ساتھ نہ ہو سکے لیکن جناب سپیکر، ہمارے ساتھ وہ سلوک بھی نہیں ہونا چاہیئے جس کیلئے ہمارے لوگوں کی اب نظریں لگی ہوئی ہیں۔ بلور صاحب! یہ کس نے آپ کو کہا ہے کہ ہمارے جو ایریاز ہیں، ہزارہ ڈویژن کو کٹیگری سی میں ڈالا جائے؟ ہمارے انفراسٹرکچر کا بھی آپ سروے کروالیں، Independent سروے ہونا چاہیئے۔ جناب سپیکر، بی ایچ یوز بری طرح تباہ ہو گئی ہیں، ہسپتال جو نہ ہونے کے برابر تھے، ان کی تباہی ہوئی ہے، سکولوں کا بڑا سخت نقصان ہوا ہے اور سڑکوں کا بھی تو جناب سپیکر، یہی حالت ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ اگر ان دنوں میں کہیں آپ کو باہر نتھیا گلی میں جانا پڑ جائے تو وہاں آپ دیکھتے کہ کیا مناظر ہیں؟ وہ بڑا روڈ جو ایف ایچ اے اور این ایچ اے کے کنٹرول میں ہے تو وہاں بھی سلائیڈنگ کے کیا مناظر ہیں؟ اور وہاں جو کچی سڑکیں تھیں، وہ تو صفحہ ہستی سے مٹ گئے ہیں۔ ہماری ان سے گزارش ہے کہ یہ وقت ہے ہزارہ کے لوگوں پر بھی احسان کرنے کا۔ یقیناً یہاں زیادہ تباہی ہوئی ہے، ان کا حق ہے، ان کا پہلا ہونا چاہیئے، یہ ہمارے بھائی ہیں ان کا پہلے ہونا چاہیئے لیکن وہاں ہمارا جو نقصان ہوا ہے تو جناب سپیکر، کٹیگری سی والا معاملہ ہمارے ساتھ نہ کیا جائے بلکہ ان کا بھی اس طرح کا ساتھ دیا جائے۔ ابھی جو رپورٹ آئی ہے، میں نے وہ پڑھ کے دیکھ لی ہے، میں نے اپنی بات نہیں کرنی، انہوں نے کیٹگریز بنادیئے۔ ابھی ہمارے اور دوست بھی بات کریں گے تو مجھے یقین ہے کہ انشاء اللہ ہمیں،

آخر میں حکومت کو اس بات کا یقین دلاتے ہیں کہ ہر مشکل گھڑی میں ہم انشاء اللہ سارے ملکر اس ملک میں جمہوریت کو قائم ودائم رکھیں گے اور۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Thank you ji.

جناب محمد جاوید عباسی: اس ملک میں جمہوریت کو کوئی خطرہ نہیں ہے۔ جناب سپیکر، ایک بات کی آپ سے ریکویسٹ ہے کہ اب میاں صاحب نے بڑی اچھی بات کی، یہ واحد فورم ہے کہ جہاں آپ لوگ بیٹھ جائیں تو دنیا کی کسی طاقت پہ ہماری نظر نہیں جانی چاہیئے۔ میں بڑا بدقسمت آدمی ہوں اور جب بھی کوئی ایڈجرنمنٹ موشن لاتا ہوں، جب بھی کوئی پرائیویٹ موشن لاتا ہوں اور میں نے بلیک واٹر کی بات کی تو آج تک کسی نے مجھے بات کرنے نہیں دی۔ میں جب الطاف حسین صاحب کے، یہ نہیں ہونا چاہیئے تھا، اس اسمبلی کا وقار بڑھانے کیلئے میں بات کرتا ہوں کہ یہاں سے قرارداد جاتی، یہاں سے اگر Condemnation جاتی ہے تو سارے طالع آزماؤں کو بتادیتے کہ اب شب خون مارنے والے لوگوں کا راستہ ہم نے ہمیشہ کیلئے روکنا ہے لیکن مہربانی کر کے جب بھی کوئی اس طرح کا معاملہ ہو، یہ اقتدار اللہ نے دینا ہوتا ہے اور اللہ نے قرآن میں کہا ہے کہ ساری بادشاہیوں کا میں خود بادشاہ ہوں، میں جب چاہتا ہوں جتنی دیر کیلئے، بادشاہی دیتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جاوید صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، جب بھی اس طرح کا ماحول ہو تو ہم سب کو اسے ڈسکس کرنا چاہیئے۔ جو بھی آدمی اس وقت مارشل لاء کی بات کرے گا، فوج کو دعوت دینے کی بات کرے گا، اس ملک میں جمہوری اداروں کو ختم کرنے کی بات کرے گا تو جناب سپیکر، ہم سب کو اکھٹے ہو کر انشاء اللہ اس کا مقابلہ کرنا ہو گا۔

جناب سپیکر: انشاء اللہ۔ تھینک یو جی۔ بس جاوید صاحب، بس۔ اب بھی یہ کافی بڑی لمبی لسٹ پڑی ہے۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: یہ سب لوگ دیکھ رہے ہیں اور وقت آگیا ہے کہ ان بقایاجات کو ہمیشہ کیلئے ختم کر دیا جائے اور جو کچھ بقایاجات ابھی تک موجود ہیں تو وہ سارے مٹا دیئے جائیں جس سے ہمیں یہ احساس ہو کہ اس ملک کے اندر جمہوریت کو خطرہ ہو سکتا ہے، جمہوریت کبھی نافذ ہوئی ہے۔ بڑی مہربانی، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ سعیدہ بتول بی بی، سعیدہ بتول صاحبہ۔

بیگم سعیدہ بتول ناصر: شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، یہاں پر تو ہر طرح کی بات ہو چکی ہے مگر میں تھوڑی سی باتیں اسی حوالے سے کرونگی جیسا کہ پیر صابر شاہ صاحب نے کہا اور انہوں نے جس جذبے کا اظہار کیا، جو درد دل ظاہر ہوا، جس طرح انہوں نے جذباتی اور بہت موثر سپیچ کی، وہ بہت اچھا تھا لیکن اللہ کرے، اللہ کرے کہ ان کی حکومت آئے اور انشاء اللہ آئے گی، امکان بھی ہے، اللہ کرے کہ Next گورنمنٹ ان کی آئے لیکن یہاں یہ ہے کہ جیسے ہی ان کی حکومت آئے، ان کے پاس اقتدار ہو تو وہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بی بی! آپ ان کی پارٹی سے ہیں یا مفتی کفایت اللہ کی پارٹی سے ؟

بیگم سعیدہ بتول ناصر: نہیں، بات سچی اور حق کی ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دعائیں ان کیلئے کر رہی ہیں۔

بیگم سعیدہ بتول ناصر: ہاں۔ جہاں بھی نظر آتا ہے، سچ جہاں بھی نظر آتا ہے، میں اپنی بات تبدیل۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اکرم خان درانی صاحب نہیں ہیں، اسلئے یہ باتیں کر رہی ہیں۔

بیگم سعیدہ بتول ناصر: نہیں، میں کہہ رہی ہوں کہ اگر ان کے پاس اقتدار آجائے تو ہماری خواہش ہے کہ وہ موجود ہوں اور ان کے یہی جذبے ہوں کیونکہ اقتدار کی، ہم نے یہ دیکھا ہے کہ ہر پارٹی ایسی ہی جذبات میں باتیں کرتی ہے، اقتدار کی تو اپنی مجبوریاں ہوتی ہیں یا پھر اقتدار کا نشہ اتنا ہوتا ہے، آسائشیں اتنی ہوتی ہیں کہ وہ لوگوں کی سختیاں اور مصیبتیں بھول جاتے ہیں۔ جہاں انہوں نے جمہوریت کی بات کی ہے تو یہ بہت اچھی بات ہے کہ جمہوریت کی ہم بات کرتے ہیں لیکن جمہوریت کا مطلب ہے عوام کی حکومت۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بی بی! سیلاب پہ آجائیں، سیلاب پہ بات کریں۔

بیگم سعیدہ بتول ناصر: نہیں سیلاب کی بات، کیونکہ بہت سارے لوگوں نے بہت Irrelevant باتیں کی ہیں۔

جناب سپیکر: بہت اچھا لگتا ہے ؟

بیگم سعیدہ بتول ناصر: میں اسی ٹاپک پہ، میری بات سے اسی کا لنک ہے۔ جمہوریت کی ہم بات کرتے ہیں تو جمہوریت کا مطلب ہے عوام کی حکومت، لوگوں کی حکومت، یہاں پر آپ دیکھیں کہ عوام کی حالت کیا ہے ؟ عوام بے روزگاری کے شکار ہیں، غربت کے شکار ہیں، غربت میں پس رہے ہیں۔ دہشتگردی کے شکار ہیں، دہشتگردی سے مر رہے ہیں اور دوسری طرف سیلاب آگیا، ظاہر ہے عوام ہی Suffer ہو رہے

ہیں اور پھر رہی سہی کسر مہنگائی نے پوری کر دی، اوپر سے لوڈ شیڈنگ تو کیالاشوں پر جمہوریت کرنی ہے؟ یہ کہاں کی جمہوریت ہے؟ لوگوں کے پاس کیا اختیار ہے، یہ تو لاشوں کی ایک جمہوریت ہوئی؟ اس چیز کو مدنظر رکھنا چاہیئے کہ جب کوئی دہشتگرد، جب کوئی بم بلاسٹ ہوتا ہے تو ہمارے سربراہان آکر کہتے ہیں کہ ہمیں بہادری سے مقابلہ کرنا ہوگا، آپ کو اور ہمت دینی ہوگی اور ہمت کرنی ہوگی تو ظاہر ہے عوام ہی ہمت کرتے ہیں، عوام ہی اس میں مرتے ہیں۔ یہ سیلاب ایک ناگہانی آفت ہے، بلاشبہ یہ ناگہانی آفت ہے جیسا کہ اسرار صاحب نے کہا کہ یہ غیر متوقع سب کچھ تھا، یہاں پر ہمارے ملک میں، ہمارے خطے میں نو سو ملی میٹر بارش سالانہ ریکارڈ ہوتی ہے اور اب چونتیس سو ملی میٹر بارش ہوئی ہے اور عبدالاکبر صاحب نے کہا ہے کہ یہ Cloudburst ہے، یہ بالکل حقیقت ہے کہ ایک ناگہانی آفت ہے اور 1929ء کے بعد پہلی دفعہ ایسا ہوا لیکن ہماری ذمہ داریاں کیا ہیں اور ہم نے کیا کیا؟ ہم نے پہلے کیا کیا؟ ایک پی ڈی ایم اے کی ناکامی کا ذکر کرتے ہیں۔ بابک صاحب نے تو اس کی تعریف کر دی لیکن مجھے سمجھ نہیں آئی کہ انہوں نے کیا تعریف کر دی؟ کیونکہ ہماری جو میٹنگ ہوئی تھی تو یہ جو پراونشل سیل ہے پی ڈی اے ایم اے، اس میں تو کوئی بات، اسی سوال کا جواب بھی تسلی بخش نہ دے سکے۔ انہوں نے ریسکیو، ان کی ذمہ داری نہیں تھی، انہوں نے ریسکیو بھی نہیں کیا، Rehabilitation کا کہتے ہیں کہ ہمارا کام نہیں، نہ ان کے پاس فنڈ ہے، وہ تو ناکام ہے۔ پھر یہ ہے کہ جو پراونشل ڈیزاسٹر سیل ہے ہماری گورنمنٹ کے اندر، ہمارے پراونس کے اندر، ان کو فنڈ کون Provide کرے گا؟ آئندہ کیلئے بھی ہم نے سوچنا ہے۔ یہ تو ایک سیلاب آگیا، آئندہ کیلئے یہاں پر یہ بات نہیں کی جارہی کہ کیا اس کیلئے ہم Next کوئی ایسا بجٹ رکھیں گے اور اس کی اس طرح کی کوئی اصلاح کریں گے؟ اس کے علاوہ اس میں ایک فیکٹر تو یہ ہے، اس سیلاب کا نہیں ہے لیکن جنگلات کی کٹائی کا ایک فیکٹر بالکل ہے۔ اگر ڈیمز بنائے جائیں، چھوٹے چھوٹے ہائیڈل پاور سٹیشنز بھی بنائے جائیں، اگر ڈیمز گزشتہ حکومتوں نے بنائے ہوتے تو یہ پانی سٹور ہوتا اور یہ مفید ہو سکتا تھا بجائے تباہ کاریوں کے۔ آئندہ کیلئے بھی ہم سوچ رہے ہیں کہ ابھی سے ہم کوئی ایسی پالیسی تیار کریں لیکن مجھے یہ لگتا ہے کہ ہم اس کیس پر بات نہیں کر رہے ہیں، یہ مائنڈ سیٹ ایسا نہیں ہے اور اس چیز پر Sincere نہیں ہیں، اس کا مظاہرہ تو ہم نے میٹنگ میں بھی دیکھ لیا، ہم ڈی آئی خان سے میٹنگ کیلئے آگئے تھے لیکن وہ بالکل خانہ پوری کی ایک میٹنگ تھی، ڈی آئی خان کی کوئی بات نہیں سنی گئی۔ میں کیا بات کروں؟ Even جو حکومتی منسٹر ہیں، سلیم صاحب، وہاں چترال میں گرم چشمہ کا جو پل ٹوٹ گیا ہے تو اس سے اسی ہزار کی آبادی متاثر ہوئی ہے،

آلو کی تیار اور کھڑی فصلیں ان کی تباہ ہو گئی، گندم ابھی چترال میں تیار ہوئی ہے اور ان کی بات کو ہنسی میں اڑایا گیا۔ شہر سے اس اسی ہزار آبادی کا رابطہ کٹ گیا ہے اور انہوں نے یہ پوائنٹ آؤٹ کیا کہ ابھی وہاں پر کیا کیا جائے، تو پورے ڈیپارٹمنٹس والے آئے تھے، ہیلتھ انجینیئرنگ ڈیپارٹمنٹ کر رہے ہیں، اس کو Own ہی نہیں کر رہے،اس میٹنگ میں بھی کوئی Solution نہیں آیا اور ان کو یہ بتایا گیا کہ آپ کیبنٹ میں بات کریں۔ عبدلاکبر نے کہا کہ آپ اپنے فنڈ سے کر لیں، وہ اپنے فنڈ سے کر لیں گے اور کتنے بریجز کو؟ اس طرح کی کوئی Solution یعنی کوئی پالیسی نہیں ہے۔ شمعون صاحب نے کہا کہ آپ کی کیبنٹ کا جو اجلاس ہوا ہے تو اس میں آپ کو ایسی پالیسی بنانی چاہیئے کہ جو Implement کرنے میں آسان ہو۔ ہم نے دیکھا ہے کہ پرویز خٹک صاحب نے ایریگیشن کے بہت Achievements بتائیں کہ یہ کیے ہیں لیکن جتنی بھی باتیں ہیں اور جتنی بھی ہم باتیں کرتے ہیں تو اس پر Implementation کی جب بات آتی ہے تو وہ ناممکن نظر آتی ہے۔ ٹینڈر منظور ہونا، پی سی ون بنانا، وہ سب ممکن نہیں ہے، یہ صرف ہم باتیں کرتے ہیں۔ یہ تو گفتن نشستن اور برخاستن کی بات ہو جاتی ہے اور اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ یہ بات صحیح ہے کہ آپ دوبارہ اجلاس اور جب تک ہم اس پر سیریس نہیں ہیں، جب ہم سیریس نہیں ہیں تو یہ نہیں ہو سکتا۔ ہم اس میں Blame کرتے ہیں وفاقی حکومت کو کہ Trust deficit ہے، سکندر صاحب نے بھی کہا کہ Trust deficit ہے، بالکل ہے، عوام میں Trust deficit ہے اور ہم اس کو Blame کرتے ہیں، ہر پارٹی اپنا جھنڈا گاڑنا چاہتی ہے اور ایکدوسرے کو Blame کرتے ہیں لیکن ہم سوچتے نہیں ہیں کہ ہمیں کیا کرنا چاہیئے؟ Trust deficit کیوں نہیں ہوگا؟ جیسا کہ محمد علی صاحب نے کہا ہے کہ آٹھ ہزار کی دیگ پچیس ہزار میں پکتی ہے اور قاسم خٹک صاحب نے بھی بہت اچھی باتیں کیں کہ ہماری جو بھی اقتدار میں گورنمنٹ میں آتی ہے تو وہ کرپشن میں ضم ہو جاتی ہے بلکہ ابھی دیکھیں کہ کلاس ون کی جو پوسٹیں ہیں تو وہ چالیس تیس ہزار میں بکتی ہیں، پندرہ پندرہ لاکھ کی رشوت سب، یہ سسٹم اتنا کرپٹ ہے کہ اس میں اس طرح کی بات نہ سنی جاتی ہے اور نہ اس میں، اس کا کس طرح، تو Trust deficit کیوں نہیں ہوگا؟ جس طرح کے ہمارے حالات ہیں تو وہی بات ہے کہ اس میں توبہ کرنے اور Sincere ہونے کو ہم تیار نہیں ہیں۔۔۔۔۔

<u>محترمہ نور سحر</u>: آپ سیلاب کی بات کریں۔

<u>بیگم سعیدہ بتول ناصر</u>: فیڈرل گورنمنٹ ہمیں دے۔۔۔۔۔

محترمہ نور سحر: آپ سیلاب پر بات کریں اور باتوں کو۔۔۔۔۔

بیگم سعیدہ بتول ناصر: لیکن ہم یہ بتائیں کہ ہمارے پراونس میں جتنے بھی ریسورسز ہیں اور ہمارے جو وزیر صاحب آئے تو کہتے ہیں کہ ہمارے پاس فنڈز نہیں ہیں، پیسے نہیں ہیں، عوام کو اس وقت بتایا جائے، قاسم خٹک صاحب نے تو کہا کہ حساب دیا جائے کہ کتنا فنڈ ہے؟ ایک ویب سائٹ بنائی جائے جو فیڈرل گورنمنٹ، وہاں تو وزیراعظم صاحب اور صدر صاحب اعلانات کرتے ہیں۔۔۔۔۔

محترمہ نور سحر: رمضان ہے اور ہم سب نے گھر بھی جانا ہے۔

بیگم سعیدہ بتول ناصر: اتنا اتنا فنڈ دیا جائے گا، اتنی امداد باہر سے بھی آئے گی لیکن عالم یہ ہے کہ اس کا کوئی حساب کتاب، جس طرح کی بحث کی جارہی ہے اور جس طرح ہم دیکھ رہے ہیں تو اس میں لگتا یہ ہے کہ کسی کو کچھ ملنے والا نہیں ہے۔ ضرورت صرف اس بات کی ہے، عوام کو یہ نہیں ہے کہ آپ اگر، آپ اپنا شو کریں کہ پراونشل گورنمنٹ کیا کر سکتی ہے، فیڈرل گورنمنٹ نے کتنا دیا ہے؟ عوام کو اس سے کوئی غرض نہیں ہے کہ بیرونی حکومتیں کتنی امداد کرتی ہیں، پراونشل گورنمنٹ کا کیا ہے اور ڈیزاسٹر سیل کی کیا ذمہ داری ہے مگر عوام کو ابھی ریلیف چاہیئے، Rehabilitation چاہیئے۔ یہ اتنے بریجز جو ٹوٹے ہیں، یہ پل جو ٹوٹے ہیں، عوام کو تو زندگی چاہیئے، ان کو کوئی غرض نہیں ہے، آپ کو Sincere ہو کر اپنے ریسورسز Use کرنے کی بات ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ ہمارے ساتھ وفاقی حکومت تعاون نہیں کر رہی ہے لیکن ہم خود بھی تو Sincere ہوں، آپ اپنے ریسورسز بھی تو استعمال کریں۔

(اس مرحلہ پر خواتین اراکین احتجاجاً کھڑی ہوئیں)

جناب سپیکر: بی بی! آپ کی لیڈیز احتجاج کر رہی ہیں۔

بیگم سعیدہ بتول ناصر: جی، میں یہی بات کر رہی ہوں کہ ہمیں صرف باتیں نہیں کرنی ہیں بلکہ اس کیلئے ہم ایسی پالیسی بنائیں کہ جو Implement ہو۔

جناب سپیکر: آپ کی ہم جنس احتجاج کرنے لگیں۔

بیگم سعیدہ بتول ناصر: بالکل جی، احتجاج کرنا ان کا حق ہے۔ میں تو ان کے فائدے کی بات کر رہی ہوں، پتہ نہیں وہ کیا سمجھ رہی ہیں کہ میں کیا کر رہی ہوں؟ میں تو سب کے فائدے اور آپ کے فائدے کی بات کر رہی ہوں کہ اس چیز کو، ہم کو خدا کیلئے Sincere ہو کر عوام کو اگر ہماری گورنمنٹ بتادیں کہ ہمارے پاس

اتنا پیسہ ہے، ہم اتنا کر سکتے ہیں اور یہ نہیں کر سکتے تو عوام ہم سے یہ نہیں کہتے کہ نہیں، اب آپ ہمیں سب کچھ اور دوبارہ گھر بنا کر دیں لیکن بات تو اعتماد کی بحالی ہے اور بات اتنی ہے، شکریہ۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ مفتی کفایت اللہ صاحب۔ مفتی صاحب! وہ سب کہہ رہے ہیں کہ دو منٹ۔

مفتی کفایت اللہ: آپ کی مرضی ہو تو چھوڑ دیں۔

جناب سپیکر: آج مفتی صاحب نے اتنا بڑا انتظار کیا ہے۔ جی کل کا نمبر رکھ دیں۔ جی بسم اللہ، بسم اللہ۔

مفتی کفایت اللہ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر، میں آپ کا شکر گزار ہوں اور میں روایتی شکریہ ادا نہیں کرتا بلکہ میں آپ کو یاد دلاتا ہوں کہ جب ہزارہ میں ایک مصیبت آ گئی تھی تو آپ نے ہمارا ایک اجلاس بلایا تھا اور اس دفعہ جب سیلاب کی بات آئی تو پھر بھی آپ نے اجلاس بلایا۔ مجھے اس کا بھی احساس ہے کہ آپ کے پاس انتظامی اختیارات نہیں ہیں لیکن جب آپ اجلاس بلا لیتے ہیں تو پھر ہمارے حکومت والے ساتھی بھی اجلاس بلا لیتے ہیں تو اس طرح ہمارا کام ہو جاتا ہے، اسلئے میں روایت سے ہٹ کر آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ جناب سپیکر، یہ اجلاس نارمل اور Ordinary اجلاس نہیں ہے بلکہ یہ تو بہت زیادہ سپیشل قسم کا اجلاس ہے۔ تاریخ کا ایک بدترین سیلاب آیا ہے اور اس کے بعد یہ اجلاس ہو رہا ہے تو پوری قوم منتظر ہے کہ اس مشکل سے نکلنے کیلئے یہ منتخب نمائندگان کیا تجاویز دیں گے؟ جناب سپیکر، میں اس پہ افسوس کا اظہار کرتا ہوں کہ آپ مجھے متوجہ کرتے ہیں کہ 'منی اسمبلی' نہ ہو، لوگ آپس میں بحث نہ کریں، کاش یہ احساس ہمیں خود آ جاتا اور آپ ہمیں متوجہ نہ کرتے۔ حکومت نے اس اجلاس کو ممکن بنایا تو اس کا بھی شکریہ اور اے پی سی بھی انہوں نے بلائی تھی، میں اس کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ آج اپنی گفتگو میں ایسی کوئی بات نہیں کرونگا جو حقیقت پر مبنی نہ ہو یا یہ کہ وہ صرف سیاسی سکور نگ اور حکومت کو نیچا دکھانے کی ہو، تو ایسا نہیں ہے اور اسلئے بھی ضروری نہیں ہے کہ اگر آپ کو اندازہ ہو تو حاجی ہدایت اللہ صاحب نے جو باتیں کی ہیں، مولانا عبید اللہ صاحب نے جو باتیں کی ہیں یا ڈاکٹر حیدر صاحب نے جو باتیں کی ہیں تو انہوں نے تو اس کا حق ادا کر دیا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن نہیں، جو ماحول ہے تو اس میں سچ بولنا چاہیئے اور میں ان کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ اس لحاظ سے ہم بھی سوچتے ہیں کہ یہ سنجیدہ وقت ہے اور اس وقت ہم پارٹی پالیٹکس سے بالاتر ہو کر بات کریں اور ایسی بات کریں جس میں قوم کیلئے اچھائیاں موجود ہوں۔ میرے اس صوبے پر جب بہت زیادہ آفت آ گئی تو تمام امدادی کارکنوں نے ہماری مدد کی ہے، میں ان کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ میں نام نہیں لونگا، بہت زیادہ لمبی فہرست ہے لیکن الحمدللہ انہوں نے

کیا ہے۔ جناب سپیکر، آپ کے ذہن میں ایک نئی چیز ڈالنا چاہتا ہوں کہ ہماری جماعت نے رسالپور سے نوشہرہ تک ایک بہت لمبا دستر خواں بچھایا اور متاثرین کیساتھ افطار کیا، اخبار نے لکھا ہے کہ وہ بہت زیادہ Appreciate کیا گیا ہے، اگر یہ جذبہ ہو اور ہم اس طرف متوجہ ہو جائیں تو اس کو لوگ Appreciate بھی کرتے ہیں اور اسلامی ممالک میں، ہمارے لئے خانہ کعبہ کے اندر دعا ہوتی ہے یا ہمارے لئے کنگ عبداللہ نے وہاں پر جو اپیل کی ہے اور لوگوں نے جس جذبے کیساتھ اپنی مسلمانی اخوت کا ثبوت دیا ہے اور جو امداد دی ہے تو میں اس کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں، چونکہ سیلاب زیادہ ہمارے صوبے میں آیا ہے تو ہمارا خراج تحسین پیش کرنا زیادہ ضروری ہے۔ جناب سپیکر، یہاں ایک علمی بحث کی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ یہ سیلاب عذاب ہے یا نہیں ہے؟ جب میں بات کر رہا تھا تو مجھے بہت سارے اراکین نے کہا کہ آپ اس پر بھی بات کر لیں، تو مجھے معاف کیجئے میں خالص علمی طور پر عرض کرتا ہوں کہ عذاب کا شریعت کے اندر تعریف موجود ہے اور اگر عذاب کی اس تعریف کو سامنے رکھا جائے تو جو واقع ہو گا، وہ سب پر منطبق آئے گا تو اس کو ہم عذاب کہہ سکتے ہیں ورنہ عذاب نہیں کہہ سکتے۔ ایک تو میر غالب کا عذاب ہے جو شعر میں وہ کہتا ہے کہ یہ زندگی ہے یا عذاب ہے، وہ نہیں، عذاب کی ایک شرعی اصطلاح ہے۔ شریعت کے اندر یہ لکھا ہوا ہے کہ جب مدعی نبوت، نبوت کا دعویٰ کرنے والا یعنی نبی ﷺ اپنی قوم کو ایمان کی دعوت دیتا ہے، جناب مدعی نبوت جب اپنی قوم کو ایمان کی دعوت دیتا ہے اور وہ مجموعی لحاظ سے اس دعوت کو مسترد کر دیتے ہیں اور اس کے بعد اللہ تعالیٰ کے ناراضگی کے جو اسباب پیدا ہوتے ہیں تو اس کو عذاب کہا جاتا ہے۔ اس تعریف کے اندر تین چیزیں ہونی چاہئیں، ایک مدعی نبوت، ظاہر ہے ختم نبوت کے صدقے اب تو کوئی نبی نہیں ہے، پھر دوسری بات یہ ہے کہ وہ ایمان کی دعوت دے اور قوم اجتماعی طور پر اس کا انکار کرے، جب یہ چیزیں ٹھیک نہیں بیٹھتیں تو اس کو عذاب نہ کہا جائے، یہ امتحان ہوتا ہے اور معاف کیجئے میٹرک کا امتحان وہی آدمی دے سکتا ہے جس نے میٹرک کا کورس پڑھا ہو، راستے پر جاتا ہوا آدمی میٹرک کا امتحان نہیں دے سکتا۔ اگر ہم پہ امتحان آیا ہے تو یہ امتحان ہمارے ایمان میں اضافہ کہیں تصوف بن سکتا ہے، اگر ہم اس امتحان میں کامیاب ہو گئے تو ہم اللہ تعالیٰ کے ہاں بڑے درجے بھی پا سکتے ہیں۔ لہذا میری تمام ممبران سے گزارش ہو گی کہ آج میری اس درخواست کے بعد اس کو عذاب نہ کہا جائے۔ موع ذات رب ہے، اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو سمجھاتا ہے، پہلے انبیاء کے ذریعے سے سمجھاتا رہا تھا، اب واقع کر کے عبرت دلانا چاہتا ہے تو یہ بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک ایسا واقع ہے کہ ہم عبرت حاصل کریں اور اپنی

زندگیوں کو بنائیں۔ جناب سپیکر، سردار بابک صاحب تو نہیں ہیں، میں بشیر خان کے حوالے سے ان تک بات پہنچانا چاہتا ہوں کہ جب ہم پہ سیلاب آ جاتا ہے یا کوئی واقعہ آ جاتا ہے تو کہہ دیا جاتا ہے کہ ایک دن کی تنخواہ کاٹ دی جائیگی یا ایک مہینے کی تنخواہ کاٹ کر دے دی جائیگی، میں تو سمجھتا ہوں کہ آپ پہلے اس کی شرعی حیثیت معلوم کریں۔ شریعت تو یہ کہتی ہے کہ بغیر اجازت کے، کسی کی پیشگی اجازت کے بغیر کسی کی تنخواہ نہ کاٹی جائے، ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ آپ اکاؤنٹ کھولیں اور تنخواہ والوں سے کہیں کہ اس میں ڈالو، پوری تنخواہ اگر کوئی ڈالنا چاہتا ہے، آدھی تنخواہ ڈالنا چاہتا ہے، ایک دانہ ڈالنا چاہتا ہے لیکن جتنی رقم ہو گی تو وہ جائز رقم ہو گی اور اس میں برکت ہو گی لیکن اگر آپ Compel کریں گے، مجبور کریں گے تو ٹھیک ہے، وہ تو کچھ نہیں کہیں گے، تمام کے تمام لوگ یا تو شرم کے مارے کچھ نہیں کہیں گے یا وہ ملازمین ہوں گے تو کچھ نہیں کہیں گے لیکن شرعی طور پر پھر اس کو استعمال کرنا ناجائز ہوتا ہے۔ میری حکومت سے یہ گزارش ہے کہ آئندہ ایسا معاملہ ہو تو اس بات کا لازمی طور پر خیال رکھا جائے۔ جناب سپیکر، میں مانتا ہوں کہ نوشہرہ اس صوبے کا ضلع ہے، چارسدہ، سوات اور شانگلہ بھی اس صوبے کے اضلاع ہیں لیکن جناب سپیکر، کوہستان بھی تو اسی صوبے کا ضلع ہے۔ کوہستان کے ایم پی ایز نے بات کی ہے اور میں انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں لیکن اس کے باوجود بھی میں سمجھتا ہوں کہ کوہستان کیساتھ بہت زیادہ زیادتی ہو گئی ہے۔ جناب سپیکر، آپ کو اندازہ نہیں ہے کہ جو سوپٹ کی ویلی ہے اور کندیاں کی ویلی ہے تو اس میں چھ یونین کونسلز ہیں اور تمام کے تمام لوگ مکمل طور پر مہاجر بن گئے ہیں، آج آپ کو وہاں پر لوگ نہیں ملیں گے اور وہاں ستر تک لوگوں کی اموات ہوئی ہیں اور آپ مجھے معاف کیجئے جب ایک بوری، ایک من آٹا کیلئے راستہ نہیں ہے اور لوگ پہاڑی راستے پر لے جاتے ہیں تو وہاں اس کا تین ہزار روپے کرایہ بنتا ہے، جب ایک من کا وہ کرایہ ادا کرتے ہیں تو وہاں پر ایک من چار ہزار چھ سو کے اندر پڑتا ہے اور میں نے ابھی حساب کیا ہے کہ ہمیں ایک کلو آٹا وہاں پہ کتنے کا ملتا ہے؟ تو ایک سو پندرہ روپے کا ملتا ہے جی۔ وہاں پہ صرف میں آٹے کی بات نہیں کرتا بلکہ تمام چیزیں، جب راستہ نہیں ہے، زمینی راستہ منقطع ہے تو زمینی راستہ منقطع ہونے کی وجہ سے تمام چیزوں کے نرخ بڑھ گئے ہیں جی۔ جناب سپیکر، میں مانتا ہوں کہ ہمارے وزیراعلیٰ باہمت آدمی ہے، وہ گیا ہے اور ساتھ اور لوگ بھی گئے ہیں لیکن میں یہ بھی تو کہنے کا حق رکھتا ہوں کہ وہ بارویں دن کیوں گیا ہے؟ میں یہ بھی مانتا ہوں کہ وزیراعلیٰ کے پاس ایک ہیلی کاپٹر ہے، ہماری فوج کے پاس پینتیس ہیلی کاپٹرز ہیں اور فوج کا ہیلی کاپٹر جب آتا ہے تو اس میں سیاسی آدمی کیلئے بیٹھنا تو ہے ہی مشکل، انہوں نے

سیاست کو گالی سمجھا ہوا ہے، میں تو اس پر حیران ہوں کہ وہ تھوڑا سا کام کر لیتے ہیں تو کہتے ہیں کہ پاک فوج کو سلام، میں بھی کہتا ہوں پاک فوج کو سلام، میں مکان چوکیدار کے بغیر، اس کا تصور ہی نہیں کر سکتا، ضروری سمجھتا ہوں لیکن میں یہ بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ ہم Civilized لوگ ہیں، اب فوج کی یہ Shape سامنے آنا چاہیئے اور فوج کو قومی رضاکار فوج کے طور پر سامنے آنا چاہیئے، بہت بڑی فورس ہے اور وہ کچھ نہیں کرتی۔ جنگ تو ہم 1972 کے بعد نہیں کرتے، 1971 کے بعد، تو ہم کیا کریں گے؟ ہم یہ کریں گے کہ وہ قومی رضاکارانہ فورس کا کردار ادا کریگی یا اپنے لوگوں کو مار دینا اور یہاں پر بہت زیادہ آپریشن کر لینا، یہ ان کی ایک Shape ہے، اب ان کی رضاکارانہ Shape سامنے آنی چاہیئے۔ مجھے کوئی بھی جواب دینا والا یہاں موجود نہیں ہے کہ پینتیس ہیلی کاپٹر زکیوں حرکت میں نہیں آئے جب میرے لوگوں پر سیلاب کا امتحان آیا؟ جناب سپیکر، میں سیاسی بات تو نہیں کرتا لیکن یہ کیا بات ہے کہ فوج الگ کریڈٹ لینا چاہتی ہے؟ فوج حکومت کا حصہ نہیں ہے؟ فوج کے کریڈٹ میں زرداری صاحب، گیلانی صاحب اور امیر حیدر ہوتی صاحب کو کیوں شمار نہیں کیا جاتا؟ کل جب میں میاں افتخار صاحب کی تقریر سن رہا تھا تو کبھی مجھے ان کے مفہوم سے اختلاف ہوتا ہے، کبھی مجھے ان کے الفاظ کی ترتیب سے اختلاف ہوتا ہے لیکن ان ڈھائی سالوں میں کل پہلا دن تھا کہ مجھے نہ ان کے مفہوم سے اختلاف تھا اور نہ مجھے ان کے الفاظ کی ترتیب سے اختلاف تھا، میں من وعن اس کی حمایت کرتا ہوں اور اس کا ساتھ دینا اپنے لئے ایک شرعی امر سمجھتا ہوں۔ (تالیاں) ہم کہتے ہیں یہ لڑکی نہیں آئیگی، جمہوریت ہے، مارشل لاء کی لڑکی نہیں آئیگی، یہ وقت مارشل لاء کیلئے مناسب نہیں ہے اور لڑکی کی بحث کی جارہی ہے لیکن جس کی شادی ہو رہی ہے، وہ تو خاموش ہے، شادی والا کیوں نہیں کہتا کہ میں شادی نہیں کرنا چاہتا؟ اس کا معنی تو یہ ہے کہ دال میں کچھ کالا ہے۔ یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ اگر آمریت جنرل ایوب کی حیثیت میں آتی ہے جو قاضی اسد کے ضلع کا 'گرائیں' ہے، آمریت اگر جنرل یحیٰ کی صورت میں آتی ہے، ضیاء الحق کی صورت میں آتی ہے یا وہ جنرل پرویز مشرف کی صورت میں آتی ہے تو میری سیاسی ایمان کا تقاضا یہ ہے کہ میں اس پہ لعنت بھیجوں گا، میں اس کا مقابلہ کروں گا اور اس کے مقابلے میں مجھے اگر جیل بھی جانا پڑا تو میں جیل جاؤنگا لیکن آمریت کو قبول نہیں کر سکتا انشاء اللہ۔ (تالیاں) جناب سپیکر، میں محترم وزیر اعظم صاحب کے بیان سے ابتداء کرنا چاہتا ہوں، انہوں نے کہا کہ ہمیں جو بیرونی امداد ملے گی تو اس کا اسی فیصد حصہ این جی اوز کو ملے گا اور بیس فیصد حصہ ہمیں ملے گا۔ جناب سپیکر، میں این جی اوز کو اسلئے جانتا ہوں کہ ابھی ابھی ہم مانسہرہ

میں زلزلے کے ایک ڈیزاسٹر سے گزر کر آئے ہیں، این جی اوز چاہے ملکی ہوں یا غیر ملکی، وہ پیسوں کی امانت کا حق نہیں رکھتے، نہ وہ امانت دار ہیں، لہذا قوم کی طرف سے یہ جواب جانا چاہیئے کہ این جی اوز کے ہاتھ میں ہمیں پیسہ نہیں دینا چاہیئے۔ جناب سپیکر، ہم بھی اپنی کوئی سیاسی غیرت کا تقاضا رکھتے ہیں، آج اس دور میں جب ہم پہ مصیبت آئی ہوئی ہے تو ہندوستان ہماری مدد کرنا چاہتا ہے اور وہ پچاس لاکھ ڈالر دینا چاہتا ہے، یہ پچاس لاکھ ڈالر اگر انسانیت کی بنیاد پر ہے تو وہ اقوام متحدہ کو کیوں نہیں دیتا، براہ راست مجھے کیوں دیتا ہے؟ میں بھارت کو جانتا ہوں، سیلاب سے پہلے بھی جانتا تھا، سیلاب کے وقت بھی جانتا ہوں اور سیلاب کے بعد بھی جانتا ہوں اور یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ کوئی امداد جو پاکستان کی حریت، خود مختاری اور غیرت کے خلاف ہو تو اس کو برداشت کرنا میرا ضمیر گوارا نہیں کرتا اور میں ایسی امداد پر لعنت بھیجتا ہوں جو میرے ضمیر کے بدلے میں ہو، خود مختاری کے بدلے میں ہو، میری آزادی کے بدلے میں ہو، ایسی امداد نہیں چاہیئے اور میں یہ بھی حکومت سے کہتا ہوں کہ میدان میں آؤ، قوم کو بھیک کی روایت سے چھڑاؤ، یہ قوم بھکاری قوم نہیں ہے۔ سیلاب نے ان کی روایات کو بھی بہا دیا ہے، آج یہ قوم شرما رہی ہے، لائن میں کھڑی نہیں ہو رہی ہے، وہ سفید کارن لوگ ہے، وہ سفید پوش لوگ ہیں جو بھوکے تو رہ سکتے ہیں، پانی کے ساتھ سحری کر سکتے ہیں یا وہ پانی کے ساتھ افطاری تو کر سکتے ہیں لیکن وہ ہاتھ نہیں پھیلا سکتے۔ قوم کو اپنی مدد آپ کے تحت کام کرنے اور جذبہ پیدا کرنے کی ضرورت ہے اور مجھے امید ہے کہ انشاء اللہ العزیز ایسا ہوگا۔ این جی اوز کو مربوط کرنا ہوگا، یہ این جی اوز کیا کر رہی ہیں؟ انہوں نے چک تاب رکھے ہوئے ہیں، میں میڈیکل کا کام کر رہی ہوں، نہیں، ان تمام کو مربوط رکھنا ہوگا اور کوئی این جی او دوسری این جی او کی طرح کام نہ کرے اور ان کا کڑا حساب کرنا ہوگا تو جناب سپیکر، اس کا بہت اچھا اثر ہوگا۔ جناب سپیکر، میں اس کو بھی سنجیدگی کے خلاف سمجھتا ہوں کہ آج اگر اپوزیشن، اپوزیشن کے لہجے میں بات کرتی ہے اور حکومت، حکومت کے لہجے میں بات کرتی ہے تو ہم اس کے ساتھ انصاف نہیں کرتے، اس بہت بڑے ڈیزاسٹر کے ساتھ انصاف نہیں کرتے، ہمیں تھوڑا آگے آنا ہوگا۔ مجھے اس کرسی سے اٹھ کر اس درمیان میں جانا ہوگا، بشیر بلور خان اور رحیم داد خان کو وہاں سے اٹھ کر یہاں آنا ہوگا اور یہ کیوں کہتا ہوں؟ میں اعتراف کرتا ہوں کہ یہ جو سیلاب آیا ہے، یہ کسی ایک حکومت کے بس میں نہیں تھا کہ وہ سیلاب سے نمٹ سکے، میں مانتا ہوں اور یہ بھی مانتا ہوں کہ دس حکومتیں ایسی ہوں، تب ہی مشکل تھا لیکن میں تو ذرا یہ بھی سوچتا ہوں کہ جب آپ کوئی عمل کرتے ہیں تو مجھے اندازہ ہوتا ہے کہ آپ یہ عمل پارٹی کیلئے کر رہے ہیں، پیپلز پارٹی کیلئے کر رہے

ہیں، اے این پی کیلئے کر رہے ہیں یا قوم کیلئے کر رہے ہیں۔ جب آپ قوم کیلئے کرینگے تو آپ ہیلی کاپٹر میں اکیلے نہیں گھومیں گے، آپ کے ساتھ پیر صابر شاہ بھی ہونا چاہیئے، آپ اکیلے نہیں گھومیں گے، آپ سکندر شیر پاؤ کو بھی ساتھ رکھیں گے، آپ اکیلے نہیں گھومیں گے، آپ اپوزیشن کے لوگوں کو بھی ساتھ رکھیں گے اور قوم کو یہ میسج دیں گے کہ اس وقت سیاست نہیں ہے، یہ ہمارا قومی جرگہ ہے اور اس میں اپوزیشن اور حکومت ایک ہیں لیکن معاف کیجئے، یہ ٹھیک ہے کہ سیلاب آپ کے بس سے بہت باہر تھا، رویئے تو آپ کے بس سے باہر نہیں تھے نا؟ یہ اخلاقیات تو آپ کے بس سے باہر نہیں تھے نا؟ اگر آپ ان اخلاقیات پہ آتے تو آج لہجہ اور میٹھا ہوتا لیکن آج میں لہجے کو میٹھا کرنا چاہتا ہوں۔ جمعیت علماء اسلام نے اے پی سی میں شرکت کی تھی جو آپ نے بلائی تھی اور آئندہ بھی آپ بلائیں گے تو ہم انشاء اللہ حاضر ہوں گے، یہ وقت سکور کا نہیں ہے۔ انشاء اللہ ہم یہ کہنا چاہتے ہیں کہ اس مشکل وقت میں ہم نے اپنے مؤقف کو قائم رکھا ہے اور آج بھی یہ کہتے ہیں کہ یہاں سیاست نہیں ہوگی، نہیں ہوگی، نہیں ہوگی لیکن آپ کو بھی کہتے ہیں کہ حکومت نہیں ہوگی، حکومت نہیں ہوگی، حکومت نہیں ہوگی اور جب آپ حکومت کریں گے تو پھر میں اپوزیشن کروں گا اور یہ نقصان آپ کا ہوگا، میرا نہیں ہوگا، لہذا آئیے آج ایک اچھا میسج دینا چاہتے ہیں، ایک اچھا پیغام دینا چاہتے ہیں، اپنے آپ کو Mature ثابت کرانا چاہتے ہیں اور دنیا کو یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ خیبر پختونخوا کے پارلیمنٹیریز بہت زیادہ Mature ہیں اور وہ یہ ثبوت ہو، ایسا نہ ہو کہ ہماری تقریر کیلئے وقت کی Limit ہو بلکہ ہماری تجاویز کو دیکھ لیا جائے۔ میری یہ تجویز ہے کہ یہ اسمبلی ہماری مجلس شوریٰ ہے، یہ اسمبلی ہمارا اجماع ہے اجماع، یہ اسمبلی ہمارا متفقہ فورم ہے اور اے این پی والوں کی زبان میں کہدوں کہ یہ ہمارا قومی جرگہ ہے، اس پر آپ کو اعتماد کرنا ہوگا۔ مجھے معاف کیجئے میرے پاس اور کوئی مثال نہیں ہے لیکن اگر کسی آدمی کا ایکسڈنٹ ہوا ہے اور ایکسڈنٹ میں اس کی آنکھ کی بینائی ضائع ہو گئی ہے تو کیا جب رویت ہلال کا موقع آئیگا تو آپ اسی مجروح آنکھ والے سے کہیں کہ آپ جاکر ہلال دیکھیں؟ نہیں ایسا تو نہیں ہو سکے گا، ہمیں اپنی کمزوریوں پہ نظر رکھنی چاہیئے اور وہ آدمی عقلمند ہوتا ہے جو اپنی کمزوریوں پہ نظر رکھے۔ محترم حضرات صوبہ خیبر پختونخوا میں موجود ہیں، یہاں سیلاب زدہ بھی موجود ہیں، امداد زدہ بھی موجود ہیں تو مجھے بتا دیا جائے کہ کیا بات ہے کہ آج لوگ پیسہ دینے کیلئے تیار نہیں ہیں اور اعتماد بہت بڑی چیز ہے، آپ اعتماد کھوئیں گے تو پھر آپ کو اعتماد بحال کرنے کیلئے ایک اور Step لینا ہوگا اور جہاں پہ اعتماد نہیں رکھیں گے تو بہت بڑا ڈیزاسٹر ہے، وہ ہمارے چہروں پہ ایک کلنگ کا ٹیکہ لگا کر گزر جائیگا۔ جناب سپیکر،

میری رائے یہ ہے کہ ہم آج آپ کی پیشرفت سنیں، ہم آپ پر اسمبلی میں بھی اعتماد کرتے ہیں اور باہر بھی کرتے ہیں، ہمارا ایکسڈنٹ ہو جاتا ہے تو ہمیں امید ہوتی ہے کہ سپیکر صاحب کا فون آئیگا اور حکومت والوں کا نہیں آتا تو کوئی بات نہیں۔ سپیکر صاحب ہمارے زکام کا پوچھے گا، ہماری صحت کا پوچھے گا۔ جناب سپیکر، میں اپنی دیانت کے اعتبار سے کہتا ہوں کہ آج اگر میں نے آپ کی ذات پر کوئی ایسی بات بھی سنی جو دیانت کے خلاف ہو، باالفرض اگر آج حکومت پر یہ اعتماد نہیں ہے تو سپیکر پر یہ اعتماد کیاجائے اور میں ایک فار مولے کی بات کرتا ہوں، اکیلے نہیں بلکہ جوائنٹ اپوزیشن کی طرف سے بات کرتا ہوں، جاوید عباسی صاحب نے یہ بات کی ہے، ان سے پہلے نصیر خان نے بات کی ہے اور جناب پیر صاحب نے بات کی ہے اور وہ فار مولا ہے 'فور فور ون' کا، چار آدمی ہم دیں گے آپ کو اور چار آدمی آپ دے دیں اور ون ہمارے سپیکر صاحب ہو جائیں، ان کی سربراہی میں ہم ایک اتھارٹی بنانا چاہتے ہیں، ادارہ بنانا چاہتے ہیں، وہ مانیٹرنگ نہیں کرے گا، وہ ڈونیشن مانگے گا اور انصاف سے تقسیم بھی کرے گا تاکہ حکومت اور اپوزیشن کا یہ تصور ختم ہو جائے اور سیلاب سے نمٹنے کیلئے ہمارے اندر صلاحیت پیدا ہو جائے۔ آج اگر حکومت کہتی ہے کہ یہ ادارہ ہم بناتے ہیں تو پھر لوگ ہم پہ اعتماد نہیں کریں گے، یہ حکومت پر اعتماد نہیں ہوگا۔ جناب سپیکر صاحب، ایسا نہیں ہے، یہ ڈیزاسٹر بڑا ہے اور یہ حکومت کی یونیفارم اور چوکاٹ کا نہیں ہے۔ جب یہ بڑا ہے تو آپ کو کچھ باتیں ہماری بھی ماننا پڑیگی۔ یہ ایریگیشن کا معاملہ ہے، یہ صرف ہیلتھ کا معاملہ نہیں ہے، یہ زراعت کی بات نہیں ہے، یہ پورے انفرسٹرکچر کی بات ہے، یہ پورے انفرسٹرکچر کی بات ہے۔ میں مرکز سے بھی لڑنا چاہتا ہوں، میں یو این او سے بھی لڑنا چاہتا ہوں، میں دنیا سے بھی امداد لینا چاہتا ہوں، پاکستان کے مخیر حضرات کو بھی متوجہ کرنا چاہتا ہوں اور میں صوبہ خیبر پختونخوا کے مخیر حضرات کو بھی آگے آنے کی دعوت دینا چاہتا ہوں، اس عظیم ذمہ داری کیلئے ہمیں ایک بااعتماد قوم تشکیل دینا ہوگی اور ایسی قوم جب سامنے آئیگی تو ہمارے اعتماد میں اضافہ ہوگا۔ کیا بات ہے کہ اگر عمران خان کے نام پر چوبیس کروڑ روپیہ آتا ہے تو کیا میرے نام پر، میرے سپیکر کے نام پر اور میری اسمبلی کی نام پر پیسہ نہیں آئیگا؟ نہیں، یہ پیسہ آرہا ہے، وہ آج بھی آپ کا انتظار کر رہے ہیں، وہ آپ کے میکنزم کو دیکھنا چاہتے ہیں، کوئی مخیر شخص اس کیلئے تیار نہیں ہے کہ میرا پیسہ ضائع ہو جائے، میرا پیسہ غلط استعمال ہو جائے تو یہ خوف ہے ان کو۔ اگر آپ اعتماد دلائیں گے تو اس طرح مجھے امید ہے انشاء اللہ العزیز کہ ہم آگے بھی بڑھیں گے اور انشاء اللہ ایسی بات کریں گے کہ وہ قوم کی بہتری کیلئے ہوگی۔ توبہ استغفار کی سخت ضرورت ہے، اجتماعی طور پر بھی اور انفرادی طور پر

بھی۔ میں ان ساتھیوں سے اختلاف کرتا ہوں جو کسی کا نام لیکر کرپشن کی بات کرتے ہیں، نبی ﷺ نے تنقید کا طریقہ بتایا ہے۔ نبی ﷺ مجمع کے اندر بات کرتے ہوئے یہ کہتے ہیں "کیا ہوا بعض لوگوں کو کہ وہ جمعہ کی نماز کو آتے ہیں اور وہ کپڑے تبدیل نہیں کرتے ہیں؟"، یہ کتنی بہترین تنقید ہے۔ عزت نفس کا خیال رکھنا ہوگا، ہر ایک آدمی عزت نفس رکھتا ہے، کسی کی تھوڑی ہوگی اور کسی کی زیادہ ہوگی لیکن عزت نفس سے خالی کوئی نہیں ہے۔ یہ کہا جائے کہ فلاں جگہ پر کرپشن ہو رہی ہے، کسی کا نام لیں گے تو اس شخص سے دشمنی ہو جائیگی۔ آج ہمیں اجتماعی گناہوں سے توبہ کرنا چاہیئے اور میں 'محمد کفایت اللہ'، اپنے آپ کو متوجہ کرتا ہوں کہ مجھے بھی اپنے اجتماعی گناہوں سے توبہ کرنا چاہیئے، مجھے بھی اپنے انفرادی گناہوں سے توبہ کرنا چاہیئے اور اگر ہم توبہ نہیں کریں گے تو یہ آفتیں اور آئیں گی، اللہ کی ناراضگی کے اسباب پیدا ہونگے اور ہم بہت زیادہ پریشان ہو جائیں گے۔ جناب سپیکر، میں چند تجاویز دینا چاہتا ہوں، نفسیاتی نقصانات کا بھی ازالہ کیا جائے اور اگر میری تجاویز کو محترم وزیر لکھ لیں تو میرے لئے بھی اچھا ہوگا اور ان کیلئے بھی اچھا ہوگا۔ جب ہم کہتے ہیں کہ سیلاب آگیا تو سب سے پہلے متوجہ ہوتے ہیں ایریگیشن کو کہ ایریگیشن سسٹم کو بحال کیا جائے اور اس کیلئے جو سرخ فیتہ ہے تو ان رکاوٹوں کو دور کیا جائے۔ زراعت کیلئے بھی ایک ماسٹر پلان تیار کیا جائے اور جناب سپیکر، اضاخیل کے اندر ہماری خوراک کا ذخیرہ تباہ ہوگیا ہے، یہاں بھی ہمیں خوراک فراہم کی جائے یعنی اتنی مقدار میں ہو جائے تاکہ قحط کا جو خدشہ ہو تو وہ نہ ہو۔ میں یہاں وزیر خوراک، جناب شازی خان کو بھی خراج تحسین پیش کرونگا کہ کوہستان کو یہاں سے راستہ نہیں تھا تو انہوں نے گلگت بلتستان کے وزیر اعلیٰ کو درخواست کی کہ آپ وہاں آٹا بھیج دیں اور انہوں نے وہاں پہ آٹا بھیجا ہے۔ چترال سے بھی انہوں نے وہاں گندم سپلائی کی ہے یعنی کوئی نہ کوئی صورت بن گئی ہے یعنی خوراک کے ذخیرے کو بھی پورا کرنا ہوگا اور اموات کا معاوضہ اگر ابھی تک نہیں پہنچا تو میاں صاحب، ان کو پہنچا دینا چاہیئے۔ روڈ کو بحال کر دیا جائے، ٹیلیفون کو بحال کر دیا جائے، بجلی بحال کر دی جائے، واٹر سپلائی بحال کی جائے اور جنگلات کے رولز Relax کر دیئے جائیں، صوبے کو آفت زدہ قرار دیا جائے، بیس ہزار کی رقم کو ایک لاکھ تک بڑھا دیا جائے اور قرضے معاف کر دیئے جائیں۔ وبائی امراض کے آنے کا خطرہ ہے، اس کا انتظام کیا جائے اور آخر میں جناب سپیکر، لاہور کے حملوں کی میں بھی مذمت کرتا ہوں اور وہ ایسے لوگ ہیں جنہوں نے یہ حملہ کیا ہے کہ ان کا مذہب سے، مسلک سے اور اس ملک سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ میں الطاف حسین کے خلاف وہ تمام ریمارکس دینا چاہتا ہوں جو کل میرے بھائی افتخار حسین صاحب نے

دیئے ہیں اور میں جاوید عباسی صاحب کی اس بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ ایراا یک سفید ہاتھی ہے، اس کو لگام دے دیا جائے۔ ایراایک سفید ہاتھی ہے، اس کو لگام دے دیا جائے اور میرے صوبے کی رقم واپس دلائی جائے۔ جناب سپیکر، بہت زیادہ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ پاکستان کے اندر جب بھی جمہوریت لائن پر چلتی ہے، پٹڑی پہ چلتی ہے، لوگ ہم پہ اعتماد کرنا شروع کرتے ہیں، ہماری نیک نامی ہوتی ہے تو ایک آواز آجاتی ہے کہ اب مارشل لاء آنا چاہیئے، میں یہ مانتا ہوں کہ اگر الطاف حسین کرپشن کی بات کرتا ہے تو وہ ٹھیک ہے، کرپشن نہیں ہونی چاہیئے لیکن کرپشن کو آپ مارشل لاء سے ختم کریں گے؟ پرویز مشرف صاحب آئے تھے تو یہی بنیاد بناکر آئے تھے کہ اب میں کرپٹ لوگوں کو نکالونگا لیکن آج مجھے کہنا پڑتا ہے کہ اس کی پہلی کابینہ کے اندر نیب زدہ لوگ موجود تھے، وہ کرپشن کو ختم نہیں کرسکا، کرسی کی طوالت کیلئے بہانے بنائے جاتے ہیں۔ کرپشن الگ جراثیم ہے، اس کا مقابلہ کریں گے لیکن مارشل لاء کے ذریعے سے نہیں، قوم Mature ہے، بار بار انتخاب ہو جائے تو انشاء اللہ العزیز یہ اصلاح بھی ہو جائیگی۔ جناب سپیکر، میں تو حیران ہوں کہ ہم نے استحقاق کی تحریک کیوں پیش کرنے نہیں دی؟ میں الطاف حسین کو منگوانا چاہتا ہوں، انٹرپول کے ذریعے منگوانا چاہتا ہوں، یہاں اپنی اسمبلی کے سامنے پیش کرانا چاہتا ہوں اور یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ یہ آدمی غدار ہے، آئین کا غدار ہے، پاکستان کا غدار ہے اور کوئی آدمی اس کیلئے نرم جملہ رکھے گا تو وہ بھی آئین کا غدار ہو گا۔ (تالیاں) جناب سپیکر، میں مولانا فضل الرحمان صاحب کے ایک جملے پر اکتفا کرنا چاہتا ہوں، مولانا فضل الرحمان صاحب نے کہا کہ جہاں ایم کیو ایم موجود ہے تو وہاں طالبان کی کیا ضرورت ہے؟ جہاں ایم کیو ایم موجود ہے تو وہاں طالبان کی کیا ضرورت ہے؟ میری خواہش تھی، کشمیر اسمبلی کے اندر ایم کیو ایم موجود ہے، مرکز کے اندر موجود ہے، سینٹ میں موجود ہے اور وہ سندھ میں موجود ہے، یہاں موجود نہیں ہے تو میں کھلے عام بات کروں گا۔ میں ایم کیو ایم کے سہراب گوٹھ کا قتل عام بھی بتاؤنگا، میں ان کی لسانیات بھی بتاؤں گا، جو میرے پختون کا گلا دبارہا تھا تو وہ بھی بتاؤنگا لیکن جناب سپیکر، مجھے نہیں معلوم کہ جب ہم نے الطاف کی بات کی تو مجھے واک آؤٹ کرنا پڑا۔ یہ رویئے ٹھیک نہیں ہونگے۔ انشاء اللہ العزیز اگر ان تجاویز پر غور کیا گیا تو انشاء اللہ اس کا کوئی حل نکل آئے گا۔ انشاء اللہ العزیز Jointly اس سیلاب کے معاملے میں حکومت کا ساتھ دیں گے۔ دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں آزمائش سے محفوظ رکھے اور موجودہ آزمائش میں کامیابی نصیب فرمائے۔

<u>جناب سپیکر:</u> سکندر عرفان۔

بیرسٹرارشد عبداللہ(وزیر قانون): جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی ارشد عبداللہ صاحب۔

وزیر قانون: سر، دا بحث روان دے خو پرابلم دا دے چه زمونږ په اضافی ایجنډا باندے دوه آرډیننسز دی، د هغے د Extension د پاره به گزارش کوؤ نو ما وئیل که اجازت وی نو په دے باندے به پینځه منټه هم نه لگی، بیا به خیر دے دا ملگری چه څه خبرے کوی نو دا به هم Continuous ساتو خو چه دا پاس کړو ځکه چه دا ایم پی ایز بهر روان دی او سترې هم دی، روژه هم ده نو هسے نه آخر کښے بیا زمونږ میجارټی کمه شی او د کورم مسئله جوړه نه شی۔ نو دا به لږ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب، تاسو وروستو کوئ؟

جناب بشیر احمد بلور {سینئر وزیر(بلدیات)}: جناب سپیکر! څنگه چه زمونږ منسټر صاحب اووئیل، مونږ دا ریکویسټ کوؤ چه د دوئ دا کوم قراردادونه دی، تاسو د هاؤس نه تپوس اوکړئ، رولز Relax کړئ چه مونږ هغه قراردادونه پاس کړو۔ د هغے نه پس خیر دے دا به Continuous ساتو، ولے چه بیا دا سے خبره چه چرته کورم۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نه د رولز Relaxation ضرورت نشته۔

سینئر وزیر(بلدیات): ښه جی، بس ټهیک شوه بیا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دا مخکښے کوؤ، تاسو۔۔۔۔۔

جناب سکندر عرفان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: هاں سکندر خان! تهٔ څه وایئے، هاں؟

جناب سکندر عرفان: زهٔ جی د خپلے علاقے متعلق یوه خبره کوم جی۔

جناب سپیکر: اودریږه، دے پسے به بیا اوکړے کنه۔راشه زر وایه۔ چه مائیک دغه نه آن کیږی نو بس لږ کښینه، ورکړه بل له چا۔۔۔۔۔۔

جناب سکندر عرفان: شکریه، سپیکر صاحب۔ د سیلاب حوالے سره زمونږ ټولو ملگرو خبرے اوکړے، د صوابئ حوالے سره زهٔ خبره کوم۔ هلته خو چه نورو ضلعو ته اوگورو نو نقصان کم شوے دے، اتهٔ کسان مړه دی، تقریباً پنځلس

زخمیان دی، دوه نیم سوه فیملیز Affect شوے دی او د ریلیف حوالے سره زۂ مختصر غوندے یوه خبره کوم۔ هلته کښے چه تر اوسه پورے مونږ د ریلیف کوم کار کړے دے نو هغه خو ښه صحیح روان دے خو زۂ ستاسو په توسط د سوشل ویلفیئر منسټر صاحبه ته وایم چه هغوی کوم سامان صوابئ ته رالیږلے دے ، هلته چه کوم چه سیلاب Affected دی نو هغوی ته نه دے ملاؤ شوے۔ هغوی مونږ ته بار بار راځی او هغه سامان هلته کښے غلطو خلقو له تلے دے او غلط تقسیم شوے دے ، نو مونږه ورته ستاسو په توسط دا وایو چه په دے ټائم کښے به سیاست او اقرباء پروری پریږدو او په مونږ باندے چه دا کوم آفت راغلے دے نو په دے ټائم کښے پکار ده چه کوم سامان دے ، کوم د ریلیف کار راغلے ، Goods راغلی نو چه کوم سیلاب Affected خلق دی چه هغوی ته صحیح صحیح اورسی۔ نو مونږ به دوئ ته دا درخواست کوؤ چه په دے ټائم کښے دوئ کوم دا دغه کړے دے ، دوئ خپلو کسانو له ورکړی دی او د دے که تاسو وایئ نو زۂ به تاسو ته باقاعده هغه، د سیلاب Affectees ته هیڅ شے نه دے ملاؤ شوے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: دا کوم ځائے کښے ، صوابئ کښے دا چرته؟

<u>جناب سکندر عرفان</u>: صوابئ کښے جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: اودریږه، تۀ به بیا وروستو ورکړے کنه۔ جی بی بی۔

<u>محترمه ستاره ایاز (وزیر سماجی بہبود و ترقی نسواں)</u>: صوابئ کښے جی سروے شوے ده او د سیلاب د پاره جدا سروے شوے ده۔ دا سامان چه د کوم دوئ خبره کوی نو دا د سیلاب نه مخکښے یو این ایچ سی آر پانچ سو پیکج د صوابئ د پاره ما له راکړے وو، د هغه سامان خبره کوی۔ د سیلاب د پاره چه کوم سامان دے نو هغه د دوه زرو فیملیز د پاره ایس آر ایس پی تقسیموی او هغوی لا صوابئ نه ده شروع کړے۔ پرون ترے ما تپوس کړے دے ، د سیلاب Affectees جدا دغه دی۔ دوئ چه کومه خبره کوی نو هغه د فلډ نه مخکښے خبره ده او هغه ما په ریکوسټ باندے ، I personally requested them چه زۂ د صوابئ نه یم، ما له هغه راکړئ، هغه وخت کښے نه د سیلاب خبره وه او نه د بل څه خبره وه۔ د سیلاب

هغه به سیلاب والا ته ملاویږی۔ نن هم ما سی ایم صاحب سره خبره کړے ده، هغوی Compensation هم ورکوی۔ د یو این ایچ سی آر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دا سیلاب والا وروستو ده؟

وزیر سماجی بہبود وترقی نسواں: هغه جی روان دے، نن د هغے چه کوم تقسیم شوے دے، دا بل۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹھیک شوه جی۔

جناب سکندر عرفان: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی سکندر خان! بیا پکښے۔۔۔۔۔

جناب سکندر عرفان: زهٔ صرف دا خبره کومه چه دا کوم سامان تقسیم شوے دے نو دا یوه هفته مخکښے تقسیم شوے دے او دا خبره زهٔ ځکه کوم چه کوم سیلاب Affectees دی، کلو کښے خو مونږ ناست یو، منسټر صاحبه خو په پیښور کښے ناسته ده، خلق خو مونږ نه ګیله کوی چه دا سامان د سیلاب راغے، چا ته خو دا پته نشته چه دا د سیلاب والا د پاره راغلے وو۔ نو مونږ دا وایو چه زمونږ نه هلته کښے خلق تپوس کوی او چه څومره سیلاب Affectees دی نو مونږ له راځی، هلته کښے مونږ ناست یو نو مونږ وایو چه د دے وضاحت خو مونږ ته نشته۔ هغوی وائی د سیلاب د پاره راغلے دے او غلطو خلقو ته چه کوم سیلاب Affected نه دی، هغوی ته ملاؤ شوے دے۔

جناب سپیکر: دا سیلاب والا وروستو راروان دے؟

وزیر سماجی بہبود وترقی خواتین: او جی، هغوی له روان دے۔ د هغوی۔۔۔۔

جناب سپیکر: او دا د سیلاب نه مخکښے راغلے وو؟

وزیر سماجی بہبود وترقی خواتین: دا د سیلاب نه مخکښے دے، په ریکارډ باندے شته دے جی۔ دا که۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: خو خیر دے، دا منتخب ممبران لږ ځان سره کښینوئ، ستاسو خپل ورونړه دی۔

وزیر سماجی بہبود وترقی خواتین: نه جی، زهٔ خو ټولو دا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: خه پر دی خو نه دی کنه۔

وزیر سماجی بہبود و ترقی خواتین: او جی۔

Mr. Speaker: Ji, Arshad Abdullah Sahib, honourable Minister for Law and Parliamentary Affairs please.

وزیر قانون: زما به دا یو گزارش وی چه دا ستاسو د ډسټرکټ مسئله ده، خپلو کښے دغه ساتئ او اسمبلئ ته د دے خبرو راوړل زما خیال دے نا مناسبه ده۔

جناب سپیکر: جی۔

## ہنگامی قوانین کی معیاد میں توسیع کیلئے قرارداد ہا کا منظور کیا جانا

Minister for Law & Parliamentary Affairs: Resolution, in view of the proviso to sub clause (2) of the Article 128 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan, the Provincial Assembly of the Khyber Pakhtunkhwa hereby resolve that the Provincial Motor Vehicles (Khyber Pakhtunkhwa) (amendment) Ordinance 2010, Khyber Pakhtunkhwa Ordinance I of 2010, which expires on 4th September, 2010, shall be extended for a further period of ninety days with effect from the date of expiry of the aforesaid Ordinance.

Mr. Speaker: The motion moved and the question is that the resolution moved by the honourable Minister may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: 'Ayes' have it. The resolution is adopted unanimously.

دویم شته، دوسرا ہے؟

وزیر قانون: دویم شته جی۔

جناب سپیکر: جی، پلیز۔

Minister for Law: Resolution:- In view of the proviso to sub clause (2) of Article 128 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan, the Provincial Assembly of the Khyber Pakhtunkhwa hereby resolved that the Khyber Pakhtunkhwa Child Protection and Welfare Ordinance 2010, Khyber Pakhtunnkhwa Ordinance No. II of 2010, which expires on 06-09-2010, shall be extended for a

further period of ninety days with effect from the date of expiry of the aforesaid Ordinance.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the resolution moved by the honourable Minister may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: 'Ayes' have it. The resolution is adopted unanimously.

## سیلاب کی تباہ کاریاں اور حکومتی اقدامات پر بحث

جناب پرویز خٹک (وزیر آبپاشی): سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی پرویز خان خٹک صاحب۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: پرویز خان، تھینک یو۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: اس کو آتی نہیں ہے، وہ آپ نہ سکھائیں جی۔۔۔۔۔

جناب رحیم داد خان {سینئیر وزیر (منصوبہ بندی)}: وہ سیکھا ہوا ہے۔

جناب سپیکر: وہ اس کے بدلے افطار کرائے گا ایسے نہیں۔ افطار پہ اس کی جان خلاصی ہو گی۔ جی پرویز خان خٹک صاحب۔

وزیر آبپاشی: شکریہ، سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: گورنمنٹ کی طرف سے آپ کی Important وہ ہے اور میرے خیال میں اچھی اچھی باتیں آپ ہمیں سنائیں گے۔ جی پرویز خان خٹک۔

وزیر آبپاشی: چونکہ اسمبلی میں اتنی باتیں ہو چکی ہیں تو ابھی مجھے سمجھ نہیں آ رہی کہ کہاں سے شروع کروں اور کہاں ختم کروں؟ لیکن سب سے پہلے میں کہتا ہوں کہ سپیکر صاحب، پاکستان کا سب سے تلخ تجربہ میرے خیال میں اس سیلاب سے ہوا ہے کیونکہ دو ہزار کلو میٹر کالام سے لے کر کراچی تک تباہی و بربادی ہوئی ہے لیکن مجھے افسوس ہے کہ آج تک ہم یہ فیصلہ نہیں کر سکے کہ یہ جو سیلاب آیا ہے، اس کیلئے مستقبل میں ہمیں کیا کرنا چاہیئے؟ آج تک اس قوم نے توبہ نہیں کی، آج تک ہم نے اپنے گریبان میں نہیں دیکھا۔ میں ابھی کہتا ہوں کہ اگر ہم اس قوم کے نمائندے ہیں اور پاکستان اور اس صوبہ پختونخوا کو Represent

کرتے ہیں تو سب سے پہلے ہمیں اپنے آپ کو ایک مثال بنانا چاہیئے تاکہ لوگ یہ دیکھیں کہ ہمارے نمائندے اتنے ایماندار اور پاک صاف ہیں اور پریس والے کبھی یہ بات نہ کر سکیں کہ حکومت پر اعتماد نہیں ہے۔ ہمیں اپنا ایسا سلسلہ بنانا چاہیئے کہ ساری قوم اور سارے ملک کا ہم پر اعتماد ہو۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج اگر ٹی وی آن کرتے ہیں، اخبار پڑھتے ہیں تو یہی بات ہے کہ کسی کا اعتماد نہیں ہے۔ میں اس بات کو نہیں مانتا کہ اس قوم میں جذبہ نہیں ہے۔ میں نے اس قوم کا جذبہ اس دن دیکھا جس دن سیلاب آیا۔ میں نے اس قوم کا جذبہ پورے مہینے میں دیکھا کہ لوگوں نے ان سیلاب زدہ اور آفت زدہ لوگوں کو اپنے گھروں میں سنبھالا، ان کو کھانا دیا، سیلاب کے وقت ان کے ساتھ مدد کی۔ کون کہتا ہے کہ اس قوم میں جذبہ نہیں تھا؟ یہ سارا پروپیگنڈہ ہے۔ وجہ صرف یہ ہے کہ ہم آپس میں متحد نہیں ہیں۔ اگر ہم اپوزیشن اور حکومت ایک ہو کر جیسا کہ مولانا صاحب نے کہا کہ اگر ہم مل کر کام کرتے تو کوئی آج انگلی نہیں اٹھا سکتا تھا لیکن مجھے افسوس ہے، مجھے اس بات کا افسوس ہے کہ اگر اب بھی ہم اپنے آپ کو نہیں پہچان سکیں، اب بھی ہم اپنے گریبان میں نہیں دیکھ سکیں تو کل کی آفت ہمارے لئے تباہی کا باعث ہو گی کیونکہ اس ملک میں جو سیلاب آیا ہے تو یہ ایک سیلاب نہیں ہے، یہ سیلاب اس دنیا میں بار بار آئے گا، اس ملک میں Climatic changes ہو چکی ہیں۔ یہ جو سیلاب آیا ہے، یہاں پہلے Eastern winds ہوتی تھیں اور Western winds ہوتی تھیں، سب الگ الگ آتی تھیں لیکن یہ جو Climatic change کے ساتھ یہ دونوں Winds اکٹھے جا کر ہمالیہ کے پہاڑوں پہ ٹکرا رہی ہیں، ہمارے فیوچر میں گلیشئرز تباہ ہو رہے ہیں تو آئندہ ہمارے لئے پانی کا مسئلہ بنے گا۔ ابھی بھی ہم Realize نہیں کریں گے اور صرف باتیں کریں گے کہ یہ ہونا چاہیئے اور یہ نہیں ہونا چاہیئے اور اعتراضات ہونے چاہئیں تو میرے خیال میں ہمیں اپنا مستقبل نظر نہیں آ رہا۔ اگر ہم آئندہ بیس سال کیلئے دیکھیں تو نہ ہمارے پاس پانی ہو گا، نہ ہماری یہ آبادیاں ہونگی اور یہ سب کچھ بہہ جائے گا۔ مجھے صرف اتنا کہنا ہے کہ اگر ہم اس قوم کے نمائندے ہیں تو ہمیں سر جوڑ کر بیٹھنا ہو گا کہ ہم کیسے اس ملک کو مستقبل کیلئے بچائیں؟ جو کچھ ہو چکا ہے، وہ تو ہو چکا ہے، اس کا کچھ بھی نہیں کر سکتے ہیں۔ یہ سیلاب کیوں آتے ہیں؟ ایک تو ہمارے ایمان پکے نہیں، ایک ہم صحیح راستے پہ نہیں جا رہے ہیں، ایک اللہ تعالیٰ ہمیں امتحان میں ڈالتا ہے، آج ہم پہ ایک امتحان ہے اور ہم اس امتحان میں کیسے پاس ہونگے؟ پاس صرف یہی ہو سکتے ہیں کہ ایک اللہ ہماری مدد کرے اور ایک ہم خود اپنی مدد کریں۔ ہمیں اپنی مدد بھی کرنی چاہیئے، ہمیں بھی اس قوم کچھ دکھانا ہے۔ کیوں اخبار والے کہتے ہیں کہ ہم پر اعتماد نہیں ہے؟ ہم نے کوئی

ایسے جرم نہیں کیے، صرف وجہ یہ ہے کہ اس ملک میں سازشیں ہو رہی ہیں جمہوریت اور اس ملک کو تباہ کرنے کیلئے۔ کوئی ایسا جرم کسی نے بھی نہیں کیا کہ جب میں ٹی وی آن کرتا ہوں، سیلاب سے بندہ نکل آتا ہے تو اس کے منہ میں مائیک ڈالتے ہیں کہ حکومت کدھر ہے؟ حکومت کوئی جادوگر ہے؟ ہمارے پاس کوئی جن بھوت ہیں کہ سیلاب سے نکلنے والے کے منہ میں اسی وقت نوالا ڈال دیں اور اسی وقت ہم اس کو پانی دے دیں؟ یہ تو کوئی طریقہ نہیں ہے۔ بدنام کرنے کیلئے یہ سلسلے شروع ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ یہ سیلاب آتے رہیں گے، ملک پر امتحانات آتے رہتے ہیں، یہ کوئی پہلی دفعہ نہیں ہے لیکن میں صوبے کی حکومت اور خاص طور پر وزیر اعلیٰ صاحب کو داد دیتا ہوں کہ ایسے سخت وقت میں وہ کھڑے ہیں اور مقابلہ کر رہے ہیں۔ ہم ٹیلیویژن کا مقابلہ کر رہے ہیں، پریس کا مقابلہ کر رہے ہیں، اپوزیشن کا مقابلہ کر رہے ہیں، عوام کا مقابلہ کر رہے ہیں تو اس سے آگے ہم اور کیا کر سکتے ہیں؟ ہمارے پیچھے گلیوں میں باتیں ہوتی ہیں، ہم اس کا مقابلہ کر رہے ہیں لیکن ان کو بھی پتہ ہے کہ اس وقت تین طریقے ہیں، جو ہیلپ کیلئے اختیار کیے جاتے ہیں، ایک ہوتی ہے فوج، ایک این جی او اور ایک حکومت، فوج کے پاس تو بے انتہا لوگ ہیں، فوج کو پیسے کون دیتا ہے؟ صوبائی حکومت اور وفاقی حکومت دیتی ہیں۔ صوبائی حکومت کے پاس کونسی فورس ہے کہ وہ جا کر ہر ایک کو نوالا بھی دے، ہر ایک کو پانی بھی دے اور ہر ایک کے مسئلے بھی حل کرے؟ یہ تینوں اکٹھے مل کر کام کریں گے۔ مجھے افسوس سے کہنا ہے، مجھے افسوس اس بات کا ہے کہ کہتے ہیں کہ فوج حکومت کا حصہ نہیں ہے۔ مجھے کوئی بتائے کہ جب پریذیڈنٹ آرمی کا سپریم کمانڈر ہوتا ہے تو کون کہتا ہے کہ یہ ہمارا حصہ نہیں ہے اور پھر کیسے کون کہتا ہے کہ حکومت نہیں پہنچی؟ جب بھی کوئی آفت آتی ہے تو سب سے پہلے آرمی پہنچتی ہے اور وہ فرسٹ ایڈ دیتی ہے۔ پہلے ہم نے دیکھا کہ انہوں نے Boats سپلائی کئے، تیار کھانا سپلائی کیا، چار پانچ دن انہوں نے کام کیا اور آگے چلتے گئے۔ اس کے بعد آتے ہیں این جی اوز اور حکومت۔ مجھے افسوس اس بات کا ہے کہ میں نے ایک مہینے میں دیکھا کہ حکومت، ہم ذمہ دار ہیں، پی ڈی ایم اے نے ہمیں جو سامان دیا ہے، ایک ایک چیز کے ذمہ دار ہیں کہ اگر وہ غلط پہنچا ہو، کسی غلط آدمی کے گھر گیا ہو تو ہم پھانسی پر چڑھنے کیلئے تیار ہیں۔ ہم نے کوئی ایسا غلط کام نہیں کیا کہ کوئی کہے کہ یہ حکومت فیل ہو گئی ہے لیکن افسوس مجھے اس بات پر ہے کہ ہمیں جو بدنام کر رہے ہیں تو وہ این جی اوز ہیں۔ این جی اوز نے ایک آفت اٹھائی ہوئی ہے، ایک طوفان بنا ہوا ہے اور ہمارے لوگوں کو Beggars بنایا جا رہا ہے۔ ہم فقیر نہیں ہیں، ہمارے غریب لوگوں کو یہ Beggars بنا رہے ہیں اور لائنوں میں کھڑا کر کے ان کی بے عزتی کر رہے

ہیں۔ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ ایک ایک گاؤں میں دس دس این جی اوز پہنچ رہے ہیں، نہ ان کے پاس حساب کتاب ہے اور نہ ان کو پتہ ہے کہ کسی کو سامان ملا ہے کہ نہیں؟ صرف کاغذ بھرنے کیلئے کہ ہم نے سامان دے دیا۔ میں اپنے علاقے میں دیکھتا رہا ہوں کہ ایک گاؤں میں تو ایک آدمی کو دس دفعہ سامان مل چکا ہے، ایک غریب جو شریف ہے، سفید پوش ہے، وہ لائن میں کھڑا نہیں ہو سکتا، وہ ڈنڈے نہیں کھا سکتا تو بالکل اس کو کچھ بھی نہیں ملتا۔ میں پوچھتا ہوں کہ ہمارے ساتھ تو عوام حساب کرتے ہیں، ہمارا آڈٹ بھی ہوگا مگر ان این جی اوز کا آڈٹ کون کرے گا اور اس کا حساب کس کے پاس ہے کہ انہوں نے کس کو کیا دیا ہے؟ (تالیاں) اور یہ حقیقت ہے کیونکہ میں نے خود دیکھا ہے۔ میں لڑا ہوں صوبائی چیف سیکرٹری کے ساتھ، پی ڈی ایم اے کے ساتھ اور میں ہر جگہ چیختا رہا ہوں کہ خدا کیلئے این جی اوز کو بٹھاؤ، ان کے ساتھ ایک سسٹم بناؤ کہ یہ تقسیم کیسا ہوگا؟ Rehabilitation کیسی ہو گی، کنسٹرکشن کیسی ہو گی؟ لیکن وہ کہتے ہیں کہ یہ ہمارے نہیں سنتے۔ حکومت کے اندر پرائی حکومت کیسی آ سکتی ہے؟ یہ ہماری حکومت ہے اور ان کا باپ بھی مانے گا۔ غلط تقسیم ہم نہیں مانتے ہیں، غلط طریقہ کار ہم نہیں مانتے ہیں۔ کیوں ان کو یہ اجازت دی گئی ہے کہ وہ اپنی مرضی سے یہاں جو چاہے کرتے چلے گئے ہیں اور اپنی مرضی سے تقسیم کرتے رہے ہیں۔ میرے پندرہ گاؤں زیر آب آ چکے ہیں، تباہ و برباد ہو چکے ہیں اور میرے ساتھ ایک ایک گھر کی لسٹ ہے، میرے پاس ایک ایک آدمی کا نام لکھا ہوا ہے، میں پاگلوں کی طرح پھرا ہوں، ہر این جی او کے پاس گیا ہوں کہ خدا کیلئے یہ لسٹ لو اور یہ طریقہ ہے، یہ میں نے مسجد میں کمیٹیاں بنا کر بنائی ہیں، میں نے اپنے گھر میں نہیں بنائیں، مسجدوں میں کمیٹیاں بنائیں کہ ان کو اس طریقے سے سامان دو تو نہ آپ کی بدنامی ہو گی اور نہ حکومت کی، تو ہمیں کیا جواب ملتا ہے؟ نہیں، نہیں، سیاسی لوگوں سے ہم بات نہیں کرتے ہیں۔ کیا ہم Untouchables ہیں، ہم سے کیوں بات نہیں کرتے ہیں؟ کیونکہ ان میں چوری ہے، وہ ڈاکو آئے ہوئے ہیں، وہ اپنا سب کچھ چھپانا چاہتے ہیں۔ (تالیاں) حقیقت یہ ہے کہ ان کا کوئی حساب کرنے والا نہیں ہے، ان سے کوئی پوچھنے والا نہیں ہے کیونکہ انہوں نے کتنا سامان لیا، مجھے نہیں پتہ؟ میرے حساب کا تو آپ سب کو پتہ ہے، کوئی بتا سکتا ہے، یہ پریس بتا سکتا ہے کہ این جی اوز نے کہاں سامان دیا، کتنا دیا، ان کے پاس کتنا پیسہ آیا اور وہ صحیح گیا یا غلط گیا؟ لیکن ہم جو کرتے ہیں تو ہمیں تو معاف بھی نہیں کرتے ہو، ہمیں تو گلی گلی میں بدنام کرتے ہو، ہمیں تو ہر جگہ کہتے ہو کہ آپ یہ زیادتی کر رہے ہیں لیکن میں یہ پوچھتا ہوں کہ اس وقت تین ادارے کام کر رہے ہیں، ایک ہے فوج، جس کو میں سلام کرتا ہوں لیکن وہ بھی

حکومت کاادارہ ہے،ایک ہے صوبائی حکومت، ہم ہر چیز کے جواب دہ ہیں کہ ہم نے جتنے پیسے خرچ کیے ہیں، جتنا سامان دیا ہے تو ایک ایک چیز کا حساب ہم سے لیں، ہم ایک ایک چیز بتائیں گے لیکن آپ این جی اوز کا بھی تو احتساب کریں۔ان سے بھی پوچھیں کہ کتنے پیسے لائے ہو، کتنا سامان دیا اور کس کو دیا ہے؟ یہ کسی کو بھی پتہ نہیں چلے گا کیونکہ یہ آئے ہی اسلئے ہیں کہ ہمیں بھکاری بنائیں۔ ہم بھکاری نہیں ہیں۔ میں نے ابھی بھی حکومت کو کیبنٹ میں مشورہ دیا ہے اور ہر جگہ کہ خدا کیلئے ان کو روکو، ان کے ساتھ حساب کروتا کہ تقسیم میں ہم سب اور حکومت کی بدنامی نہ ہو۔ تو میرا یہ آپ سب سے، اس کے علاوہ جیسا میں کہہ رہا تھا کہ Climatic changes ہیں اور اس کیلئے ہمیں تیاری کرنی پڑیگی۔ تیاری کیسی ہوگی؟ صرف باتوں سے تو نہیں ہوگی بلکہ ہمیں ڈیمز بنانے پڑیں گے، ہمیں سمال ڈیمز بنانے پڑیں گے اور ہمیں ایسی چیزیں کرنی ہوں گی کہ آئندہ کیلئے ہم سیلاب سے بچ سکیں۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

<u>وزیرآبپاشی</u>: کالاباغ ڈیم سے ہم نہیں بچیں گے، ہم تو اس وقت اس اسمبلی کی بات کر رہے ہیں۔ کالاباغ ڈیم اگر بن گیا تو میرے خیال میں یہ نوشہرہ، پشاور اور چارسدہ نہیں رہے گا اور ہم کشتیوں میں، ایک نیا میرے خیال میں۔۔۔۔۔

(شور)

<u>وزیرآبپاشی</u>: مجھے بات کرنے دیں، آپ پھر وہ، اچھا مجھے بات کرنے دیں۔۔۔۔۔

(شور / قطع کلامیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: چلو، ان کو بولنے دیں۔ (قہقہہ)

<u>وزیرآبپاشی</u>: دوسری بات، میں ان کو سپورٹ نہیں کرتا ہوں۔ میں نے بغیر کالاباغ ڈیم کے نوشہرہ اور چارسدہ میں سیلاب دیکھا ہے تو کالاباغ کے بعد تو کچھ بھی نہیں ہوگا۔

(قطع کلامیاں)

<u>Mr. Speaker</u>: No cross talks, no cross talks. Finish it.

<u>وزیرآبپاشی</u>: پھر میں نے اس تجربے میں یہ دیکھا کہ ہم سنتے آرہے تھے کہ۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

<u>وزیرآبپاشی</u>: سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

وزیر آبپاشی: مجھے بات کرنے دیں کیونکہ آج بات کرنے کو بہت دل کرتا ہے۔
جناب سپیکر: آپ اس طرف مخاطب کر کے بولیں تو وہ نہیں بولیں گے۔آپ تو ان کی طرف دیکھ رہے ہیں، بول رہے ہیں تو۔۔۔۔۔
وزیر آبپاشی: تو آپ کو مخاطب کرتا ہوں جی۔
جناب سپیکر: طریقہ یہ ہے۔ (قہقہہ)

(قہقہے/تالیاں)

جناب سپیکر: صحیح طریقہ یوں ہے اور پہلی دفعہ، پرویز خان، کوئی پہلی دفعہ تو نہیں ہے آپ تو چار دفعہ۔۔۔۔۔
وزیر آبپاشی: اوہ اوہ، سیٹ ایسی ہے تو میں کس طرف بات کروں؟
جناب سپیکر: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔
میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر صاحب!۔۔۔۔

(شور)

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): او تۂ پکبنے گورے۔

(قہقہے)

وزیر آبپاشی: هغه خبره نه ده گورے۔ میری ساری باتیں جو کہنا چاہتا تھا۔ (قہقہہ)
جناب، ہم یہ بھی سنتے آرہے تھے کہ یہاں پی ڈی ایم اے ہے لیکن بالکل مجھے ان پر کوئی اعتراض نہیں ہے، بہت اچھا آفس ہے، بہت اچھے لوگ ہیں، اس میں بہت اچھے آفیسرز ہیں اور اچھا سامان بھی لائے ہیں، بالکل اعتراض نہیں ہے لیکن سسٹم انہوں نے نہیں بنایا ہے۔ ان کی کتاب میں جو رولز ہیں، انہوں نے پڑھے نہیں ہیں۔ ان کے جو اختیارات ہیں اور اس میں کیا لکھا ہے، انہوں نے پڑھے نہیں ہیں کہ ہم نے کیا کرنا ہے؟ ان کا تو کام تھا کہ اس کو ڈسٹرکٹ لیول پر لے جاتے اور یہ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس پیسہ نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں کہ بغیر پیسے بھی یہ کام ہو سکتا ہے۔ پیسے کی کیا ضرورت ہے، ہر چیز پیسے سے کرنی ہے؟ اگر ہم میں ہمت ہو، ہم میں جذبہ ہو تو ہمیں کوئی پیسے ٹکے کی ضرورت نہیں۔ اگر پی ڈی ایم اے ڈسٹرکٹ کو Straightaway as a rule ڈائریکشن دے دے کہ بھئی، اگر آفت آئی تو آپ کے ٹیچرز کیا کریں گے؟ آفت آئی تو ڈاکٹرز کیا کریں گے؟ ٹی ایم اوز نے کیا ڈیوٹی کرنی ہے؟ ڈی سی اوز نے کیا ڈیوٹی کرنی ہے اور

جو بھی سرکاری لوگ ہیں یا پٹواری ہیں تو انہوں نے کیا کرنا ہے؟ جب آفت آئے گی تو بغیر بتائے انہوں نے چوبیس گھنٹے میں کام شروع کر دینا ہے اور کسی نے ڈائریکشن ہی نہیں دینی ہے۔ میں ابھی بھی کہتا ہوں، میں نے کیبنٹ میں بھی کہا ہے کہ اگر ابھی بھی آپ ٹیچرز کی ڈیوٹی لگائیں گے تو ایسے سخت وقت میں آپ کیا کریں گے؟ ٹیچرز اپنی ذمہ داری سمجھیں گے اور دن رات کام شروع کریں گے۔ ٹی ایم اوز کو ڈائریکشنز ہوں، ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کو ڈائریکشنز ہوں، اریگیشن کو ڈائریکشنز ہوں، سارے محکمے موجود ہیں تو یہ ہماری فورس ہے نا اور یہ حکومت ہے، حکومت تو کوئی اور چیز ہے ہی نہیں۔ اگر انہی اداروں کو صحیح ڈائریکشنز ملے ہوتے تو Boats بھی موجود ہوتے، فلڈ کے وقت میں لوگ بھی موجود ہوتے اور جس طرح آرمی پہنچی ہوئی ہوتی ہے تو ہمارے ٹیچرز کھانا اور سامان لیکر پہنچے ہوتے۔ پیسے تو اس پر نہیں لگتے لیکن کسی میں Sense ہی نہیں ہے کہ یہ ڈائریکشنز دیں۔ ہم لوگوں میں یہ Sense ہونی چاہیئے کہ ہم پہلے سے تیاری کریں، بغیر پیسوں کے بھی بہت کچھ کام ہوتا ہے لیکن افسوس یہ ہے کہ ہماری بیوروکریسی تو بغیر پیسوں کی کام ہی نہیں کرتی۔ ان کے خزانے بھر دو تو وہ کام کرے گی، Otherwise کام نہیں کریگی۔ جب تک یہ چیزیں نہیں ہونگی، جب تک ہم سوچ کر بغیر پیسوں کے اس ملک کیلئے کام نہیں کرینگے تو میرے خیال میں یہ سلسلہ جاری رہے گا، یہ سارا کچھ پیسے سے نہیں ہوتا۔ تو ابھی بھی وقت ہے کہ اگر ان کو صحیح ڈائریکشنز دیئے جائیں تو یہ جو ہمارے مسئلے ہیں، یہ حل ہو سکتے ہیں۔ یہاں یہ بھی بات ہوئی کہ سروے ہو رہا ہے اور کسی کو خبر ہی نہیں ہے، میرے خیال میں کئی لوگ بے خبر ہیں۔ وزیر اعلیٰ صاحب نے آرڈر کیا ہوا ہے کہ ایک پٹواری ہوگا، اس کے ساتھ ٹیچرز ہونگے اور اس کے ساتھ صوبائی ممبر کے Representatives ہونگے جو گاؤں گاؤں پھر کر سروے کر رہے ہیں کہ کسی کا گھر اگر خراب ہوا ہے، کسی کا گرا ہے یا کسی کا جزوی نقصان ہوا ہے اور جہاں پر ایسا سیلاب نہیں آیا ہے تو اس کیلئے بھی کیبنٹ نے فیصلہ کیا ہے کہ بارشوں سے جو گھر گر گئے ہیں تو انہی کو بھی یہی پیسے ملیں گے۔ اس وقت اگر بیس ہزار روپے مل رہے ہیں، یہ گھروں کیلئے نہیں مل رہے ہیں بلکہ یہ بیس ہزار ان لوگوں کو Rehabilitate کرنے کیلئے دیئے جا رہے ہیں، وہ غریب آدمی جس کا سب کچھ بہہ گیا تو اس کیلئے یہ بیس ہزار معمولی رقم ہے لیکن کچھ تو ہے نا، اس کو ادھر داد دینی چاہیئے۔ میں اخباروں میں دیکھ رہا ہوں کہ لاکھ روپے دے دو، دو لاکھ روپے دے دو لیکن کسی نے حساب کیا ہے کہ اس بیس ہزار روپے سے دس ارب روپے بنیں گے؟ دس ارب میں پانچ ارب وفاق دے رہی ہے اور پانچ ارب صوبہ دے گی۔ اس کے علاوہ بھی ری کنسٹرکشن آف دی ہاؤسز کیلئے پروگرام ہے، چاہے وہ لاکھ ہو،

چاہے دولاکھ ہو، جتنا پیسہ خزانے میں ہوگا تو اس کے مطابق تقسیم ہوگی۔ تو ہم یقین کرتے ہیں کہ ان کے گھر بھی بنائیں گے اور انشاء اللہ پکا بنائیں گے لیکن پھر بھی آگے مجھے ایک اور شک پیدا ہورہا ہے اور وہ یہ ہے کہ این جی اوز یہاں پر گاؤں گاؤں پھر رہے ہیں، کسی گاؤں میں جاتے ہیں کہ ہم ساٹھ گھر بنا کر دیں گے، کہیں آتے ہیں جی کہ ہم پچاس گھر بنا کر دیں گے، ارے ہمیں کیوں دشمنی میں ڈالتے ہو؟ اگر ایک گاؤں میں دوسو گھروں کی ضرورت ہے اور آپ پچاس گھر بنائیں گے تو وہ لوگ ایکدوسرے کے دشمن ہو جائیں گے۔ اس کیلئے بھی میں نے پی ڈی ایم اے کے ہیڈ سے آج اور کل بات کی کہ مہربانی کرکے ہر ڈی سی او کو لیٹر لکھیں کہ یہ این جی اوز جو کچھ کرنا چاہتے ہیں تو کریں لیکن ریکارڈ پر رہے کہ انہوں نے کیا کرنا ہے؟ ایک گاؤں میں اگر وہ سو گھر بناتے ہیں تو خوشی سے بنائیں لیکن ڈی سی او کے پاس ریکارڈ ہونا چاہیئے کہ یہ این جی اوز کر رہے ہیں اور یہ کام ہم نے کرنا ہے۔ اگر یہ Combination بن جائے تو میرے خیال میں سال کے اندر یہ سب Rehabilitate ہو سکتے ہیں اور اس میں کوئی شک نہیں کہ بہت پیسہ آرہا ہے، یہ غلط بات ہے کہ اگر کوئی کہے گا کہ کچھ بھی نہیں ہوا۔ میں نے خود ٹی وی میں اپنے ووٹر کو دیکھا جس کو تین تین بار میں نے فوڈ کے پیکجز دیئے ہیں اور وہی ٹی وی کے سامنے کھڑا ہوتا ہے کہ مجھے کچھ نہیں ملا۔ میں نے خود اس کو فون کیا کہ بے غیرت تین دفعہ تو میں نے دیئے ہیں، آگے تم کس طرح یہ بات کر سکتے ہو؟ تو وہ کہتا ہے کہ اگر ہم یہ بات نہیں کرینگے تو ہمیں پھر کوئی کچھ نہیں دے گا، ہم بھکاری نہیں تو اور کیا بن رہے ہیں؟ ہمارا مقابلہ یہی ہے کہ زیادہ سے زیادہ ہم پیدا کریں اور باقی سب غرق ہو جائیں۔ تو یہ میرا ان کو ریکویسٹ ہے، پریس کو ریکویسٹ ہے کہ پلیز آپ گاؤں میں جائیں اور جو کہتا ہے کہ مجھے کچھ نہیں ملا تو اس کو کہو کہ مجھے اپنے گھر لے جاؤ، اس کا کمرہ کھول لو تو آپ کو کمرہ بھرا ملے گا، دو سال کا راشن پڑا ہوا ہے۔ ہر گھر والے جھوٹ بولتے ہیں کہ ہمیں کچھ نہیں ملا اور صرف حکومتوں کو بدنام کر رہے ہیں۔ میرے اپنے لوگ پھر رہے ہیں، سروے کر رہے ہیں اور جو بھی کہتا ہے کہ نہیں دیکھا تو ہم اس کے گھر جاتے ہیں اور جب کمرہ کھولتے ہیں تو اوپر تک بھرا ہوتا ہے تو ایسی بات نہیں ہے کہ حکومت کچھ نہیں کر رہی، یہ صرف سیاسی بیانات ہیں کہ ہم کچھ نہیں کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ میں اس سے آگے آتا ہوں ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ پر جی۔ جیسے سیلاب آیا، 29 تاریخ کو سیلاب آیا، سمجھ نہیں آرہی ہے کہ 29 کو سیلاب آیا اور 2 تاریخ کو ہم نے کام شروع کیا کہ ہم اپنی نہریں بحال کریں اور بدقسمتی یا خوش قسمتی سے کہ صوبائی وزیر اعلیٰ صاحب نے ایک ڈائریکٹوریٹ بنایا جس کی وجہ سے ہمارا کام دس پندرہ دن Delay ہو گیا۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>وزیر آبپاشی:</u> نہیں، تو ابھی ہماری نہریں سب چالو ہو جاتیں لیکن پھر بھی وہ ڈائر یکٹوریٹ ہمارے لئے فائدہ مند ہے کیونکہ میں نے یہاں دیکھا ہے کہ محکمے، چاہے ایریگیشن ہے، چاہے سی اینڈ ڈبلیو ہے، چاہے جو بھی محکمہ ہے تو دفتر میں بیٹھ کر Estimate بھیج دیتے ہیں کہ اربوں کا نقصان ہو گیا، میرے محکمہ نے بھی اربوں کا نقصان بھیجا، کیا ان کے پاس جادو تھا کہ ہفتے کے اندر انہوں نے سارا وہ کر لیا؟ تو میں خوش ہوں کہ وزیراعلیٰ نے ایک ڈائر یکٹوریٹ بنایا جو چیک کر رہا ہے کہ کام صحیح ہو رہا ہے اور پیسے صحیح استعمال ہو رہے ہیں۔ اس وقت ہمارے ایریگیشن کے سارے کینالز انشاء اللہ تعالیٰ عید سے پہلے کام کرنا شروع کر دیں گے، ہمیں اس وقت صرف مسئلہ چشمہ رائٹ بینک کینال اور خویشگی لفٹ ایریگیشن میں ہے۔ چشمہ رائٹ بینک کینال چونکہ واپڈا کے ساتھ ہے اور انہوں نے ابھی تک کام شروع نہیں کیا، میں اس اسمبلی کے فلور سے ان کو ریکویسٹ کرتا ہوں کہ جلد از جلد چشمہ رائٹ بینک کینال پر کام شروع کریں کیونکہ صوبائی حکومت کے ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ نے ڈی آئی خان میں سارے کام شروع کیے ہیں، صرف واپڈا کی وجہ سے وہ نہر نہیں چل رہی ہے۔ اگر وہ نہر نہیں چلی، اس نہر میں پانی نہیں آیا تو میرے خیال میں ڈی آئی خان کی ہزاروں، لاکھوں ایکڑز مین پہ جو فصلیں ہیں، تو وہ سب کچھ جل جائے گا اور وہاں سے کچھ بھی نہیں ملے گا۔ ہماری جو خویشگی لفٹ ایریگیشن ہے تو اس پر مسئلہ ہے، چونکہ وہاں اس کے سارے موٹرز ڈوب گئے تھے اور اس کو بنانے میں چالیس پینتالیس دن لگیں گے، ہم نے بہت کوشش کی لیکن اس پر کچھ ٹائم لگے گا اور سب سے اگلی بات کہ ہم نے آگے اس سے کس طرح بچنا ہے؟ جیسے میں نے پہلے ڈیمز کی بات کی تو خالی کالا باغ ڈیم ڈیم نہیں ہے اور بھی بہت ڈیمز ہیں۔ منڈا ڈیم ہے، اکوڑی ڈیم ہے، کرک میں ڈیمز ہے، کوہاٹ میں ڈیمز ہے، ایک کالا باغ کے پیچھے پڑ گئے اور باقی سب بھول گئے وجہ کیا ہے؟ (تالیاں) کالا باغ پر کیوں زور دیتے ہیں؟ آپ صوبے کے لوگ ہیں اور اس بات کو سمجھتے نہیں، وہ کالا باغ کا ڈنڈا لے کر آپ کو کچھ نہیں دینا چاہتے ہیں۔ اگر آپ ڈیم کی بات کریں گے تو وہ کہیں گے کالا باغ، ہم کہیں گے کہ نہیں مانیں گے تو ان کے پیسے بچ جائیں گے، ہمارے ڈیمز نہیں بچیں گے۔ یہ ایک بہانہ بنایا ہوا ہے آپ لوگوں کیلئے اور ان کا مقصد یہ ہے کہ منڈا ڈیم نہ بنے، ان کا مقصد ہے کہ اکوڑی ڈیم نہ بنے، ان کا مقصد ہے کہ ہمارے صوبے میں ڈیمز نہ بنیں، ہم بہانہ بناتے رہیں اور ہم اس صوبے کو ورغلاتے رہیں، یہ ہمارے ساتھ فراڈ ہو رہا ہے یقیناً۔ اس وقت منڈا ڈیم کیوں رکا ہوا ہے؟ کہتے ہیں کہ کورٹ میں کیس ہے۔ ہم یہاں پر تباہ و

برباد ہو رہے ہیں، دو سال سے عدالت میں Stay ہے۔ عدالت پہ میں بات نہیں کرنا چاہتا لیکن اتنی بڑے ایشو پہ۔۔۔۔۔

(شور)

<u>وزیر آبپاشی:</u> کیونکہ۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> ویسے یہ بڑی زیادتی کی بات ہے، پتہ نہیں چار سال سے کہ کتنے سالوں سے یہ Stay چلا آ رہا ہے۔

<u>وزیر آبپاشی:</u> یہ Stay پر، Stay پر چل رہا ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ کتنی قومی، National asset پر کچھ پتہ نہیں کہ اس طرف کیوں دھیان نہیں دیا جا رہا ہے؟ جی پرویز خان! مختصر۔

<u>وزیر آبپاشی:</u> تو اسلام آباد ہائیکورٹ میں ڈھائی تین سال سے Stay پر چل رہا ہے۔ میری ابھی بھی ریکویسٹ ہے وفاقی حکومت سے، واپڈا اور سپریم کورٹ سے کہ اس کا نوٹس لیں اور ہمیں اس ڈیم کو بنانے کی اجازت دیں اور Stay ختم کریں۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں / شور)

<u>Mr. Speaker</u>: No cross talks please.

(قہقہے)

<u>وزیر آبپاشی:</u> بس میں، باتیں تو بہت ہیں لیکن صرف، صرف۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> پرویز خان! آپ کی جگہ تھوڑا سا میں بول لونگا، بس اتنا کافی ہے۔

<u>وزیر آبپاشی:</u> دو چھوٹی سی باتیں، دو چھوٹی سی باتیں۔ سپیکر صاحب! دو Important باتیں ہیں۔ ہماری اس اسمبلی کے جتنے ممبران صاحبان ہیں تو سب کو ریکویسٹ کرتا ہوں کہ ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ میں آپ کے علاقے میں فلڈ سے جو نقصان پہنچا ہو یا کوئی ایسی جگہ جو ہمارے افیسروں سے رہ گئی ہو، میں ہر ایکسیئن کو انسٹرکشن دے چکا ہوں، آپ ان سے رابطہ کریں، جتنا بھی خرچہ آئے گا تو انشاء اللہ اس کیلئے ہم بندوبست کریں گے اور آپ کو پیچھے نہیں چھوڑیں گے۔ پھر سپیکر صاحب سے ایک اور ریکویسٹ کرتا ہوں کہ واپڈا ہمارے لئے وبال جان بن گئی ہے، ہم بالکل توبہ کیلئے تیار ہیں اور ناک رگڑنے کیلئے تیار ہیں لیکن ان سے ہماری جان چھڑائیں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> انشاء اللہ۔ (قہقہہ)

وزیر آبپاشی: نہ وہ ٹرانسفارمر ٹھیک کرتے ہیں، نہ لوڈ شیڈنگ ٹھیک کرتے ہیں، نہ تار ٹھیک کرتے ہیں اور بل اتنا بھیجتے ہیں کہ ہمیں بے ہوش کرتے ہیں تو ہماری مینڈیٹ کا کیا ہوگا؟

جناب سپیکر: اس کیلئے کچھ سوچتے ہیں۔ اچھا باہر سے ایک خط آیا ہے کہ پولیس کے جوان صبح آٹھ بجے سے چھتوں اور سڑکوں پر کھڑے ہو کر ڈیوٹیاں ادا کر رہے ہیں، گرمی بھی شدت کی پڑ رہی ہے، روزہ بھی ہے، اب آپ خود ہی انصاف کریں کہ کیا کریں؟ یہ بڑا درد بھرا خط آیا ہے۔۔۔۔

(شور)

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر! ہم نے تو کہا ہے کہ راستے سارے کھول دیں، ہمیں کوئی پرواہ نہیں ہے اور سیکیورٹی پولیس اپنی جگہ پر کھڑی رہے۔

(شور)

جناب سپیکر: یہ لیڈیز کی طرف سے بھی ایک خط آیا ہے کہ ہم نے پکوڑے بھی بنانے ہیں، تو پکوڑے، یہ تین خط ان کی طرف سے آئے ہیں تو اب شوہروں کو بھی ادھر بلائیں گے؟

(شور)

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر صاحب! دلته یوه نیمه خبره اوشوه، یو خو زهٔ د میډیا په حواله یوه خبره کول غواړم او زهٔ په ډیره ذمه دارئ دا خبره کوم چه زمونږه د صوبے د میډیا چه څومره هم پرسنز دی نو هغوی زمونږ سره ډیره ملګرتیا کړے ده او هغوی ټول عمر دے ځائے نه ټهیک رپورټ لیږلے دے، چا ته دا پته نشته چه په میډیا کنټرول د چا دے؟ په میډیا د هغے خلقو کنټرول دے چه هغه زمونږ په صوبه کښے نه دی ناست، دوئ که ورله یو شے لیږی او د هغوی خوښه نه وی نو هغوی ئے نه ورکوی۔ چونکه پالیسی دا سے جوړه ده چه په دے وخت زمونږ په Favour کښے خبرے کمے دی او Against زیاتے دی، لهذا زهٔ د خپلے خیبر پختونخوا صوبے د میډیا خلقو ته شاباشے ورکوم او چه د بره نه کوم امتیازی سلوک دے نو هغوی ته دا خبره کوم چه دا امتیازی سلوک د ختم کړی۔ دا خبره ما ځکه اوکړه چه یو دوئ مونږ سره دے ځائے کښے ملګرتیا کړے ده نو په هغه بنیاد زهٔ خبره کوم۔ یو جی د لاهور د دهماکے خبره کوم چه د دے ځائے نه خبره ځی، کل جو واقعہ پیش آیا ہے تو اس کے حوالے سے ہماری اسمبلی پنجاب کے ساتھیوں کے ساتھ ان

کے غم درد میں برابر کی شریک ہے، چاہے اس طرح کا خود کش دھماکہ کہیں بھی ہو اور انسانیت کا خون ہے تو ہم اس کے خلاف ہیں، ہم صوبہ پنجاب کی حکومت اور عوام کے ساتھ ہیں اور ان دہشتگردوں کی مذمت کرتے ہیں اور ساتھ یہ بھی کہتے ہیں کہ جنہوں نے اس کی ذمہ داری قبول کی ہے تو ہم ان پہ بھی لعنت بھیجتے ہیں کہ جو اس رمضان کے مہینے میں مسلمانوں کا خون بہائے اور ساتھ میں یہ فخر کریں کہ ہم نے ان کا خون بہایا ہے اور مان بھی جائیں، ہم ان کی مذمت کرتے ہیں۔ ہم پنجاب کی حکومت اور پنجاب کے عوام کے ساتھ ہیں اور ان کے دکھ درد میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! میں ایک سیکنڈ آپ کا لونگا، کل میں نے جو بیان دیا اور یہاں پر بہت سارے ساتھیوں نے Appreciate بھی کیا تو میں نے بڑے خلوص سے وہ بات کی تھی اور آج بھی میں وہ بات کہہ رہا ہوں لیکن ساتھ میں یہ ضرور کہونگا کہ پاکستان کے صدر زرداری صاحب ہمارے لئے قابل احترام ہیں، ہم ان کے ساتھ اتحاد میں ہیں اور جب ہم اپوزیشن کا احترام کرتے ہیں تو اتحادیوں کا سب سے بڑھ کر احترام کرتے ہیں اور ہم زرداری صاحب کے ساتھ ہیں۔ اس وقت ملک میں جمہوریت اور جمہوری اداروں کی مضبوطی کیلئے ان کو کہیں گے اور جو بھی بات کی ہے تو ایمانداری سے کی ہے اور ایک بات میں کہتا چلوں کہ زرداری صاحب نے مجھے تحفے میں 'جی تھری رائفل' بھی بھیجی ہے تو اتنا تو ان کا مجھ پہ حق بنتا ہے، ابھی کل ہی بات ہے، لہذا میں آپ کی وساطت سے کہ ہم مرکزی حکومت کے ساتھ ہیں، اپوزیشن کو ساتھ لے کر چلیں گے اور جو لوگ جمہوریت کا ساتھ دیں گے تو ان کا ساتھ دیں گے اور جو جمہوریت کے دشمن ہیں تو ان کی مخالفت کریں گے، یہی ہمارا مدعا ہے، اسی پہ قائم ہیں اور اسی پہ عمل کرتے رہیں گے۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ ابھی بشیر بلور صاحب، آپ، لیکن اس سے پہلے میں ایک بات کی تھوڑی سی وضاحت کروں۔ کل مورخہ یکم ستمبر 2010 کو جو ایجنڈا یعنی آج کیلئے دیا گیا تھا تو وہ کل لیا جائے گا۔ کل پرائیویٹ ممبرز ڈے ہے تو آپ وہ ساتھ لیتے آئیں، شاید ادھر پڑے ہوں۔

ایک آواز: باقی اجلاس نماز کے بعد کریں۔

جناب سپیکر: نماز کے بعد کوئی اور پروگرام ہے۔ میں نے اس دن آپ کو Invite بھی کیا تھا، نشتر ہال میں میاں صاحب کے بیٹے کا چہلم ہے، اس میں شرکت کریں گے، سب ادھر جائیں گے اور کل۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: وہ بعد میں کہتا ہوں۔ بشیر بلور صاحب! بہت مختصر اور ممبران نے آپ کو جو تجاویز دی ہیں یا حکومت کی طرف سے جو کچھ ہو رہا ہے تو پلیز اس پہ ذرا بات کریں۔

سینئیر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب! میں آپ کا بہت زیادہ شکر گزار ہوں مگر آپ کے علم میں ہے کہ دو دن ہمارے بھائیوں نے باتیں کی ہیں تو پھر تھوڑا تھوڑا مجھے کہنا پڑے گا کہ گورنمنٹ نے کیا کیا ہے اور ہم کیا کر رہے ہیں؟ لوگوں کو یہ تاثر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پھر کل کیلئے چھوڑ دیں۔

سینئیر وزیر (بلدیات): جی؟

جناب سپیکر: کل آپ سٹارٹ لے لیں۔

سینئیر وزیر (بلدیات): میں اس میں سب سے پہلے آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا اور اپنے سارے بھائیوں کا جنہوں نے اس بجٹ میں حصہ لیا ہے تو میں ان کا بھی شکر گزار ہوں اور ہماری یہ اسمبلی ہمیں راہ دکھاتی ہے، یہ ہمارا جرگہ جو ہے تو ہمیں راستہ دکھاتا ہے کہ حکومت اگر کہیں غلط کام کر رہی ہے تو ہمیں سیدھا راستہ دکھاتی ہے۔ ہم ان کے شکر گزار ہیں اور ہر ایک بھائی نے جو بھی بات کی ہے تو وہ ہمارے سر آنکھوں پہ۔ ان کی جتنی بھی تجاویز ہیں تو حکومت انشاء اللہ اس پر عمل کریگی مگر ایک بات یہ عرض کرتا چلوں، میرے بھائی نے کہا کہ مرکزی حکومت سے ضابطہ کار کے مطابق اپنا حصہ لیں اور ان سے صحیح بات کریں، عباسی صاحب نے فرمایا تو میں ان کو یہ عرض کرتا ہوں کہ خدا کے فضل سے اسی حکومت نے این ایف سی ایوارڈ میں دس پرسنٹ مرکزی حکومت سے زیادہ لیا اور اسی حکومت نے لیا ہے۔ میں یہ بھی دعویٰ سے کہتا ہوں کہ اسی حکومت نے ہائیڈل جنریشن پاؤرز کا جو فیصلہ کیا تھا، ایم ایم اے کی حکومت نے نہیں لیے اور اس حکومت نے پہلے سال دس ارب روپے لیے اور اس سال پچیس ارب روپے اسی حکومت نے مرکزی حکومت سے لیے۔ ہم نے اس بجٹ میں ون پرسنٹ Over and above دہشتگردی میں، جو ٹوٹل بجٹ ہے تو اس کا One percent over and above ہماری حکومت نے لیے ہیں۔ ہم آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کرتے ہیں اور خدا کے فضل سے اپنی صوبائی حکومت۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس سال کتنا ملا ہے؟

سینئیر وزیر (بلدیات): جی؟

جناب سپیکر: اس سال کتنے لیے ہیں؟

سینئیر وزیر (بلدیات): اس سال پچیس ارب روپے ملے ہیں۔ ہماری جو قسط دس ارب، سوا ارب روپے رہتی ہے، وہ ملے، دس ارب روپے پہلے سال ملے ہیں اور ایک پرسنٹ جو Over and above budget میں، ٹوٹل بجٹ کا دہشتگردی میں ایک پرسنٹ بھی ہمیں فالتو ملا ہے اور پھر ہمیں یہ کہتے ہیں کہ صوبائی حکومت ڈٹ کر بات کرے؟ ہم نے خدا کے فضل سے ہمیشہ صوبائی خود مختاری کی بات ہے اور آج میں یہ کہتا ہوں کہ اٹھارہویں ترمیم جو پاس ہوئی ہے تو یہ صوبائی خود مختاری کی وجہ سے پاس ہوئی ہے ورنہ اس کو کون پاس کرتا تھا؟ میں یہ ایک اعلان بھی کرنا چاہتا ہوں کہ اٹھارہویں امنڈمنٹ میں ہمیں یہ اختیار دے دیا گیا ہے کہ 2001ء کے بلدیات کے آرڈیننس میں ہم امنڈمنٹ بھی کر سکتے ہیں اور میں اپنے وزیر اعلیٰ صاحب اور حکومت کی طرف سے، میرے بھائیوں کی بڑی مدت سے یہ ڈیمانڈ تھی، دو سال پہلے سے کہ DDAC بحال کیا جائے، میں آج اعلان کرتا ہوں کہ انشاء اللہ ایک مہینے کے اندر اندر ہم DDAC بحال کر دیں گے۔۔۔۔۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: Oh, very good. بشیر بلور صاحب! آپ کی انفارمیشن کیلئے کہ آج لاء منسٹر صاحب نے جو ریزولیوشنز آرڈیننس Extend کرنے کیلئے اسمبلی میں پیش کیے، یہ اسمبلی ملک کی پہلی اسمبلی ہے جس نے $18^{th}$ Amendment پر Practically آج سے شروع کیا۔

سینئیر وزیر (بلدیات): بالکل۔

جناب سپیکر: آج یہ شروعات آپ ہی نے کیے۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: یہ بھی بڑی اچھی بات ہے۔

سینئیر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب! میں یہ عرض کرتا ہوں کہ مفتی کفایت اللہ صاحب نے فرمایا کہ زراعت، ایگریکلچر کو رقم ادا کی جائے، میں ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ زراعت کے بارے میں ہمارے پاس، پی ڈی ایم اے کے بارے میں میرے بھائی نے بات کی ہے، میرے پاس پوری ڈیٹیل ہے اور یہ میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ ابھی تک کسی گورنمنٹ نے بھی اپنے نقصانات کا اندازہ نہیں لگایا اور ہماری گورنمنٹ نے اپنے نقصانات کا اندازہ لگایا ہے کہ ہمیں کتنا نقصان ہوا ہے اور یہ بھی میں آپ کو بتاؤں کہ ہمارے پاس یہ ڈیٹیل بھی موجود ہے، اب ٹائم نہیں ہے کہ میں بتاؤں کہ کون کونسے ڈیپارٹمنٹ میں ہمیں

کتنے روپے اور کتنے پیسے چاہئیں، اس وقت جو ٹوٹل نقصان ہم نے Calculate کیا ہے تو تقریباً دو سو ارب روپے ہمارے صوبے کو چاہئیں Rehabilitation کیلئے، ہمارے جن لوگوں کا نقصان ہوا ہے تو ان کو دینے کیلئے، ہمارے لوگوں کے جو کھیت خراب ہوئے ہیں، زراعت خراب ہوئی ہے تو اس کیلئے ہمیں دو سو ارب روپے چاہئیں۔ اس کیلئے حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے سپیکر صاحب، میں افسوس کے ساتھ کہتا ہوں کہ صرف ایک مہینہ ہوا ہے اور Criticism شروع ہو گئی ہے، پانچ سال کا ابھی رونا رو رہا تھا میرا عباسی صاحب کہ جو زلزلہ آیا تھا اور اس میں بڑے لوگوں نے، سارے پاکستان کے لوگوں نے حمایت کی، پیسے بھیج دیئے، سامان بھیجا اور اس گورنمنٹ پر لوگوں کا اعتماد نہیں ہے، اس وقت صرف پانچ ڈسٹرکٹس میں زلزلہ آیا تھا، سارے پاکستان میں زلزلہ نہیں آیا تھا مگر یہ سیلاب تو پورے پاکستان میں آیا ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> اور وہ دور بھی پرویز مشرف کا دور۔۔۔۔۔

<u>سینیئر وزیر (بلدیات):</u> پرویز مشرف کا دور تھا اور اس وقت جو پیسے آئے تھے تو میں اس کے بارے میں فلور آف دی ہاؤس کہتا ہوں کہ تین ملین پاؤنڈز آئے تھے، برطانوی حکومت نے بھیجے تھے اور وہ جو تین سو ارب روپے ہیں تو وہ کسی دوسری مد میں خرچ کر دیئے گئے اور زلزلہ زدگان کو نہیں ملے تو اس وجہ سے آج لوگ ہمیں پیسے نہیں دے رہیں۔ ہماری حکومت کا، خدا کے فضل سے کوئی ایسا داغ دھبہ میرے دامن پر نہیں ہے۔ (تالیاں) جو اس وقت اس کے ساتھی تھے، ان کے وقت میں یہ پیسے گئے، ہمارے وقت میں خدا کے فضل سے ایسی کوئی بات نہیں ہے اور ہم جو ہیں، صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے، جیسے ہم لڑ سکتے ہیں تو اس وقت یہ بھی لڑ سکتے تھے کہ تین ملین پاؤنڈز کیوں آپ دوسری جگہ خرچ کرتے ہیں اور کیوں زلزلہ زدگان کو نہیں دیتے ہیں؟ سپیکر صاحب، افسوس کی بات یہ ہے کہ ہمیں تو صرف ایک مہینہ ہوا ہے اور میرے بھائی نے بات کی ہے کہ ہم نے منڈا ہائیڈل پاور، منڈا کا جو ہیڈ ورکس ہے، آپ کو میں نے کہا تھا، آج سے تین ہفتے پہلے میں نے آپ کو کہا تھا کہ ہم گئے ہیں جی، وہاں پر بغیر سیکیورٹی کے وزیر اعلیٰ صاحب پہنچے ہیں اور انہوں نے کہا ہے کہ بھئی یہ مجھے تین ہفتوں میں کمپلیٹ چاہیئے اور ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ نے تین ہفتوں میں اس کو کمپلیٹ کیا۔ سپیکر صاحب، دس ارب روپے کی بچت ہوئی اور ہمارے جتنے زمیندار صاحبان ہیں، ان کا جو ایگریکلچرل لینڈ ہے اور تین ہفتوں میں ہم نے اس کو کمپلیٹ کیا۔ (تالیاں) سپیکر صاحب! سی اینڈ ڈبلیو کی بات میں کرتا ہوں۔ چکدرہ پل کی بات میرے انور خان نے کی ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ نے واقعی بڑا کمال کیا ہے اور وہ ٹوٹل اسی طرح بحال ہوا ہے جو پہلے تھا؟

سینیئر وزیر (بلدیات): بہت بڑا کام کیا ہے۔ نہیں، تھوڑا سا کام، کام ہو رہا ہے، کام ہو رہا ہے، انشاء اللہ جو Full بحال ہو جائے گا، Within a weak انشاء اللہ بحال ہو جائے گا۔

جناب سپیکر: یہ بہت بڑی بات ہے، Appreciate کرنا چاہیئے۔

سینیئر وزیر (بلدیات): میرے بھائی نے بات کی ہے جی کہ ہمیں بہت دور سے مال لانا پڑتا ہے، باجوڑ ایجنسی سے جانا پڑتا ہے، انور خان نے کہا کہ ہمیں بڑی تکلیف ہے، میں فلور آف دی ہاؤس کہتا ہوں کہ انشاء اللہ عید سے پہلے سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ نے وعدہ کیا ہے کہ چکدرہ کا مین پل بھی کھل جائے گا اور آمد و رفت جو ہے، وہ بڑی گاڑیوں کیلئے بھی استعمال کیا جا سکے گا۔۔۔۔۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: عید سے پہلے؟

سینیئر وزیر (بلدیات) عید سے پہلے انشاء اللہ۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: ابھی تو تھوڑا ان کے آلو اور پیاز اگر آرہے ہیں تو ان کو۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): ان سے بھی بات کر لیں گے مگر یہ ہے کہ انشاء اللہ عید سے پہلے، عید کو ہفتہ رہتا ہے اور انشاء اللہ اس سے پہلے یہ کمپلیٹ ہو جائے گا۔ سپیکر صاحب، میں یہ دعویٰ سے کہتا ہوں کہ ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب تقریباً ہر جگہ پہنچے ہیں، ہر ڈسٹرکٹ میں کہ جہاں زلزلہ آیا ہے تو میں آپ کو ڈسٹرکٹس کے نام بھی بتا دوں کہ ہم نے وہاں پہ ڈیرہ اسماعیل خان۔۔۔۔۔

(شور)

مفتی کفایت اللہ: زلزلہ نہیں آیا، سیلاب آیا ہے۔

سینیئر وزیر (بلدیات): سیلاب کا میں کہہ رہا ہوں کہ ہم کہاں کہاں گئے ہیں، میں وہ آپ کو بتانا چاہتا ہوں۔

(شور)

مفتی کفایت اللہ: تو آپ نے زلزلے کا کہا، زلزلہ نہیں، سیلاب آیا ہے۔

سینئیر وزیر(بلدیات): اچھا I am sorry، کوئی ایسی بات نہیں ہے، آپ اتنی اتنی باتیں اگر پکڑتے ہیں تو پھر مشکل ہو جائے گی۔ سپیکر صاحب، دو دفعہ ہم ڈیرہ اسماعیل خان گئے۔ چیف منسٹر صاحب پشاور گئے ہیں، چارسدہ گئے ہیں، نوشہرہ گئے ہیں، مردان گئے ہیں، اپر دیر گئے ہیں، شانگلہ گئے ہیں اور کالام جب ہم گئے تو سپیکر صاحب، وہاں پر ان کو تکلیف یہ تھی کہ وہاں پر ہیلی کاپٹر کی وجہ سے سامان نہیں پہنچ رہا تھا اور وہ اس وجہ سے صحیح نہیں پہنچ رہا تھا کہ Weather بہت خراب تھا تو اسی وقت وزیر اعلیٰ صاحب نے آرڈر کیا اور دو چار ہیلی کاپٹر اسی دن جس دن ہم وہاں پہنچے تو چار ہیلی کاپٹر بھی ہم نے اسی وقت پہنچوائے اور وہاں پر سامان پہنچوایا۔ ہمارے مفتی صاحب نے فرمایا کہ فوج کیا کر رہی ہے؟ فوج کے ہیلی کاپٹرز کیا کر رہے ہیں؟ ہمارے جو دس ہزار سیاح یہاں تھے تو ان کو ہم نے ناران، کاغان اور کالام سے نکال کر فوج کے ہیلی کاپٹرز ہی لے کر آئے ہیں۔ سپیکر صاحب، ہم جو سامان پھینکوا رہے ہیں تو وہ فوج کے ہیلی کاپٹرز ہی پھینک رہے ہیں۔ فوج جو کام کر رہی ہے، یہ نہیں ہے کہ کوئی احسان کر رہی ہے، فوج کی ذمہ داری ہے کہ وہ یہ کام کرے مگر ایک آدمی کام بھی کرے اور آپ اس کو کہیں کہ نہیں کر رہے تو پھر اور دلبرداشتہ ہوتے ہیں، ہمیں چاہیئے کہ ہم ان کی مدد کریں کہ انہوں نے کام کیا اور ان کو اور بھی ہمت سے کام کرنا چاہیئے۔ ان کے پاس چھ لاکھ آرگنائزڈ لوگ ہیں، ہماری گورنمنٹ کے پاس اتنے آرگنائزڈ لوگ نہیں ہیں کہ جو ہماری ان جگہوں پر کام کر سکیں۔ سپیکر صاحب، میں یہ عرض کروں کہ یہ بھی ایک بات ہے، خدا کا بھی حکم ہے کہ جو قوم اپنی حالت خود نہیں بدلتی، خدا بھی ان کی حالت، خدا فرماتا ہے کہ جو قوم اپنی حالت خود نہیں بدلتی، میں بھی نہیں بدلتا، ہمیں اپنے پاؤں پہ کھڑا ہونا پڑیگا۔ سپیکر صاحب، جس وقت زلزلہ آیا، پوچھتا ہوں کہ اس وقت اے ڈی پی کے کتنے پیسے نکالے گئے؟ ہماری کیبنٹ نے تقریباً بیس ارب روپے جو اے ڈی پی کی نئی سکیموں کیلئے تھے، ہم نے تقریباً سترہ بلین روپے نکال کر اپنے سیلاب زدگان کیلئے رکھے۔ سچی بات ہے کہ ہم سے غلطیاں بھی ہوئی ہونگی، کمزوریاں بھی ہوئی ہونگی کیونکہ Unexpected ایک سیلاب تھا جس کے بارے میں میرے خیال میں عبدالاکبر خان نے تفصیل سے بات کی ہے، جیسا کہ ایریگیشن منسٹر نے کہا کہ یہ ایک ایسا تندر تھا جو ہمیں، مجبوری سے ایسے حالات میں جو کہ ہم تیار بھی نہیں تھے، ہمیں بالکل یہ اطلاع تھی کہ سیلاب آئے گا اور میں یہ بھی کہتا ہوں کہ جن جن اضلاع میں ہمیں اطلاع تھی تو ان اضلاع میں ہم نے دو دو ہزار خیمے پہلے ہی بھیجوا دیئے تھے، وہاں پہ ڈی سی اوز کو ہم نے پہلے ہی پیسے بھیجوا دیئے تھے۔ جس وقت سیلاب آیا تو اس دن ہم نے ان کو کہا کہ جتنے پیسے خرچ ہوتے ہیں، آپ خرچ کریں۔ یہاں یہ بھی

کہا گیا کہ گیارہ ہزار روپے کی چاول کی دیگ گئی ہے، میں فلور آف دی ہاؤس یہ کہتا ہوں کہ ہمارے لیڈر آف اپوزیشن نے پریس کانفرنس میں کہا تھا کہ آٹھ ہزار کی چاولوں کی دیگ بنی ہے، میں نے پشاور میں اس وقت بھی ڈی او آر سے پوچھا اور میں نے کہا کہ کتنی کی بنائی ہے تو اس نے کہا کہ تینتیس سو روپے کی ہم نے بنائی ہے اور وہ خرچہ جو کرایہ ہے تو وہ بھی مالک دیگا، ہم نہیں دیں گے، تو خدا کیلئے وہ بات نہ کریں جو کنفرم نہ ہو، گیارہ ہزار اور تین ہزار میں کتنا فرق ہے؟ سپیکر صاحب، یہ گورنمنٹ سوئی ہوئی نہیں ہے کہ یہ ہمیں راستے بتاتے ہیں۔ ٹھیک ہے، ہم ان کا احترام کرتے ہیں مگر وہ بات کریں جس بات میں، یہاں ہمارے ایک ایم پی اے نصیر محمد خان صاحب نے فرمایا کہ عذاب آ جائے گا، اگر ہمیں Confidence میں نہ لیا گیا، وزیر اعلیٰ صاحب نے اس دن کیبنٹ میں سب بھائیوں کے سامنے کہا کہ انہوں نے ایک نوٹیفیکیشن ایشو کیا ہے کہ جہاں بھی گھروں کا سروے ہوگا تو ہر ایم پی اے، چاہے اپوزیشن کا ہوگا یا گورنمنٹ کا تو ان کا نمائندہ، ایک استاد اور ایک ریونیو کا بندہ ساتھ ہوگا اور اس کے Estimates بنائے جائیں گے، ان کو دیں گے پیسے۔ اب کہا جا رہا ہے کہ جلدی دیں، عید سے پہلے دیں تو سپیکر صاحب، ایسے ہم پیسے دیں تو پھر یہ ہوگا کہ یہ سارے پیسے غلط چلے گئے ہیں۔ ہم کہتے ہیں اس کو کہ اچھی طرح پیسے، جو پیسے بھی ہم دیں، اس کو کلیئر Crystal کی طرح لوگوں کو دیں کہ کل پھر کوئی، خدا کے فضل سے ہم نے آئی ڈی پیز کو جس طرح۔۔۔۔۔

(شور)

<u>سینیئر وزیر (بلدیات)</u>: ہم نے آئی ڈی پیز، جو پچیس چھبیس لاکھ آئی ڈی پیز آئے تھے تو ان کو ہم نے واپس بھجوایا۔ جو اختلاف ہے، بیرونی ممالک کا جو اختلاف ہے یا لوگوں کا اختلاف ہے تو وہ پرانی حکومت سے ہے کہ جس نے زلزلے کے پیسے اٹھا کر دوسری مدوں میں خرچ کئے۔

<u>جناب سپیکر</u>: یہ Payment جو ہے، یہ سیلاب زدگان کو سمارٹ کارڈ پہ کریں گے؟

<u>سینیئر وزیر (بلدیات)</u>: بالکل، بالکل انشاء اللہ سمارٹ کارڈ پہ کریں گے۔

<u>جناب سپیکر</u>: وہ 'ٹرانسپیرنٹ' ہے اگر اس پہ ہو رہا ہے تو۔۔۔۔۔

<u>سینیئر وزیر (بلدیات)</u>: کارڈ پہ ہی دیں گے، یہ نہیں ہے کہ پٹواری جا کر پانچ ہزار روپے دے اور بیس ہزار پر دستخط کرائے۔ یہ بھی میں آپ کو بتاؤں، اخباروں میں آیا ہے کہ جی پانچ ہزار روپیہ دیں گے، نہیں، ہماری گورنمنٹ بیس ہزار روپیہ دے گی Per House۔ ہمارے پاس جو ڈیٹیل آئی ہے تو تقریباً دو لاکھ

بیس ہزار گھر Damage ہوئے ہیں اور دو لاکھ بیس ہزار گھروں میں ہم نے کوشش کی ہے کہ ان کو زیادہ پیسے دیں۔ فیڈرل گورنمنٹ نے کہا ہے کہ چونکہ سارے پاکستان میں سیلاب آیا ہے، ہم چاہتے ہیں کہ Uniformity ہو تو ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے، انہوں نے کہا کہ جی آدھے پیسے آپ دیں گے اور آدھے پیسے ہم دیں گے، تو فیڈرل گورنمنٹ نے، میں فلور آف دی ہاؤس کہتا ہوں کہ ہمیں صرف دس کروڑ روپے دو ڈسٹرکٹس میں دیئے ہیں اور ہمیں ایک پیسہ بھی نہیں دیا ہے مگر ہماری اپنی گورنمنٹ نے فیصلہ کیا ہے کہ ہم بیس ہزار روپے ہر گھر کو اپنے فنڈ سے دیں گے جو تقریباً چار ارب چالیس کروڑ بنتے ہیں، وہ اب ہم خود دیں گے اور ہمیں جس وقت یہ ٹرانسپرنسی کارڈ، پتہ چل جائے کہ یہ لوگ حقدار ہیں تو انشاء اللہ ان کو ہم دیں گے۔ یہ بھی فیصلہ ساتھ ہوا ہے کہ جو کہتے ہیں کہ لوگ شہید ہوئے ہیں، شہداء کیلئے بھی پیسے دینے شروع ہو گئے ہیں اور آپ ایک مہینے کے اندر، شانگلہ میں پرسوں ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب گئے تھے، میرے خیال میں سب سے زیادہ Deaths شانگلہ میں ہی ہوئی تھیں اور وہاں دو سو لوگوں کو، شہیدوں (کے لواحقین) کو انہوں نے تین تین لاکھ روپے دیئے حالانکہ پہلے ڈیزاسٹر میں ایک ایک لاکھ روپیہ ہوتا تھا جبکہ ہماری حکومت نے ڈیزاسٹر میں اس کو تین لاکھ روپے کئے، یہ بھی کوئی Appreciate کرنے کی بات ہونی چاہیئے۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: یہ بھی اچھی بات ہے لیکن جہاں پہ آپ لوگ خود نہیں پہنچ سکتے تو ادھر متعلقہ ایم پی اے صاحب جو ہیں، وہ۔۔۔۔۔

<u>سینیئر وزیر (بلدیات)</u>: اس بارے میں مجھے اجازت دیں، میں عرض کرتا ہوں۔ کیبنٹ نے یہ بھی فیصلہ کیا ہے کہ وزیر اعلیٰ صاحب کوشش کریں گے کہ خود جائیں گے اور اگر وہ جہاں پہ نہ پہنچ سکیں تو لوکل ایم پی اے اور لوکل منسٹر دونوں جا کر لوگوں کو چیکس دیں گے، جن لوگوں کی Deaths ہوئی ہیں اور پیسے ہم نے ڈی سی اوز کو بھجوا دیئے ہیں۔ مہربانی کر کے ادھر علاقے میں جہاں پہ پرابلم ہے تو وہاں پہ ایم پی اے یا ایس ڈی او، منسٹر صاحب اپنے علاقے سے Contact کریگا اور کوئی پرابلم ہو تو سر آنکھوں پر، ہمیں بتائیں، انشاء اللہ ہم مکمل طور پر اس کا تحفظ کریں گے۔ سپیکر صاحب، ہماری جو پاپولیشن Damage ہوئی ہے تو تقریباً اڑتیس لاکھ، بیس ہزار ایک سو ستر لوگ جو ہیں، ان کی پرابلمز ہیں جو بے گھر ہوئے ہیں، جن کو تکلیف ہوئی ہے۔ Affected houses تقریباً پانچ لاکھ، پینتالیس ہزار ہیں، تقریباً ہم نے جو پیسے ریلیز

کئے ہیں تو کہا جاتا ہے جی کہ ایک پیسہ بھی نہیں دیا، پیسے نہیں پہنچے لوگوں کو، سپیکر صاحب، ایبٹ آباد کیلئے ہم نے اسی لاکھ روپے دیئے ہیں، بنوں کیلئے دو دفعہ دیئے ہیں، ایک دفعہ اکتالیس لاکھ، ایک دفعہ دس لاکھ، بٹگرام کیلئے ہم نے دیئے ایک کروڑ تیس لاکھ، بونیر کیلئے ہم نے دیئے باسٹھ لاکھ نوے ہزار، چارسدہ کیلئے دیئے آٹھ کروڑ ستر لاکھ، چترال کیلئے ہم نے دیئے ایک کروڑ روپے، کمشنر کوہاٹ کو دیئے ہیں پندرہ لاکھ روپے، کمشنر مردان کو ہم نے دیئے ہیں تقریباً چھ کروڑ بیس لاکھ روپے، ڈی آئی خان کو ایک کروڑ بارہ لاکھ، دیر لوئر کو اٹھانوے لاکھ اور دیر اپر کو دو کروڑ اٹھارہ لاکھ۔ ای ڈی او ہیلتھ ڈی آئی خان نے کہا کہ میرے پاس پیسے نہیں ہیں، پانچ لاکھ، ای ڈی او ہیلتھ پشاور نے کہا پیسے نہیں ہیں، دس لاکھ، ہنگو کو سترہ لاکھ، ہری پور کو پندرہ لاکھ، کرک کو پچانوے لاکھ، کوہاٹ کو چالیس لاکھ۔ کوہاٹ کے آئی ڈی پیز، ہم نے یہ بھی ڈی سی اوز کو کہا کہ جہاں پر اگر آئی ڈی پیز کے پیسے آپ کے پاس پڑے ہیں یا آئی ڈی پیز کا سامان پڑا ہوا ہے تو وہ بھی ان فلڈ ریلیف کیلئے استعمال کریں، گورنمنٹ کی طرف سے آپ کو مکمل اجازت ہے۔ سپیکر صاحب، ہم نے لکی مروت کو بیس لاکھ ایک دفعہ اور دس لاکھ دوسری دفعہ، ملاکنڈ میں پچپن لاکھ نوے ہزار، مانسہرہ میں پندرہ لاکھ دس ہزار، ایک کروڑ اکیاون لاکھ مانسہرہ میں، نوشہرہ میں سات کروڑ ترپن لاکھ اور پشاور کو دو کروڑ انیس لاکھ۔ ملیریا والوں کیلئے پرائم منسٹر فنڈ میں دس لاکھ روپے اور ہم نے لوگوں کو جو کھانا پکا کر دیا یا جو کھانا ہم نے پیکٹ بنا کر لوگوں کو دیا، پی ڈی ایم اے نے تو وہ پینتیس کروڑ تہتر لاکھ روپے کا وہ ہم نے ان کو دیا اور سپیکر صاحب، شانگلہ کو چھ کروڑ چوبیس لاکھ، صوابی کو انتیس لاکھ اور سوات کو سپیکر صاحب تیئس کروڑ ستر لاکھ روپے صرف سوات کو دیئے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: شانگلہ کو کتنے دیئے؟

<u>سینئر وزیر (بلدیات)</u>: چھ کروڑ چوبیس لاکھ۔

<u>جناب سپیکر</u>: چھ کروڑ۔

<u>سینئر وزیر (بلدیات)</u>: چھ کروڑ چوبیس لاکھ۔ یہ میرے پاس ریکارڈ ہے، میں دے دونگا ان کو اگر ان کو ضرورت ہو۔

<u>جناب سپیکر</u>: Good، نہیں، نہیں، اچھی خبر ہے۔

<u>سینئر وزیر (بلدیات)</u>: صوابی کو انتیس لاکھ، سوات کو تیئس کروڑ۔ یہ سوات کو جب پرائم منسٹر صاحب تشریف لائے تھے اور وہاں پر جب وہ بریفنگ دے رہے تھے تو فوجی کرنل صاحب نے کہا کہ ہم صوبائی

حکومت کے شکر گزار ہیں کہ جس وقت سیلاب آیا تو ہمیں بیس کروڑ بھجوایا، پانچ کروڑ ڈی سی او کے پاس تھا اور پندرہ کروڑ ہمیں ملا اور ہم نے سڑکیں بنانا شروع کیں۔ ہم نے وہاں کام شروع کئے اور آج میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ انشاء اللہ بحرین تک ہماری جو سڑک ہے تو وہ تقریباً عید تک وہاں پہنچ جائیگی۔ کالام اور بحرین کا پرابلم ہے، تکلیف اس میں صرف یہ ہے کہ وہاں پر راستہ نہیں ہے کہ ہم مشینری بھیج سکیں اور وہاں بھی وزیراعلیٰ صاحب جب گئے تھے تو ہم نے وہاں قوم کو کہا کہ آپ کام کریں، ہم نے وہاں پانچ لاکھ روپے ایک قوم کو دیئے، دو لاکھ دوسری قوم والوں کے لوگوں کو دیئے کہ آپ کام کریں اور آگے آہستہ آہستہ بڑھیں تاکہ ہم کالام اور بحرین کا روڈ بھی سنبھال لیں اور کھانے کا، میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ اگر خدا غلط نہ کرائے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: یہ اپنی مدد آپ والا سسٹم اگر ادھر قومی لحاظ سے آپ چلائیں تو مشینری کے پہنچنے سے پہلے یہ ہو جائے گا۔

<u>سینیئر وزیر (بلدیات)</u>: بالکل جی۔ تو ہم نے ٹانک کو بھی ایک کروڑ، اکیس لاکھ روپے دیئے۔ سپیکر صاحب، میرے ایک بھائی نے یہاں کھڑے ہو کر کہا کہ خدا عذاب لائے گا اور خدا، آپ لوگوں نے اگر ہم سے کوآپریشن نہ کی، ہمیں نہ بتایا تو اور عذاب آئیں گے، سپیکر صاحب، جب وہ فرما رہے تھے تو اسی وقت مجھے ڈی سی او لکی سے فون آیا، نصیر احمد خان صاحب کے کزن، نثار ایڈوکیٹ، اب وہ خود موجود نہیں ہیں، نثار ایڈوکیٹ اور اپنے پی اے کو بھجوایا جس کو سامان حوالہ کیا گیا جو سرکاری گاڑیوں میں لے جا کر انہوں نے حلقے میں تقسیم کیا۔ یہاں ان کی تقریر آپ کو یاد ہو گی کہ ہمیں کسی نے Confidence میں نہیں لیا، سپیکر صاحب، افسوس یہ ہے کہ۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: یہ نصیر محمد خان صاحب کے حلقے میں؟

<u>سینیئر وزیر (بلدیات)</u>: نصیر احمد خان مروت صاحب، انہوں نے یہاں پر کہا ہے کہ مجھے انہوں نے Confidence میں نہیں لیا، اگر ہمیں Confidence میں نہ لیا گیا تو یہ ہو جائے گا، وہ ہو جائے گا، تو یہ ہمارے مروت صاحب بیٹھے ہیں، یہ منور خان، ان سے پوچھیں کہ سب کو ہم نے سامان بانٹا اور ڈی سی او نے بلا کر ان کے کزن کو سامان دیا ہے، ان کے پی اے نے سامان بانٹا ہے اور پھر کہتے ہیں کہ ہمیں نہیں ملا؟ جیسا کہ میرے بھائی نے کہا کہ ہم لوگ ایسے ہیں، اب غریب آدمی تو خیر ہے، اب ہمارے ایم پی اے صاحب بھی فلور آف دی ہاؤس غلط بات کریں تو ہم اس کا کیا کر سکتے ہیں؟ سپیکر صاحب، میں آپ کو کہوں

کہ آپ نے ٹینٹس، ٹینٹوں کی بات پہ لوگوں کو بڑی تکلیف ہے، ہم نے تقریباً ستاسی ہزار ٹینٹس لوگوں کو دیئے ہیں اور ہمارا فیصلہ ہے کہ ہمارے جو راستے میں ٹینٹ ہیں، ہم ایک لاکھ پانچ ہزار ٹینٹ جو ہیں، وہ انشاء اللہ پورے کریں گے۔ سپیکر صاحب، ہمارے چارسدہ میں پانی کھڑا ہے اور پانی کو نکالنے کیلئے ہمارے پاس کوئی انتظام نہیں ہے تو اس کیلئے ہمیں کراچی سے ایک ڈونر نے ایک مشین بھجوائی ہے، وہ انشاء اللہ آج یا کل تک پہنچ جائیگی جو دس ہزار گیلن پانی ایک گھنٹے میں Suck کریگی۔ سپیکر صاحب، ہماری کوشش ہے اور حکومت ایسی نہیں بیٹھی ہوئی ہے جیسے کہ کسی کا خیال ہو۔ سپیکر صاحب، میں آپ سے یہ بھی عرض کروں کہ میرے پاس یہ پورا وہ ہے، میں ڈیٹیل بتاؤں تو ٹائم لگے گا، میں آپ کا ٹائم ضائع نہیں کرنا چاہتا، ہم نے ایک ایک پیسے کا حساب کرکے پورا وہ کر لیا ہے کہ ہم کیسے وہ کریں گے اور میرے بھائی نے کہا ہے کہ Contempt of Court نہ ہو اور Stay order ہے، میں Contempt of court کرتا ہوں، میں چیف جسٹس کو کہتا ہوں کہ خدا کیلئے منڈا ڈیم کے کیس کا فیصلہ کریں۔ (تالیاں) بے شک Contempt ہو، میں کرنے کیلئے تیار ہوں اور ہمارا صوبہ غرق نہ ہو، ہمارے بچوں کی زندگی تباہ نہ ہو اور سپریم کورٹ کا جو چیف جسٹس صاحب بیٹھا ہے، سوموٹو ایکشن لیتا ہے تو ہماری اس بات کا سوموٹو ایکشن کیوں نہیں لیتا؟ میں پریس والوں سے درخواست کرتا ہوں کہ لکھیں کہ آپ تو سوموٹو ایکشن عام لوگوں کیلئے لیتے ہیں اور اتنے بڑے پراجیکٹ کیلئے سوموٹو ایکشن کیوں نہیں لیتے اور پوچھو اس جج صاحب سے کہ یہ Stay order دو سال سے کیوں تم نے روکا ہوا ہے؟ سپیکر صاحب! بات یہ ہے کہ ہم تو خدا کے فضل سے ہر چیز کرنے کیلئے تیار ہیں۔ اب میرے بھائیوں نے یہ باتیں کیں، ہر ایک کا میں نے نوٹ کیا ہوا ہے، اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں ساری باتیں ان کو بتاؤں کہ ہم نے کیا کیا، کیا ہے؟ سپیکر صاحب! اسمبلی کا اجلاس تھا، اجلاس ہو رہا تھا، انہوں نے اجلاس ختم کر دیا، سپیکر صاحب کیا کرتے، اجلاس ختم نہ کرتے؟ ایم پی ایز صاحبان کو تو ہم نے یہ موقع دیا کہ آپ علاقے میں جائیں، آپ علاقے میں دیکھیں اور جو تکلیف ہے تو ہمیں بتائیں۔ منسٹرز صاحبان کو موقع ملا ہے کہ جائیں اور آپ علاقے میں جا کر پھریں، اگر کوئی پرابلم ہو تو بتائیں، تو اس کے بعد بھی ہمارے لیڈر آف دی اپوزیشن نے کہا کہ جی اجلاس برخاست کر دیا؟ ہم نے اس وقت اجلاس بلایا، جب ہم نے دیکھا کہ ہم خدا کے فضل سے اپنے علاقے کیلئے کچھ کر سکتے ہیں اور ہم نے کچھ کیا ہے تو تب ہم آپ کے سامنے اجلاس میں آئے ہیں۔ یہ ہمارے جو اجلاس بلائے جاتے ہیں، میں اس کی بھی آپ سے درخواست کرتا ہوں، کہا گیا ہے جی کہ کشتیاں اگر یہ لے لیتے کرایہ پہ تو ڈیرہ اسماعیل خان میں

بھی کشتیاں تھیں، تربیلہ میں بھی کشتیاں تھیں، سپیکر صاحب، میں نے تربیلہ ٹیلیفون کیاتوانہوں نے کہا کہ ہمارے پاس کوئی کشتی نہیں ہے۔یہاں(ق)لیگ کے ہمارے لودھی صاحب نے کہا تھا کہ کشتیاں وہاں سے آپ لیں اورانہوں نے کہاکہ ہمارے پاس کشتیاں نہیں ہیں۔ ہم نے فوج سے ریکویسٹ کی تو فوج نے ہمیں چالیس کشتیاں دیں۔ لوگ کہتے ہیں جی وہ کرایہ پہ لے لیں، ہم نے ڈی سی او کو کہاکہ کرایہ پہ بھی لیں مگر وہ پانی اتناتیز تھا کہ اس میں چھوٹی کشتیاں کام نہیں کر سکتی تھیں۔ ہم نے پچیس کشتیاںBy airکراچی سے منگواکر یہاں پر دیں اوراس پر بھی ہم پہ اعتراض کیاگیاکہ نئی کشتیاں خریدنے کی کیاضرورت تھی؟اس میں بھی کوئی کمیشن لی ہوگی تو پھر جن لوگوں نے ہم سے پہلے پچاس کشتیاں خریدی تھیں،انہوں نے بھی کتنی کمیشن لی ہوگی؟ ہم قوم کیلئے کام نہیں کریں گے ؟میں کہتا ہوں کہ اگر کمیشن کاایک پیسہ بھی ثابت ہو جائے تو بے شک ہماری ساری کیبنٹ کو چوک یادگار میں پھانسی دی جائے۔ خدا کے فضل سے ہمارے، کوئی ایسادھبہ میرے دامن پر نہیں ہے خدا کے فضل سے۔ سپیکر صاحب!زمینیں تباہ ہو گئی ہیں، میں نے منڈا ڈیم کی بات کی ہے انشاء اللہ، کوہستان کے میرے بھائی نے کہا جی کہ کوہستان کے راستے بند ہیں۔۔۔۔۔

(شور)

مفتی کفایت اللہ: کورم ٹوٹ چکا ہے جی،آپ گنتی کرلیں۔

سینیئر وزیر(بلدیات): جی څه وائی ؟

جناب شاہ حسین خان: وائی، کورم مات شو، کورم۔

سینیئر وزیر(بلدیات): نہ بس خیر ہے، میں آپ کازیادہ ٹائم نہیں لیتا،آپ کی نماز پانچ بجے تک ہوتی ہے، ساڑھے پانچ بجے تک ہوتی ہے۔

مفتی کفایت اللہ: ہماری نماز جارہی ہے،جناب سپیکر۔

سینیئر وزیر(بلدیات): ساڑھے پانچ تک نماز ہوتی ہے۔ مفتی صاحب!ذرادل تھام کے بیٹھیں نا، ہم نے آپ کی سنی ہے توذراہماری بھی سنیں نا،ذرادل تھام کے بیٹھیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: کورم پوائنٹ آؤٹ کررہے ہیں۔

سینیئر وزیر(بلدیات): تھوڑاساسچ بھی سنیں نا، تھوڑاساسچ بھی سنیں نا۔

جناب سپیکر:ابھی کورم، کورم۔۔۔۔۔

Senior Minister (Local Government): Within ten minutes.

جناب سپیکر: نہیں، انہوں نے کورم پوائنٹ آؤٹ کر دیا ہے تو۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): نہیں، انہوں نے میرے سامنے وعدہ کیا تھا کہ کورم پر ہم کوئی بات نہیں کریں گے، کسی نے بھی نہیں کیا۔ کورم۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: میں ان کو آئینی آئینہ دکھا رہا ہوں۔

سینیئر وزیر (بلدیات): نہیں، آئین کی بات نہیں، آپ نے مسلمان ہو کر، روزہ رکھ کر میرے ساتھ وعدہ کیا تھا کہ میں کورم کی بات نہیں کروں گا۔

Mr. Speaker: (Laughter) Countdown.

سینیئر وزیر (بلدیات): اور کورم بھی پورا ہے، ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ دس منٹ میں لیتا ہوں، پھر کل تک چھوڑیں گے تو ہمارا دوسرا ایجنڈا رہ جائے گا۔ بس میں پانچ منٹ میں ختم کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: نہیں ابھی، اصل میں جب کورم پوائنٹ آؤٹ ہو جاتا ہے نا، پھر آگے Proceeding نہیں ہو سکتی۔

سینیئر وزیر (بلدیات): نہیں جی، ٹھیک ہے پھر بھی پورا ہے، کورم پورا ہے، کم نہیں ہے جی۔

Mr. Speaker: Countdown please.

سینیئر وزیر (بلدیات): پھر آپ کاؤنٹ کریں جی۔

جناب سپیکر: Forty eight، نہیں Twenty eight۔

سینیئر وزیر (بلدیات): پورا ہے، پورا ہے جی، پورا ہے۔

جناب سپیکر: ہاں، چلیں بس۔

مفتی کفایت اللہ: پورا نہیں ہے جی۔

سینیئر وزیر (بلدیات): اب مولانا مفتی صاحب سچ نہیں سننا چاہتا تو میں کیا کر سکتا ہوں۔

جناب سپیکر: چلیں، بس اتنا کافی ہے آج۔ بشیر بلور۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب! اگر پانچ منٹ مجھے اجازت دیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: کل تھوڑی سی اور بھی ایڈیشن کے ساتھ اچھی پیاری پیاری باتوں کے ساتھ آپ کو سنیں گے۔

The sitting is adjourned till 10:00 am of Tomorrow morning.

---

(اسمبلی کا اجلاس بروز جمعہ مورخہ 3 ستمبر 2010ء صبح دس بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)